وَكَأْسٍ قَدْ شَرِبْنَا فِیْ وِهَادٍ وَاُخْرٰی نَشْرَبَنْ فَوْقَ الْقِنَانِ

وَهٰذَا كُلُّهٗ مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ مَلَاذِیْ عَاصِمِیْ مِمَّنْ جَفَانِیْ

اَرٰی اَشْجَارَ رَحْمَتِهٖ عِظَامًا مُفَرِّحَةً كَزَرْعِ الزَّعْفَرَانِ

اور ہم پھر کی کی طرح اپنے عاجزانہ سر کو گردش دے رہے ہیں — اور صولجان کی بازی گاہ سے ہم دست بردار ہیں

میرے نفس کا گھوڑا لڑائی کے وقت بڑی فراست رکھتا ہے — اور تنگ کو مضبوط کھینچنے سے سمجھ جاتا ہے کہ مطلب کیا ہے

بڑا حملہ آور ہے جو برق کی طرح اترتا ہے — اور دو منٹ کی بھی توقف نہیں کرتا

اور ہم عنقریب اپنے بادشاہ سے پاداش پائیں گے — اور اس سپاہیانہ خدمت کا اجر ہم کو دیا جائے گا

کئی پیالے تو ہم نے نشیب میں پیئے — اور کئی اور ہیں جو پہاڑوں کی چوٹیوں پر پئیں گے

اور یہ سب میرے رب کا فضل ہے — جو میری پناہ ہے اور ظالم سے مجھے بچانے والا ہے

اس کی رحمت کے درختوں کو میں بڑے بڑے دیکھتا ہوں — خوش کرنے والے جیسے زعفران کا کھیت ہوتا ہے

Like a spinning top, my head tilts down constantly out of humility;
And I have forsaken the arena of magicians and conjurers.

The galloping steed of my soul is swift in battle,
And it understands my intent with but a pull of the reins.

It charges again and again into battle and descends like lightning,
And it never rests, not even for a minute or two.

Our Master shall soon requite us,
And we shall receive from Him the reward of soldiers.

We drank from cups in the lowest valleys;
And others we shall drink atop the highest mountains.

All this is by the grace of my Lord,
Who is my refuge, who saves me from those who cast me out.

I am witness to enormous trees of His mercy,
Which are pleasing, like fields of saffron.

وَقَوْمِیْ کَفَّرُوْنِیْ مِنْ عِنَادٍ وَالْحَادٍ وَتَحْرِیْفِ الْبَیَانِ

فَیَا لَعَّانِ لَا تَهْلِكْ عَجُوْلًا وَلَا تَهْجُرْ فَتَرْجِعَ کَالْمُهَانِ

وَوَشْكُ الْبَیْنِ صَعْبٌ عِنْدَ حُرٍّ وَاِنَّ الْحُرَّ کَالْحَانِیْ یُقَانِیْ

وَلَا تَعْجَبْ لِقَوْلِیْ وَادِّعَائِیْ وَقَدْ عُلِّمْتُ مِنْ اَخْفَی الْمَعَانِیْ

وَلِلرَّحْمٰنِ فِیْ کَلِمٍ رُمُوْزٌ وَکَمْ قَوْلٍ اَسَرَّ کَمِثْلِ کَانِیْ

وَکَمْ کَلِمٍ مُهَفْهَفَةٌ دِقَاقٌ هَضِیْمَ الْکَشْحِ کَالْغِیْدِ الْحِسَانِ

فَیَدْرِی الضَّامِرَاتِ ذَوُوالضُّمُوْرِ وَلَا یَدْرِیْ سَفِیْهٌ کَالسِّمَانِ

اور میری قوم نے مجھے عناد سے کافر ٹھہرایا اور الحاد اور تحریف سے کافر بنانے میں کوشش کی

پس اے لعنت کرنے والے میرے ، جلدی ہلاک مت ہو اور مسلمان کو اپنے گروہ سے جدا نہ کر کہ اس میں تیری رسوائی ہے

اور جلد جدا ہو جانا شریف آدمی کے نزدیک ایک سخت بات ہے اور شریف آدمی ایک مشفق مہربان کی طرح ملتا ہے

اور میرے قول اور میرے دعویٰ سے تعجب مت کر اور مجھے بہت پوشیدہ معنے بتلائے گئے ہیں

اور خدا تعالیٰ اپنے کلمات میں کئی بھید رکھتا ہے اور کئی قول اس کے ایسے ہیں جیسے کوئی اشارہ کنایہ سے باتیں کرتا ہے

اور بہت سے کلمے نازک اور باریک ہیں بہت نازک جیسے نازک اندام اور خوبصورت عورتیں ہوتی ہیں

پس باریک باتوں کو وہ لوگ سمجھتے ہیں جو مرتاض اور دقیق الفکر ہیں اور ان باتوں کو وہ شخص نہیں جانتا جو موٹی عقل والا موٹی عورتوں کی طرح ہو

Yet out of stubbornness my people call me a disbeliever,
And accuse me of apostasy and distortion.

O ye who curse me! Do not invite destruction due to your hastiness;
Do not talk nonsense that you may become subject to humiliation.

A hasty departure is difficult for a virtuous person;
And a virtuous person greets you like an affectionate friend.

So do not be astonished by my declarations and claims,
For I have been taught many hidden verities.

The Gracious God placed many mysteries in His Holy Word;
And He concealed divine secrets in many statements, like one who speaks by way of allusion.

Many of His words are most subtle and fine,
And delicate, like a slender maiden.

Only the wise and contemplative grasp such subtleties;
But he who is simple-minded, like the gluttonous, cannot comprehend.

فَاِنْ تَبْغِی الدَّقَائِقَ مِثْلَ اِبْرٍ — فَلِجْ فِیْ سَمِّهَا وَدَعِ الْاَمَانِیْ

وَاِنْ تَسْتَطْلِعَنْ أَنْبَاءَ مَوْتٰی — فَمُتْ کَالْمُحْرَقِیْنَ وَکُنْ کَفَانِیْ

وَبَذْلُ الْجُهْدِ قَانُوْنٌ قَدِیْمٌ — مَنٰی لِلطَّالِبِیْنَ قَضَاءُ مَانِیْ

وَاِنِّیْ مُسْلِمٌ وَّالسِّلْمُ دِیْنِیْ — فَلَا تُکْفِرْ وَخَفْ رَبَّ الزَّمَانِ

وَاِنْ اَزْمَعْتَ تَکْفِیْرِیْ وَعَذْلِیْ — فَقُلْ مَا شِئْتَ مِنْ شَوْقِ الْجَنَانِ

وَلَا نَخْشٰی سِهَامَ اللَّاعِنِیْنَا — وَلَا نَغْتَاظُ مِنْ تَکْفِیْرِ خَانِیْ

جَنَحْنَا کَاهِلًا مِّنَّا ذَلُوْلًا — لِاَثْقَالِ الْمَطَاعِنِ وَاللِّعَانِ

پس اگر تو ایسے باریک حقائق چاہتا ہے جیسے سوئیاں — سو تو سوئی کے ناکہ میں داخل ہو جا اور تمام نفسانی جذبات چھوڑ دے

اور اگر تو چاہتا ہے کہ ُمردوں کی خبریں تجھے معلوم ہوں — سو تو ان مردوں کی طرح مر جا جو جلائے گئے اور نابود ہو گئے

اور کوشش کرنا قانون قدیم ہے — جو مقدر حقیقی نے ڈھونڈنے والوں کے لئے بنایا ہے

اور مَیں مسلمان ہوں اور اسلام میرا دین ہے — سوتُو کافر مت ٹھہرا اور خدا تعالیٰ سے خوف کر

اور اگر تو نے یہی قصد کیا ہے کہ مجھے کافر کہے اور ملامت کرے — سو جو تیری مرضی ہو وہ شوق سے کہتا رہ

اور ہم لعنت کرنے والوں کے تیروں سے نہیں ڈرتے — اور ایک بے ہودہ گو کی تکفیر سے ہم غصہ نہیں کرتے

اور ہم نے اپنا ریاضت کش شانہ — طعن اور لعنت کے بوجھوں کے لئے جھکا دیا ہے

So if you aspire to [comprehend] subtleties as fine as needles,
Then pass through the eye of a needle and abandon all personal desires.

If you seek news of those who have passed away,
Then die like those who burned [in the fire of God's love] and become like the dead yourself.

Exerting effort [in God's way] is an eternal law,
Established by Divine Decree for the Seekers.

Verily I am a Muslim and peace is my religion;
So do not call me a disbeliever and fear your Lord.

But if you intend to call me a disbeliever and condemn me,
Then go ahead—say whatever your heart desires.

Neither do I fear the spears of those who curse me,
Nor does the takfir of those who are themselves faithless, anger me.

I have lowered my back that I may endure,
The weight of their curses and taunts.

فَاِنْ شَآءَ الْمُهَيْمِنُ ذُوْجَلَالٍ يُبَرِّءُ رَحْمَةً مِّمَّا تَرَانِیْ

وَفِیْ فَمِیْ لِسَانٌ غَيْرَ اَنِّیْ اُحِبُّ جَوَابَ رَبٍّ مُّسْتَعَانِ

وَاٰخِرُ كَلِمِنَا حَمْدٌ وَّشُكْرٌ
لِرَبٍّ مُّحْسِنٍ ذِی الْاِمْتِنَانِ

پس اگر خدائے بزرگ چاہے گا تو اپنی رحمت سے مجھے ان الزاموں سے بری کر دے گا جو تو مجھ پر لگاتا ہے

اور میرے منہ میں بھی زبان ہے مگر میں چاہتا ہوں کہ خدائے مددگار تجھ کو جواب دے

اور ہمارا آخر کلام حمد اور شکر ہے
اس محسن رب کے لئے جس کے احسان مجھ پر ہیں

If my Protector, who is the Lord of Honour, desires,
He will vindicate me out of His mercy from your allegations.

Although I possess a tongue of my own,
I would rather that my Lord, the Helper, answer you.

My final word is praise for, and gratitude to God,
The Benevolent Lord to whom I am most thankful.

ومن اعتراضات الواشی الضال، الذی ینوم بنعاس الضلال، اعتراضٌ بنٰی علیه عقیدته الباطلة فی کتابه التوزین. وتفصیله أنّه رأی فی القرآن الکریم آیة يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ[1]، فتلقَّفَ لفظَ الروح کالشحیح، وأراد أن یستنبط منه نزول المسیح، بل أن یثبت ألوهیته کالوقیح، فکتَبه مستدلا کالمبطلین الفرحین.

أما الجواب فاعلم أن هذه الآیة لا تفیده أصلًا ولا یثبت منها شیء إلا حمقه وجهله وکونه من السفهاء المستعجلین. ولا یخفی علی الفضلاء الأعلام أن تأویل الروح بعیسی فی هذا المقام دجلٌ وافتراء ، بل جاء فی کتب التفسیر أنه جبرائیل علیه السلام، أو ملَکٌ آخر علی اختلاف الروایات کما لا یخفی علی الناظرین. ثم منطوق الآیة یبدی بالتصریح ویحکم بالتنقیح أن هذه

---

۱. سورة النباء: ۳۹ الناشر

اور یہ گمراہ نکتہ چین جو خواب ضلالت میں سوتا ہے اس کے اعتراضات میں سے ایک وہ اعتراض ہے جس کو اس نے اپنی کتاب توزین الاقوال میں اپنے عقیدہ باطلہ کی بنیاد ٹھہرایا ہے اور تفصیل اعتراض یہ ہے کہ اس نے قرآن کریم کی اس آیت کریمہ کو دیکھا جو يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ ہے الخ۔ سو اس نے لفظ روح کو اس جگہ سے اچک لیا جیسے ایک حریص ایک چیز کو اچک لیتا ہے اور چاہا کہ اس سے نزول مسیح پر دلیل قائم کرے بلکہ بے حیائی کی وجہ سے یہ بھی چاہا کہ اس سے حضرت مسیح کی الوہیت ثابت ہو جائے پس اس نے استدلال کے خیال سے باطل پرستوں کی طرح بہت خوش ہو کر اس آیت کو لکھا۔

اب اس کے جواب میں سمجھ کہ یہ آیت اس شخص کو کچھ بھی مفید نہیں اور اگر اس سے کچھ ثابت ہوتا ہے تو بس یہی کہ یہ شخص احمق اور نادان اور سفیہ اور جلد باز ہے اور مشاہیر علماء پر پوشیدہ نہیں کہ اس مقام میں روح کے لفظ سے عیسیٰ مراد لینا دجالیت اور افترا ہے بلکہ تفسیروں کی رو سے وہ جبرائیل علیہ السلام یا کوئی دوسرا فرشتہ ہے اور دونوں قسم کی روایتیں پائی جاتی ہیں جیسا کہ دیکھنے والوں پر پوشیدہ نہیں۔ پھر منطوق آیت کا بتصریح ظاہر کرتا ہے اور تنقیح کے ساتھ حکم دیتا ہے کہ یہ واقعہ قیامت سے متعلق ہے اور اس کے لئے علامت کی طرح ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے اس قصہ کو بہشت کے ذکر کے درمیان لکھا ہے اور اس کی نعمتوں کے بیان کرنے کے وقت اس کو بیان فرمایا ہے اور پھر اور بھی تصریح کر کے فرمایا ہے کہ یہ وہی حق کے کھلنے کا دن ہے اور الیوم الحق قرآن میں قیامت کا نام ہے چنانچہ واقف کار امانت دار اس کو جانتا ہے پس اب غور کر کہ کیونکر خدا

Among the objections of the ignorant slanderer [ʻImād-ud-Dīn], who slumbers deep within a dream of darkness, is an objection that is based upon his erroneous beliefs recorded in his book, *Tauzīnul-Aqwāl.* The details are as follows: He saw the verse of the Noble Quran that says,

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ[1]

and seized upon the word *ar-Rūḥ* [the Holy Spirit] like the covetous, and desired to infer from it the descent of the Messiah. Furthermore, out of shamelessness, he sought to prove thereby the divinity of Jesus. And so, gleefully and like those who falsify matters, he set out this verse as an argument.

As for the answer, know that this verse does not support him at all. The only thing it proves is his foolishness and ignorance, and his being among those who are shameless and rush to judgement. It is clear to the eminent scholars that to interpret the word *ar-Rūḥ* in this verse to mean 'Jesus' is deceptive and dishonest; rather, the books of *Tafsīr* [Quranic commentary] relate that *ar-Rūḥ* refers to the angel Gabriel [Jibrā'īl], may peace be on him, or another angel, depending upon the narration, as is evident to discerning observers.

The explicit wording of this verse clearly states and, upon thorough inquiry, affirms that this event is related to the Day of Judgement, and serves as a sign for it. This is because Allah the Exalted has mentioned this story while relating the account of Paradise and its general blessings. He then further clarified in the following statement, saying:[2] ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ [that is the Day of Truth]—and the term الْيَوْمُ الْحَقُّ [the Day of Truth] in the Holy

1. On the day when the Spirit and the angels will stand... (*Sūrah an-Naba',* 78:39) [Publisher]

2. *Sūrah an-Naba',* 78:40 [Publisher]

الواقعة متعلقة بالقيامة ولها كالعلامة، فإن الله تعالى ذكر هذه القصة فى ذكر قصة الجنة ونعمائها العامة، ثم صرح بتصريح آخر وقال ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ، ولفظ اليوم الحق فى القرآن بمعنى القيامة، ويعلمه كلُّ خبير أمين. فانظر كيف بيّن أنها واقعة من وقائع يوم الدين، ثم انظر كيف يفترون الذين فى قلوبهم مرض ولا يخافون الله وما كانوا متقين. فالحاصل أن الآية لا تؤيّد زعم هذا الواشى بل تمزّقه، وبها يقع القول عليه وتجعله الآية من الكاذبين. فإنه يقول إن عيسٰى إله وابن إله، ويقول إن الروح هو الله وعينه، والآية تبدى أن هذا مَيْنُه، وتبدى أن الروح الذى ذُكر ههنا هو عبد عاجز تحت حكم الله وقدره، وما كان له خِيَرَةٌ فى أمره، وإن هو إلا من الطائعين، وما كان له أن يشفع مِن غير إذن الله، لأن الله عزّوجلّ قال فى هذه الآية يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَ قَالَ صَوَابًا ○[1] وأُشير فى آية عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ○[2] إلى أنه تعالى لا

---

۱. سورة النباء: ۳۹ الناشر

۲. بنی اسرائیل: ۸۰ الناشر

تعالیٰ نے کھول کر بیان کر دیا کہ یہ واقعہ قیامت سے متعلق ہے پھر تو غور کر کہ وہ لوگ جن کے دل بیمار ہیں اور ان کے دل میں خدائے تعالیٰ کا خوف نہیں کیونکر افترا پردازیاں کر رہے ہیں اور تقویٰ اختیار نہیں کرتے۔ پس حاصل کلام یہ ہے کہ یہ آیت اس نکتہ چین کے زعم کی کچھ مؤیّد نہیں بلکہ یہ تو اس کے قول کو ٹکڑے ٹکڑے کرتی ہے اور اس کے ساتھ بات اسی پر پڑتی ہے اور یہ آیت اس کو جھوٹوں میں سے ٹھہراتی ہے کیونکہ اس نکتہ چین کا یہ قول ہے کہ عیسیٰ خدا اور خدا کا بیٹا ہے اور کہتا ہے کہ روح خدا کو ہی کہتے ہیں اور روح اور خدا ایک ہی ہے اور آیت ظاہر کر رہی ہے کہ یہ اس کا جھوٹ ہے اور نیز ظاہر کرتی ہے کہ وہ روح جس کا ذکر اس جگہ ہے وہ ایک بندہ عاجز ہے جس کو خدا کے کسی امر میں اختیار نہیں اور کچھ نہیں صرف فرمانبردار ہے اور نیز یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ اس روح کو شفاعت کا اختیار نہیں اور شفیع وہی ہوگا جس کو اذن ملے کیونکہ خدا تعالیٰ نے اس آیت میں صاف فرما دیا ہے کہ اس روز یعنی قیامت کے دن روح اور فرشتے کھڑے ہوں گے اور شفاعت کے بارے میں کوئی بول نہیں سکے گا مگر وہی جس کو خدا تعالےٰ کی طرف سے اجازت ملے اور کوئی نالائق شفاعت نہ کرے اور آیت عسٰی ان یبعث میں اشارہ فرمایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ مقام محمود بجز اپنے برگزیدہ نبی محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی کو عنایت نہیں کرے گا اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ اس آیت میں لفظ روح سے مراد رسولوں اور نبیوں اور محدثوں کی جماعت مراد ہے جن پر روح القدس ڈالا جاتا ہے اور خدا تعالیٰ

Quran refers to the Day of Judgement, and every trustworthy expert knows this.

Observe how He has clearly shown that this is an event from the events of the Day of Judgement. Then, see how those in whose hearts is a disease and who do not fear Allah and who are not among the God-fearing, make false statements. In summary, this verse does not support the allegation of this slanderer; rather, it tears apart his allegation and passes a sentence against him thereby, and the verse serves to place him among the liars.

He claims that Jesus is a god and the son of God; he further states that *ar-Rūḥ* is Allah and they are one and the same. However, the verse makes it clear that this is all a lie on his part. It also clarifies that the *Rūḥ* mentioned here is a humble servant under the dominion and decree of Allah; he has no choice in the matter concerning himself and he is but one of the obedient. Furthermore, he does not possess the ability to intercede without the permission of Allah, because in this verse Allah the Almighty has said:

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ○[1]

In the verse,

عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ○[2]

it is indicated that Allah the Exalted will not bestow this exalted station upon anyone except His Prophet and greatest friend,

1. On the day when the Spirit and the angels will stand in rows, they shall not speak, except he whom the Gracious *God* will permit and who will speak only what is right (*Sūrah an-Naba',* 78:39). [Publisher]
2. It may be that your Lord will raise you to an exalted station (*Sūrah Banī Isrā'īl* 17:80). [Publisher]

يعطى هذا المقام المحمود إلّا نبيَّه وصفيَّه محمدًا المصطفى خير الرسل وخاتم النبيين. وأُلقِيَ فى روعى أن المراد من لفظ الروح فى آية يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ[1] جماعةُ الرسل والنبيين والمحدَّثين أجمعين الذين يُلقَى الروح عليهم ويُجعَلون مكلَّمين. وأما ذِكرهم بلفظ الروح لا بلفظ الأرواح، فاعلم أنه قد يُذكَر الواحد فى القرآن ويراد منه الجمع وبالعكس، سنّةٌ قد جرث فى كتاب مبين. وذكرهم الله بلفظ الروح الذى يدل على الانقطاع من الجسم ليشير إلى أنهم فى عيشتهم الدنيوية كانوا قد فنوا بكل قواهم فى مرضاة الله، وخرجوا من أنفسهم كما يخرج الأرواح من الأبدان، وما بقى لهم النفس وأهواء ها وكانوا لا ينطقون من الهوى بل بوحيٍ يُوحٰى، فكأنهم صاروا روح القدس فقط لا نفسَ معه ولا أعراضَها. ثم اعلم أن الأنبياء كنفس واحدة، لا يقال إنهم أرواح بل يقال إنهم روح، وذلك لشدّة اتحادهم الروحانية وتناسُب جوهرهم الإيمانية، وبما أنهم فنوا من أنفسهم وحركا تهم وسكناتهم

---

١. النبا: ٣٩ الناشر

کے ہم کلام ہوتے ہیں مگر یہ شبہ کہ روح کے لفظ سے ان کو یاد کیا ارواح کے لفظ سے کیوں یاد نہیں کیا۔ پس جان کہ قرآن کا محاورہ ایسا ہے کہ کبھی وہ واحد کے لفظ سے جمع مراد لے لیتا ہے اور کبھی جمع سے واحد ارادہ رکھتا ہے یہ قرآن شریف کی ایک عادت مستمرہ ہے۔ اور پھر خدا تعالیٰ نے اپنے انبیاء کو روح کے لفظ سے یاد کیا یعنی ایسے لفظ سے جو انقطاع من الجسم پر دلالت کرتا ہے یہ اس لئے کیا کہ تاوہ اس بات کی طرف اشارہ کرے کہ وہ مطہر لوگ اپنی دنیوی زندگی میں اپنی تمام قوتوں کی رو سے مرضات الٰہی میں فنا ہوگئے تھے اور اپنے نفسوں سے ایسے باہر آگئے تھے جیسے کہ روح بدن سے باہر آتی ہے اور نہ ان کا نفس اور نہ اس نفس کی خواہشیں باقی رہی تھیں اور وہ روح القدس کے بلائے بولتے تھے نہ اپنی خواہش سے اور گویا وہ روح القدس ہی ہوگئے تھے جس کے ساتھ نفس کی آمیزش نہیں پھر جان کہ انبیاء ایک ہی جان کی طرح ہیں۔ نہیں کہہ سکتے کہ وہ کئی روح ہیں بلکہ کہنا چاہیئے کہ وہ ایک ہی روح ہے اور یہ اس لئے کہ ان میں روحانی طور پر نہایت درجہ پر اتحاد واقع ہے اور جوہر ایمانی کی ان میں مناسبت غایت مرتبہ پر ہے اور نیز اس لئے کہ وہ اپنے نفس اور اپنی جنبش اور اپنے سکون اور اپنی خواہشوں اور اپنے جذبات سے بکلی فنا ہوگئے اور ان میں بجز روح القدس کے کچھ باقی نہ رہا اور سب چیزوں سے توڑ کے اور قطع تعلق کرکے خدا کو جا ملے پس خدا تعالیٰ نے چاہا کہ اس آیت میں ان کے تجرد اور تقدس کے مقام کو ظاہر کرے اور بیان کرے کہ وہ جسم اور نفس کے میلوں سے کیسے دور ہیں پس ان

Muhammad the Chosen One, who is the Best of the Messengers and the Seal of the Prophets.

It has been revealed upon my heart that the meaning of the word *ar-Rūḥ* in the verse,[1] يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ is the entire company of Messengers, Prophets, and *Muḥaddathīn*, upon whom the Spirit descends and who are thus *Mukallamīn* [i.e. those who hold converse with God].

As for their being referred to by the word *ar-Rūḥ* [in singular] as opposed to the word *al-Arwāḥ* [the Spirits, in plural], know that Allah has used the singular form in the Holy Quran to refer to the plural form, and vice versa. This is a known practice of the Clear Book. Moreover, Allah referred to them by the term *ar-Rūḥ* [the Holy Spirit]—which indicates separation from the body—in order to signal that, in their worldly lives, they occupied themselves with all their faculties in seeking the pleasure of Allah. They parted from their selves the way spirits part from bodies, and neither their self nor its desires remained. They did not speak of their own accord, but rather, according to the *waḥy* [Divine revelation] that was bestowed upon them. Thus, it was as though they became *Rūḥul-Qudus* [the Holy Spirit] entirely, as though they possessed no self of their own, not even a trace of it.

Furthermore, know that the Prophets are like a single soul. It is not said that they are many souls, but rather, that they are one soul. This is due to the intensity of their spiritual unity and to their uniformity in the essence of faith. Then, since they obliterated their selves, their passions, their comforts, their desires, and their enticements, nothing remained in them besides *Rūḥul-Qudus;* and they reached Allah, having broken ties to this world and living as ascetics.

Allah thus desired to elucidate in this verse the status of

1. On the day when the Spirit will stand... (*Sūrah an-Naba',* 78:39) [Publisher]

وأهوائهم وجذباتهم، وما بقى فيهم إلا روح القدس، ووصلوا الله متبتّلين منقطعين، فأراد الله أن يبين فى هذه الآية مقامَ تجرُّدِهم ومراتبَ تقدُّسهم وتطهُّرهم من أدناس الجسم والنفس، فسمّاهم روحًا إظهارًا لجلالة شأنهم وطهارة جنانهم، وأنهم سيُلقَّبون بهذا اللقب فى يوم القيامة ليُرِىَ اللّٰهُ خَلْقَه مقام انقطاعهم، وليميز بين الخبيثين والطيّبين. ولَعَمْر اللّٰهِ إن هذا هو الحق، فتدبَّروا فى كتاب الله ولا تنكروا مستعجلين. وأمّا عيسٰى عليه السلام فأنت تعلم أن القرآن لا يسمّيه إلٰهًا ولا ابن إله، بل يبرّئه مما قيل، ويردّ الأقاويل إفراطًا كانت أو تفريطًا ويقيم عليه الدليل، ويبيّن أنه عبد ومن المقرّبين. وقال فى مقام وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ○[1] ۔۔۔ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّىْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ○[2] واشترط قولَ الظالمين بلفظ مِن دونه ليُخرج به قومًا أصبى الحبُّ قلوبهم وهيّج كروبهم حتى غلبت عليهم المَخوِيَةُ والسُّكْر وجنونُ العاشقين،

---

۱. الانبياء: ۲۷ الناشر

۲. الانبياء: ۳۰ الناشر

کا نام اس نے روح یعنی روح القدس رکھا تاکہ اس لفظ سے ان کی شان کی بزرگی اور ان کے دل کی پاکیزگی کھل جائے اور وہ عنقریب قیامت کو اس لقب سے پکارے جائیں گے تاکہ خدا تعالیٰ لوگوں پر ان کا مقام انقطاع ظاہر کرے اور تاکہ خبیثوں اور طیبوں میں فرق کرکے دکھلاوے۔ اور بخدا یہی بات حق ہے پس تم کتاب اللہ میں تدبر کرو اور جلد بازی سے انکار مت کرو۔ مگر عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں تو تو خوب جانتا ہے کہ قرآن ان کا نام خدا یا ابن خدا نہیں رکھتا بلکہ اس کو ان تمام قولوں سے بری کرتا ہے جو اس کے حق میں بڑھا کر یا گھٹا کر کہے گئے تھے اور دلائل سے ثابت کرتا ہے کہ وہ بندہ اور مقرب الٰہی ہے۔ اور ایک مقام میں فرماتا ہے کہ عیسائی کہتے ہیں کہ عیسیٰ خدا کا بیٹا ہے خدا بیٹوں سے پاک ہے بلکہ یہ عزت دار بندے ہیں۔ اور جو ان میں سے یہ کہے کہ بدوں خدا کے میں بھی خدا ہوں سو ایسے شخص کی سزا جہنم ہوگی اور اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیا کرتے ہیں اور قرآن نے جو ظالمین کے لفظ کے ساتھ من دونہ کی شرط لگا دی ہے اور کہا ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ میں خدا کے سوا خدا ہوں سو یہ شرط من دونہ کی یعنی سوا کی اس واسطے لگائی ہے تا ان لوگوں کو ظالم ہونے سے مستثنیٰ رکھے جن کے دلوں کو ان کے دوست حقیقی نے اپنی طرف کھینچ لیا اور ان کے دلوں میں بے قراریاں پیدا کر دیں یہاں تک کہ ان کے دلوں پر محویت اور سکر اور عاشقوں ساجنون آگیا سوفنا نظری کی حالت

their devotion and the level of their holiness, and how they are pure from the stains of the physical self and soul. So He named them *'Rūḥ'* to illustrate the majesty of their character and the purity of their hearts. They shall be addressed by this title on the Day of Judgement, so that Allah may show His creation the extent of their detachment [from the world], and may differentiate between those who are evil and those who are good. By God this is the truth, so contemplate the Book of Allah and do not be hasty in rejecting.

Now, as for Jesus, may peace be upon him, you know that the Quran does not call him 'God' or the 'son of God'; rather, it vindicates him from all that has been alleged. It refutes all such statements, whether they are exaggerations or omissions, and furnishes proof against them. It clarifies that he was a servant of God and from among the *Muqarrabīn* [those granted nearness to God]. In one place, the Quran states:

وَ قَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ○[1]

وَ مَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْۤ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ○[2]

The Quran sets a condition for those who are to be considered الظّٰلِمِيْن [*az-ẓālimīn*—the wrongdoers]—with the words مِنْ دُوْنِهٖ [*min-dūnihī*—besides Him]—to exempt thereby a group of people whose hearts were captivated by God's love. Their hearts became stirred to the point that enthralment, ecstasy, and the obsession of lovers took hold of them. Words sprang from their

1. And they say, 'The Gracious *God* has taken to Himself a son.' Holy is He. Nay, they are *only* honoured servants (*Sūrah al-Anbiyā',* 21:27). [Publisher]

2. And whosoever of them should say, 'I am a god beside Him,' him shall We requite with Hell. Thus do We requite the wrongdoers (*Sūrah al-Anbiyā',* 21:30). [Publisher]

فخرجتْ من أفواههم كلماتٌ فی مقام الفناء النظری والجذبات السماوی، و ورد علیهم وارد فكانوا من الوالهين؛ فقال بعضهم ما فی جُبّتی إلا الله، وقال بعضهم إن یدی هذه ید الله، وقال بعضهم أنا وجه الله الذی وجّهتم إلیه، وأنا جنبُ الله الذی فرّطتم فیه، وقال بعضهم أنا أقول وأنا أسمع، فهل فی الدار غیری، وقال بعضهم أنا الحق؛ فهؤلاء كلّهم معفّوون، فإنهم نطقوا من غلبة كمال المحوية والانكسار، لا من الرعونة والاستكبار، وحفّتْ بهم سُكْرُ صهباء العشق وجذبات الحب المختار، فخرجت هذه الأصوات من خوخة الفناء لا من غرفة الخيلاء وما نقلوا الأقدام إلى دون الله بل فنوا فی حضرة الكبرياء ، فلا شك أنهم غير ملومين. ولا يجوز اتّباع كلماتهم وحرص مضاهاتهم، بل هی كلمٌ يجب أن تُطوَى لا أن تُروى، ولا يؤاخذ الله إلا الذين كانوا من المتعمدين المجترئين.

وعجبتُ للنصاری ولا عَجَبَ من المسرفين، أنهم يقرّون بأن عيسٰی كان عبد الله وابن آدم، وكان يقول إنی رسول الله وعبده، وحثَّ الناسَ على التوحيد والاجتناب من الشرك، وانكسر وتواضع وقال

اور جذب سماوی کے وقت میں ان کے منہ سے کچھ ایسی باتیں نکل گئیں اور بعض واردات ان پر ایسے وارد ہوئے کہ وہ عشق کی مستی سے بے ہوشوں کی طرح ہوگئے سو بعض نے اس مستی کی حالت میں کہا کہ میرے جبہ میں خدا ہی ہے اور کوئی نہیں اور بعض نے کہا کہ میرا یہ ہاتھ خدا کا ہاتھ ہے اور بعض نے کہا کہ میں ہی وجہ اللہ ہوں جس کی طرف تم نے منہ کیا اور میں ہی جنب اللہ ہوں جس کے حق میں تم نے تقصیر کی اور بعض نے کہا کہ میں ہی کہتا ہوں اور میں ہی سنتا ہوں اور میرے سوا اور گھر میں کون ہے اور بعض نے کہا کہ میں ہی حق ہوں سو یہ تمام لوگ مرفوع القلم ہیں کیونکہ وہ کمال محویت سے بولے ہیں نہ رعونت اور تکبر سے اور شراب عشق کے نشہ اور دوست برگزیدہ کے جذبات نے ان کو گھیر لیا سو یہ آوازیں فنا کی کھڑکی سے نکلیں نہ تکبر کے بالا خانہ سے اور دون اللہ کی طرف انہوں نے قدم نہیں اٹھایا بلکہ حضرت کبریا میں فنا ہوگئے سو کچھ شک نہیں کہ ان پر ان کلمات سے کوئی ملامت نہیں۔ اور ان کے ان کلمات کی پیروی جائز نہیں اور نہ یہ روا ہے کہ ان کی مشابہت کی خواہش کی جائے بلکہ یہ ایسے کلمے ہیں کہ لپیٹنے کے لائق ہیں نہ اظہار کے لائق اور خدا تعالیٰ انہیں سے مواخذہ کرتا ہے جو عمداً چالاکی سے ایسے کلمے منہ پر لاویں۔

اور مجھے عیسائیوں سے تعجب آتا ہے اور جو زیادتی کرے اس پر کچھ تعجب بھی نہیں وہ اقرار کرتے ہیں کہ عیسیٰ خدا کا بندہ اور ابن آدم تھا اور کہا کرتا تھا کہ مَیں خدا کا بندہ اور اس کا رسول ہوں اور توحید کے لئے رغبت دیتا تھا اور شرک سے ڈراتا تھا اور کسر نفسی اس میں اتنی تھی کہ اس نے کہا کہ مجھے نیک مت کہو پھر یہ

mouths in a state of virtual annihilation while absorbed by heavenly lures. They had a mystical experience and were befuddled. At that time, one of them said, 'There is nothing in my cloak except for Allah,' while another claimed: 'My hand is the hand of Allah.' Another among them said, 'I am the very face of God towards which you turn,' and 'I am your duty in respect of Allah, whom you have neglected.' Others among them said, 'It is I who speaks and I who listens, so is there anyone besides me in this house?' And yet others proclaimed, 'I am *al-Ḥaqq* [the Truth].'[1]

However, all of them are pardoned, because they spoke while in a perfect state of enthralment and humility, not out of pride and arrogance. They were overcome by the intoxicating wine of passion and by the irresistible allure of the Beloved Friend. So, these voices came from the window of *al-Fanā',*[2] and not from the chamber of vanity. They did not step towards *Dūnillāh* [i.e. the proviso of 'besides Allah'], but rather, they were lost in the Lord of Grandeur. So there is no doubt that they are blameless. But it is not permissible to adhere to their statements or to wish for something similar to them. Indeed, these are statements to de-emphasize, not publicize. Allah punishes only those who are deliberate forgers [of such statements].

I am astonished by the Christians—though it is not unexpected from those who transgress all bounds—that they acknowledge that Jesus was a servant of Allah and a son of Adam; that he used to say that he is a Messenger of Allah and His servant; he promoted *Tauḥīd* [the Oneness of Allah] and warned against *Shirk* [associating partners with God]; and he was so humble and self-deprecating that he said, 'Do not call me good';[3] and yet

1. These statements are recorded in the writings of, and attributed to, venerated Sufi figures such as Bāyazīd Bisṭāmī (d. circa 874 CE), Manṣūr al-Ḥallāj (d. 922 CE), and Ibn 'Arabī (d. 1240 CE). [Publisher]
2. Self-obliteration; being lost in the contemplation of God. [Publisher]
3. *See* Mark 10:18. [Publisher]

لا تقولوا لی صالحا، ثم یجعلونه شریك البارئ ویحسبونه رب العالمین، ویقولون ما یقولون ولا یخافون یوم الدّین. ویظنون أن المسیح صُلب ولُعن لأجل معاصیهم وأُخذ لإنجائهم وعُذّب لتخلیصهم، وأن الخَلْق أحفظَ الأبَ بذنوبهم، وکان الأب فظًّا غلیظ القلب سریع الغضب، بعیدا عن الحلم والکرم، مغتاظًا کالحرق المضطرم، فأراد أن یُدخلهم فی النار، فقام الابن ترحمًا علی الفُجّار، وکان حلیما رحیما کالأبرار، فمنَع الأبَ من قهره وزیادته، فما امتنع وما رجع من إرادته، فقال الابن یا أَبَتِ إن کنتَ أزمعتَ تعذیب الناس وإهلاکهم بالفأس، ولا تمتنع ولا تغفر، ولا ترحم ولا تزدجر، فها أنا أحمل أوزارهم وأقبَل ما أَبارَهم، فاغفِر لهم وافعَل بی ما ترید، إن کان قلیلا أو یزید. فرضِی الأب علی أن یصلب ابنه لأجل خطایا الناس، فنجّی المذنبین وأخذ المعصومَ وعذّبه بأنواع البأس کالمذنبین. هٰذا ما قالوا، ولکن العجب من الأب الذی کان نشوانًا أو فی السُّبات أنه نسِی عند صلیب ابنه ما کتب فی التوراة وقال لا أُهْلِكُ إلّا الذی عصانی، ولا آخذ أحدًا مکانَ أحد من العصاة، فنکَث العهد وأخلف الوعد، وترك العاصین وأخذ أحدًا من المعصومین. لعله ذهَل قولَه السابق مِن کبر السن وأرذل العمر وکان من المعمّرین.

لوگ اس کو خدا تعالیٰ کا شریک ٹھہراتے ہیں اور اس کو رب العالمین سمجھتے ہیں اور جو کہتے ہیں سو کہتے ہیں اور قیامت کے دن سے نہیں ڈرتے۔ اور یہ خیال کر رہے ہیں کہ مسیح ان کے گناہوں کے لئے مصلوب اور ملعون ہوا اور ان کے بچانے کے لئے ماخوذ اور معذب ہوا اور خلقت نے باپ کو اپنے گناہوں سے غصہ دلایا اور باپ سخت دل سریع الغضب تھا حلم اور کرم اس میں نہیں تھا بلکہ غصے سے آگ کی طرح بھڑکا ہوا تھا سو اس نے چاہا کہ خلقت کو دوزخ میں ڈالے سو بیٹا بدکاروں پر رحم کرکے شفاعت کے لئے کھڑا ہو گیا اور بیٹا حلیم اور رحیم اور نیک آدمی تھا پس اس نے اپنے باپ کو قہر اور زیادت سے منع کیا مگر باپ اپنے ارادہ سے باز نہ آیا سو بیٹے نے کہا کہ اے باپ اگر تیرا یہی ارادہ ہے کہ لوگوں کو ہلاک کرے اور کسی طرح تو ان کو نہیں بخشتا اور نہ رحم کرتا ہے سو میں تمام لوگوں کے گناہ اپنی گردن پر لے لیتا ہوں سو ان کو تو بخش دے اور جو تو نے عذاب دینا ہے وہ مجھے عذاب دے سو اس کلمہ سے باپ غضبناک راضی ہوگیا اور اس کے حکم سے بیٹا پھانسی دیا گیا تا گناہ گاروں کو چھڑاوے اور گناہ گاروں کی طرح اس معصوم پر عذاب ہوا۔ یہ وہ باتیں ہیں جو عیسائی کہتے ہیں لیکن باپ سے تعجب ہے کہ وہ اپنے بیٹے کو پھانسی دینے کے وقت اپنے اس قول کو بھول گیا جو توریت میں کہا تھا کہ میں اسی کو ہلاک کروں گا جو میرا گناہ کرے اور میں ایک کی جگہ دوسرے کو نہیں پکڑوں گا سو اس نے عہد کو توڑا اور وعدہ کے خلاف کیا اور گناہ گاروں کو چھوڑ دیا اور ایسے آدمی کو پکڑا جس پر کوئی گناہ نہیں تھا۔ شاید وہ اپنا پہلا قول بباعث بڑھاپے اور پیرانہ سالی کے بھول گیا کیونکہ معمر تھا۔

despite all this, they proceeded to make him a partner with the Creator and consider him to be the Lord of all the worlds. They say what they say, yet they do not fear the Day of Judgement.

Their view is that the Messiah died on the cross and was cursed for their sins. He was then seized in order to liberate them, and he was punished in order to absolve them. Mankind had upset the Father with their sins, so the Father was rough and hard-hearted and quick to become wrathful, far removed from forbearance and kindness. Enraged like a blazing fire, the Father decided to throw mankind into hell, but the Son, out of mercy, stood up for the evildoers as he was gentle and merciful, like the righteous. He counselled his Father against the use of force and high-handedness, but the Father neither relented nor turned back from his plan.

So the Son said: 'O my Father, if You are determined to punish mankind and destroy them by the axe; not to forbear and forgive, nor to show mercy; and you truly cannot be restrained; then I shall carry all their burdens and accept their punishment. So forgive them and do with me as You please, be it little or much.' At this, the Father agreed to crucify His own son for the sins of mankind. And so, God redeemed the sinners and punished the impeccable one, as though he were a sinner, with various kinds of suffering. This is what they [i.e. the Christians] claim.

It is quite surprising, however, that during the crucifixion, the Father—who was perhaps inebriated or drowsy—somehow forgot what He had revealed in the Torah; that is, 'I do not destroy anyone save he who sins against Me; and, I do not take a person in place of one of the rebellious.' But [they hold that] the Father broke his pledge and went against His promise, sparing the evildoers and seizing one of the innocent. Perhaps He forgot His earlier statements due to His advanced years and old age, as he is among the elderly.

والعجب من الابن أنه كان يعلم أن معشر الجن سَبَقَ الإنسَ فى الخطأ ولا ينتهجون محجّة الاهتداء ، بل تجاوزوا الحد فى شباء ة الاعتداء ، ثم تغافلَ من أمر سيآتهم، وما توجّهَ إلى مواساتهم، وما شاء أن ينتفع الجن من كَفّارته، ويكون لهم حياةٌ من إبارته ونجاة من نار أبدية التى أُعدّتْ لهم، فما نفعهم إبارته ولا كفّارته، وكانوا يؤمنون بالمسيح كما شهد عليه الإنجيل بالبيان الصريح، فكأنّ الابن ما دعا تلك المذنبين إلى هذا القِرى وتقاعسَ كبخيل وضنين. ومن المحتمل أن يكون للأب ابن آخر، صُلِبَ لتلك المعشر، بل من الواجبات أن يكون كذلك لتنجية العُصاة، فإنّ ابنًا إذا صُلِبَ لنوع الإنسان مع قلة العصيان، فكم مِن حريّ أن يُصلَب ابن آخر لنوعٍ جِنِّيٍّ الذى ذنبهم أكبر وأكثر، وإلا فيلزم الترجيح بلا مُرجِّح باليقين، ويثبت بخل الأب أو بخل البنين. ولا شك أن فِكَرَ مغفرة قوم عادين والتغافلَ من قوم آخرين، عُدولٌ صريح وظلم مبين، بل يثبت مِن هذا جهلُ الأب المنّان. أمَا كان يعلم أن المذنبين قومانِ، ولا يكفى لهم صليب بل اشتدت الحاجة إلى أن يكون ابنان وصليبان لا يقال إن الابن كان واحدا فرضِى ليُصلَب لنوع الإنسان، وما كان ابن آخر لكفّارةِ أبناء الجانّ. لأنا نقول فى جوابه إن الأب كان قادرًا على أن يلد ابنا آخر، وما كان كالعاجز الحيران، فلا ريب أنه

اور بیٹے سے یہ تعجب ہے کہ وہ خوب جانتا تھا کہ جنّوں کا گروہ آدمیوں سے گناہ میں بڑھ گیا ہے اور وہ سیدھا راستہ اختیار نہیں کرتے بلکہ بے راہی کی تیزی میں حد سے زیادہ بڑھ گئے ہیں پھر اس نے ان کے بارے میں تغافل کیا اور ان کی ہمدردی کے لئے کچھ توجہ نہ کی اور نہ چاہا کہ اُس کے کفارہ سے جن کا گروہ فائدہ اٹھاوے اور ان کو اس ابدی عذاب سے نجات ہو جو ان کے لئے تیار کیا گیا ہے سو جنوں کو اس کے مصلوب ہونے نے کچھ بھی فائدہ نہ پہنچایا حالانکہ وہ اس پر ایمان لاتے تھے جیسا کہ اس پر انجیل گواہی دے رہی ہے پس گویا بیٹے نے اپنے اس کفارہ کی مہمانی کی طرف ان گناہ گاروں کو نہیں بلایا اور بخیلوں کی طرح تاخیر کی اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ باپ کا کوئی اور بیٹا ہو جو جنّوں کے لئے پھانسی دیا گیا ہو بلکہ یہ تو واجبات سے ہے کہ ایسے ہی ہو کیونکہ جب ایک بیٹا نوع انسان کے لئے جو تھوڑے ہیں پھانسی دیا گیا پس کس قدر لائق ہے کہ ایک دوسرا بیٹا جنّوں کے لئے پھانسی ملے جو گناہ اور تعداد کے لحاظ سے بنی آدم سے بڑھے ہوئے ہیں ورنہ ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی اور باپ اور بیٹوں کا بخل ثابت ہوگا اور کچھ شک نہیں کہ ایک قوم کی مغفرت کا فکر دوسری قوم سے تغافل صریح ظلم اور بیجا کارروائی ہے بلکہ اس سے تو باپ کا جہل ثابت ہوتا ہے کیا اس کو معلوم نہیں تھا کہ گناہ گار لوگ دو قومیں ہیں صرف ایک قوم تو نہیں سو دو قوموں کے لئے صرف ایک بیٹے کا پھانسی دینا کافی نہیں بلکہ کافی طور پر یہ مقصد تب پورا ہوسکتا ہے کہ جب دو بیٹوں کو پھانسی دیا جاتا یہ بات کہنے کے لائق نہیں کہ بیٹا تو صرف ایک ہی تھا وہ اسی پر راضی تھا کہ وہ فقط نوع انسان کے لئے پھانسی دیا جاوے کوئی دوسرا بیٹا تو نہیں تھا کہ تا جنوں کے لئے پھانسی دیا جاتا کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ باپ اس بات پر قادر تھا کہ اس بات کے لئے کوئی اور بیٹا جنے جیسا کہ اس نے پہلا بیٹا جنا پس کچھ شک نہیں کہ

As for the Son, it is astonishing that although he well knew the *Jinn*[1] had preceded mankind in error and refused to walk on the right path—indeed they exceeded the bounds of wrongdoing—he nevertheless neglected the matter of their misdeeds and he did not show them sympathy. He did not wish for the *Jinn* to derive benefit from his atonement, have life from his perishing, and salvation from the everlasting fire that had been prepared for them. So they benefited neither from his perishing [i.e. the crucifixion] nor his atonement, even though they believed in the Messiah, as the Gospel bears witness to by means of a clear statement. It was as though the Son did not invite these sinners to this feast and was neglectful like the miserly and close-fisted.

Maybe the Father has another son who was crucified for that group [the *Jinn*]; indeed this must be so, for the salvation of the sinners. If a son is crucified for the sake of mankind—whose sins are small in number—then it is quite appropriate to crucify another son for the sake of the *Jinn,* whose sins are worse and more numerous. Otherwise, it will necessarily and certainly indicate undue prejudice, and will prove the Father's miserliness or that of His sons. There can be no doubt that the idea of forgiving one group of transgressors while excluding another group constitutes obvious neglect and clear injustice. Indeed this would prove the ignorance of the 'generous' Father. Did He not know that the sinners belong to two groups, and that a single cross would not suffice for both; rather, the need was great for there to be two sons and two crosses.

Do not argue that there was only one son and he was content to be crucified for mankind, and there was no other son for the atonement of the children of the *Jinn*. In reply to this, I

1. The term *Jinn* may be applied to any individual or collective of people, who are obscured from plain sight or not known publicly, who wield power and influence for a particular purpose, be it their own or that of God. [Publisher]

ترك الجنَّ عمدًا أو من النسيان، أو ما صلَب ابنًا ثانيًا مخافةَ بَثرِه كالجبان. ومن المحتمل أن يكون الابن الآخر أحبَّ من الابن الأوّل إلى الأب التَّوقان، وهذا ليس بعجيب عند ذوى الأذهان، فإنه قد يتفق أن الأصغر من الأبناء يكون أحبّ إلى الآباء. ففكِّر فى هذه الآراء ، وفى إله هو ذو بنات وبنين. وسبحان ربنا عما يخرج من أفواه الظالمين.

ثم بعد ذلك نرى أن آدم كان أول أبناء الله فى نوع الإنسان، وقد أقرّت أناجيل النصارى بهذا البيان، ومن المعلوم أن الفضل للمتقدم لا للذى جاء بعده كالمضاهين. وقد خلق الله آدم بيده وعلى صورته، ونفخ فيه روحه بكمال محبته، وأما المسيح فما كان لَبِنةَ أوّلِ الأساس، بل جاء فى أُخريات الناس، وكان من المتأخرين. ثم العجب أن إله النصارى ولَد الابنَ ولم يلد البناتِ، كأنه عاف الأَختانَ أو كرِه أن يصاهر إلا الصِّفَتات، أوَ لم يجد كمثله الشرفاء السراة. فهل من أعجوبة فى السكارى مثل أطروفة النصارى، أم هل رأيت مثلهم من المغلّسين؟ والأصل الموجب الجالب إلى هذه العقيدة الفاسدة والأمتعة الكاسدة، انهماكُهم فى الدنيا مع هجوم أنواع العصيان وشوق نعماء الجِنان مع رِجس الجَنان. وأنت تعلم أن الشحّ يُعمِى عينَ رؤية الصواب، فلا يفتّش الشحيحُ العَجولُ مِن الوِهاد

اس نے جنّوں کے گروہ کو عمداً عذاب ابدی میں چھوڑا اور محض بخل کی راہ سے ان کے لئے کوئی پھانسی پر نہ لٹکایا اور یہی گمان ہوسکتا ہے کہ چھوٹا بیٹا بڑے بیٹے سے زیادہ پیارا ہو اور یہ کچھ تعجب کی بات نہیں کیونکہ کبھی یہ بھی اتفاق ہوجاتا ہے کہ چھوٹا بڑے سے باپ کو زیادہ زیادہ پیارا ہوتا ہے پس اس بات میں فکر کر کہ جس کے بیٹے اور بیٹیاں ہیں اور ہمارا خدا ان باتوں سے پاک ہے جو ظالموں کے منہ سے نکلتی ہیں۔

پھر بعد اس کے ہم دیکھتے ہیں کہ پہلا بیٹا تو نوع انسان میں سے آدم ہی تھا چنانچہ انجیلیں اس بات کا اقرار کرتی ہیں اور یہ تو معلوم ہے کہ بزرگی پہلے ہی کو ہوتی ہے اور وہ تو بزرگ نہیں کہلاتا جو پیچھے سے آوے اور پہلے کی ریس سے کوئی بات منہ پر لاوے اور خدا نے تو آدم کو اپنے ہاتھ سے اور اپنی صورت پر پیدا کیا تھا اور کمال محبت سے اس میں اپنا روح پھونکا مگر مسیح تو پہلی بنیاد کی اینٹ نہیں تھے بلکہ وہ تو آخری لوگوں میں آیا اور متاخرین میں سے کہلایا۔ پھر تعجب یہ ہے کہ نصاریٰ کے خدا نے بیٹا تو جنا مگر بیٹی کوئی نہیں جنی گویا اس نے دامادوں سے کراہت کی اور نہ چاہا کہ کوئی غیر کفو اس کا داماد ہو یا اپنے جیسا کوئی عزّت دار نہ پایا جس کو لڑکی دیوے پس کیا عیسائیوں کے عقیدوں کے اعجوبہ کی طرح کوئی اور بھی اعجوبہ ہے یا ان کی مانند تو نے کوئی اور بھی اندھیرے میں رات میں چلتا دیکھا۔ اور اصل موجب جس نے عیسائیوں کو اس عقیدہ کی طرف کھینچا ان کا دنیا میں غرق ہونا ہے پھر اس کے ساتھ قسما قسم کے گناہ اور پھر دل کی پلیدی کے ساتھ آخرت کی نعمتوں کا شوق اور تو جانتا ہے کہ لالچ حق بینی کی آنکھ کو بند کر دیتا ہے پس لالچی اور شتاب کار آدمی نشیب فراز کو کچھ نہیں دیکھتا پس اس ریت کی طرف جلدی سے

say that the Father had power to beget another son—surely He was not like the powerless and bewildered. So there can be no doubt that he forsook the *Jinn,* knowingly or out of forgetfulness. Perhaps He did not crucify a second son fearing separation from him, like a coward. It is also possible that the Father, feeling an intense longing, loved the younger son more than the elder. This is not strange to the people of understanding, for it happens on occasion that the youngest child becomes the favourite of fathers. So think carefully about these beliefs, and about a god who has sons and daughters. Our Lord is far above that which comes out of the mouths of the unjust.

Then, we see that Adam was the first son of God among mankind. The Gospels of the Christians acknowledge this point. It is well known that reverence is given to the one who comes first, not the one who comes after him like those who simply emulate. Moreover, God created Adam with His own hand and in His own likeness and breathed into him His spirit with His perfect love. As for the Messiah, he was not the first brick of the foundation; rather, he came to a later people and was from among them.

Moreover, it is surprising that the God of the Christians begot a son but no daughters. It was as though He did not wish to have a son-in-law, or He disliked becoming related to anyone through marriage, save those of similar status. Or perhaps He did not find any honourable ones like Himself [for his daughters].

Are there any beliefs quite so strange as this novel tale of the Christians? Or have you seen their like among those who wander about in the pitch-dark night? The real reason that Christians were drawn to such false beliefs and unwanted goods was their complete immersion in the material world—wherein there is an onslaught of various kinds of disobedience—alongside their desire to attain the favours of Paradise without first cleansing the filth from their hearts. You know that greed blinds the eye

والحِداب، بل يسعى مستعجلا إلى ملامح السراب، بمجرد استماع قول الكذّاب، وإذا بلغها فلا يجد إلا وادى التباب، فتضطرم نار العطش وتثِب عليه كالذياب، ويحترق القلب كاحتراق الجلباب، فيسقط على الأرض من غلبة الاضطراب، ويطير روحه كالطير ويلحق بالميّتين.

فمثلُ قوم اتّكأُوا على الكَفّارة من كمال الجهل والغرارة، كمثل حمقى الذين كانوا من قوم متنصرين. طحطَحَ بهم قلّةُ المال وكثرة العيال، حتى كان الفقر حَصادَهم والتُرب مِهادَهم، وطعامهم بعض الأفانى وسَخناء هم كالشيخ الفانى، وكانوا من شدة بؤسهم مضطرين. فقيّض القدر لنَصَبِهم ووَصَبِهم أن جاءهم شيخ شَخْتُ الخِلْقة، دقيق الشَرَكة، حقير السَّخنة، وكان توجد فيه آثار الخصاصة والافتقار، ويبيّن حالَه الحِذاءُ المرقَّعُ وبلى الأطمارِ فدخل وعليه بُزدانِ رثّانِ، وفى يده سُبحة كسبحة الرُهبان، وكان سائلا معترًّا، وشَعِثًا مغبرًّا، قد لقِى متربةً وضرًّا، حتى انثنى محقوقِفًا مصفرًّا وكان لبسُه كثيرَ الانخراق بادىَ الإخريراق، وكانت هيئته تشهد على أنه ما أصاب هِلّةً ولا بِلّةً، وإن هو إلا معروق العظم ومن الطالحين. فوَلَجَ حَلْقتَهم بسوء حاله وأفانينِ مقاله، ليخدَعهم بزخرفةِ محاله، فسلّم ثم كلّم، وقال هل أدلّكم إلى مكسب مال تنجيكم من إقلال، فتكونون ذوى أملاك ورياض، وترفَلون

دوڑتا ہے جو پانی کی طرح دکھلائی دیتی ہے اور ایک جھوٹے کی بات کو سن کر اعتبار کر لیتا ہے اور جب اس ریت پر پہنچتا ہے تو بجز ایک جنگل ہلاک کرنے والے کے اور کچھ نہیں پاتا تب اس وقت پیاس کی آگ بھڑکتی ہے اور اس پر بھیڑیوں کی طرح حملہ کرتی ہے اور اس کا دل ایسا جلتا ہے جیسا کہ ایک چادر کو آگ لگ جاتی ہے پس بے قرار ہوکر زمین پر گر پڑتا ہے اور اس کی روح پرند کی طرح پرواز کر جاتی ہے اور مردوں سے جا ملتی ہے۔

پس ان لوگوں کی مثال جو کفارہ پر اپنے جہل اور نادانی کی وجہ سے تکیہ کئے بیٹھے ہیں ان لوگوں کی مانند ہیں جو ایک گروہ بے وقوف عیسائیوں کا تھا اور ایسا اتفاق ہوا کہ وہ لوگ قلت مال اور کثرت عیال کی وجہ سے ایسے پریشان خاطر ہوئے کہ محتاجگی نے جس طرح کہ گھاس کاٹا جاتا ہے ان کو کاٹ دیا اور زمین ان کا بچھونا ہوگیا اور کھانا ان کا گھاس پات ہوگیا اور ان کی شکل مارے فاقوں کے بڈھوں کی سی ہوگئی اور اپنے فقر فاقہ سے وہ سخت محتاج ہوئے پس بُری تقدیر نے ان کے لئے یہ اتفاق پیش کیا کہ ایک دبلا سا بڈھا ان کے پاس آیا جس کے مکروں کی جالی بہت ہی باریک تھی اور وہ کچھ رو دار صورت نہیں تھا اور اس میں ناداری اور محتاجگی کے آثار نمایاں تھے اور اس کی پھٹی پرانی جوتی اور پرانی چادریں بتلا رہی تھیں کہ کس شان کا آدمی ہے پس وہ ان عیسائیوں کے گھر میں داخل ہوا ایسی حالت میں کہ دو پرانی چادریں اس پر تھیں اور ایک تسبیح ہاتھ میں جیسا کہ راہبوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے اور دراصل وہ ایک محتاج پریشان حال تھا جو کمال درجہ کی محتاجگی تک پہنچ چکا تھا یہاں تک کہ وہ زرد رنگ اور خم پشت ہوگیا اور کپڑے جا بجا پھٹے ہوئے تھے جن کو وہ چھپا نہیں سکتا تھا اور اس کی صورت کہہ رہی تھی کہ ایک ادنیٰ سی بہبودی بھی اس کو حاصل نہیں اور وہ ایک بدبختی کی حالت میں ہے سو اسی حالت میں وہ ان کے حلقہ میں داخل ہوا اور لگا باتیں بنانے تاکہ اپنی آراستہ کلام سے ان کو دھوکا دے سو اس نے پہلے تو سلام کیا اور پھر گفتگو شروع کی

from seeing what is right and true. Thus, the covetous and hasty one does not search the valleys and hills, but rather—as soon as he hears the liar's word—he rushes towards the shimmer of a mirage. However, when he reaches it, he finds nothing but a desolate valley, so the fire of thirst rises and pounces on him like jackals, and burns his heart the way fire incinerates a cloak. Overwhelmed by distress, he collapses to the ground, and his soul flies off like a bird and joins the dead.

The parable of these people—who rest upon the cushions of the Atonement out of complete ignorance and naivety—is that of a foolish group of people who converted to Christianity. They had been overcome by a lack of wealth and abundance of children, until their only harvest was poverty itself, and the dust-laden ground became their bed; berries of the bush became their food; their appearance became like an elderly man approaching death; and they were compelled due to their extreme suffering.

Providence ordained hardship and suffering for them, and so, a gaunt old man came to them, whose impostures were intricate and outer appearance vile. He carried the marks of poverty and privation. His torn shoes and tattered clothing conveyed his condition. He came [to the Christians] wearing shabby garments with a rosary in his hand resembling the rosary of a monk. He was a wretched beggar—unkempt and dingy—who had endured poverty and distress to the point that he developed a hunched back and looked jaundiced. His clothing was visibly torn in many places. His appearance conveyed that he had achieved nothing. He was naught but skin and bones, rendered lean by travel.

It was in this pitiful condition, and with remarks he had masterfully prepared, that he infiltrated their circle. He sought to deceive them through his flowery speech, so he greeted them, and then he began to speak. He asked: 'Shall I show

فی ذیلٍ فضفاض، وتُفعِمون صناديقكم كما يفعم الماء فی حياض، فتصبحون متنعّمين؟ فرغبوا مِن حمقهم وشدة شحّهم فی الأموال، وقالوا مرحبًا لك تعال تعال، ودُلَّنا إلى هذا المنوال، وإنا نفعل كل ما تأمر، ونحضر أينما تحضر، وستجدنا من المتمثّلين الشاكرين. ففرِح الخُدَعةُ فی قلبه على قيد الصيد وإصابة الكيد، وعرَف أنهم سقطوا فی شبكته واغترّوا بخديعته، وجاءوا تحت فُخّه بصفيره وزفرته، فكلّمهم بأحاديث ملفّقةٍ، وأكاذيب مزخرَفةٍ، وقال ما لی يأخذنی رقّةٌ عليكم، ويهوی قلبی إليكم؟ لعل الله قدّر لكم حظًّا فی منهلی، ونُزُلاً فی منزلی، وأراد أن يجعلكم من المتمولين. وقد كنتُ أعلم أنكم مِن أكرمِ جرثومةٍ وأطهرِ أرومةٍ، ومِن أبناء بناة المجد وأرباب الجد، والآن أراكم بصفر اليد، فأُلقِیَ فی قلبی أن أرحمكم وأشفق عليكم، وأقوم لمواساتكم ودفع آفاتكم، وكذلك وقعتْ شِيمتی، واستمرّت عادتی. وخيرُ الناس من ينفع الناس، ويعين ذوی الفاقات والمساكين. وستَعجُمون عُودَ دعوای وحلاوةَ جَنای، وإنّی لمن الصادقين. فكلوا هنيئًا مريئًا هذه المائدة الواردة، واستقبِلوا هذه الدولة الحاردة، وخذوا تلك الغنيمة الباردة شاكرين.

اور کہا کہ کیا میں تمہیں ایک ایسی آمدن کی راہ بتاؤں جو تمہیں ناداری کی حالت سے نجات بخشے اور تم اس سے بڑے مال ملک والے ہو جاؤ گے اور تمہارے باغ ہوں گے اور فاخرانہ کپڑوں میں لِکتے پھرو گے اور روپیہ سے اپنے صندوق اس قدر بھر لو گے کہ جس طرح حوضوں میں پانی ہوتا ہے اور بڑے مالدار ہو جاؤ گے سو انہوں نے بے وقوف عیسائیوں کے دل اپنی حماقت اور لالچ کی وجہ سے ایسے مال لینے کے لئے للچائے اور کہا کہ مرحبا تشریف لائیے اور ہمیں ایسا راہ بتائیے اور ہم وہی کریں گے جو آپ فرمائیں گے اور جس جگہ حاضر ہونے کو کہو گے حاضر ہو جائیں گے اور ہم کو آپ فرمانبردار اور شکر گذار پاؤ گے۔ پس وہ مکار یہ باتیں سن کر اپنے دل میں بہت خوش ہوا اور سمجھا کہ شکار مارا گیا اور فریب چل گیا اور وہ احمق اس کے دام میں پھنس گئے اور اس کے فریب میں آگئے اور اس کی سیٹی سن کر اس کے جال کے نیچے آبیٹھے سو کہیں کی کہیں لگا کر جھوٹی باتیں سنانے لگا اور کہنے لگا کہ کیا سبب ہے کہ مجھ کو تم پر بڑا ہی رحم آتا ہے شاید خدا تعالیٰ نے میرے چشمہ میں تمہاری کچھ قسمت لکھی ہے اور میرے مہمان خانہ میں تمہاری مہمانی مقدر ہے اور شاید خدا تعالیٰ نے چاہا ہے کہ تم کو مالدار کردے۔ اور مجھے پہلے سے معلوم ہے کہ تم لوگ بڑے خاندان کے آدمی اور اصیل ہو اور نیز رئیسوں کے بیٹے اور دولت مندوں کی اولاد ہو اور اب میں تم کو افلاس کی حالت میں دیکھتا ہوں سو میرے دل میں ڈالا گیا جو میں تم پر رحم اور شفقت کروں اور تمہاری ہمدردی کے لئے کھڑا ہو جاؤں اور اسی طرح میری عادت ہے کیونکہ نیک آدمی وہی ہوتا ہے جو لوگوں کو نفع پہنچاوے اور مسکین لوگوں کی مدد کرے۔ اور تم عنقریب میرے دعویٰ کی شاخ کا پھل آزما لو گے اور میرے پھل کی حلاوت تمہیں معلوم ہو جائے گی اور میں سچا ہوں سو تم اس کھانے کو جو اترا ہے خوب سیر ہو کر مزہ سے کھاؤ اور اس دولت کی طرف رخ کرو جس نے تمہاری طرف آنے کا قصد کیا اور اس مال مفت کو شکر کے ساتھ لے لو۔

you a way to increase your wealth and deliver you from want; so that you should come to possess estates and gardens, and may drag your flowing robes behind you; and so that you may fill your coffers the way water fills a basin, and become blessed with affluence?'

At this they became desirous and due to foolishness and extreme poverty they replied: 'Welcome! Come, come! Show us this way, and we shall do everything you say, we will go wherever you go, and you shall find us following you gratefully.' The swindler rejoiced in his heart upon catching his prey and successfully deceiving them. He knew that they had been ensnared in his web and fooled by his imposture. Moved by his whistles and sighs, they walked right into his trap. He told them fictitious stories and embellished tales.

He feigned: 'What has taken hold of me that I feel such mercy for you and my heart inclines towards you? Perhaps God has decreed for you a share from my fountain [of blessings], and a sojourn in my home, and He has resolved to make you prosperous. I know very well that you descend from the noblest of origins and purest stock, and that you are the progeny of those who achieved glory and of the most eminent forebears. Now, however, I see you empty-handed, so it has been placed in my heart that I should have mercy on you and compassion for you, and I should stand in sympathy with you and remove your misfortunes. And this indeed is my character and custom. The best person is the one who brings benefit to people and helps the destitute and needy. Very soon you will put my claims to the test and taste the sweetness of this fruit, and I assure you that I am a truthful person. So be grateful and partake of this food which has come to you with great delight. Accept this wealth that has been bestowed upon you, and grab hold of these spoils which are given to you without any effort on your part.

فاذهبوا سارعين مبادرين إلى بيوتكم، لتُعطَوا أجرَ قنوتكم، وأْتونى بما كان عندكم من أثارةِ مال بقى من زوال، مِن نوع حِليةٍ من ذهب كان أو فضّة، أو حُلى جيرانكم وخلانكم، ولا تتركوا شيئا منها، وارجعوا مستعجلين. وإنى أقرأ عليها كلماتٍ كرُقْيةٍ، وأعكف على هذا العمل إلى بضع ساعة، فتهيج فى الحلى ثورةُ مَزِيَّة، وكلُّ حِلية تربو وتنمو، والزيادات فيها تبدو، حتى تكون الحلى مئةَ أمثالها، وتنـزل عليها بركات بكمالها وتُعجِب الناظرين.

ولا تعجبوا لهذا الحديث، فإن فيه سر كسرِّ التثليث، فلا تسألونى عن دلائل كفلسفيين. العمل عجيب، والوقت قريب، وتكونون من بعد قومًا متنعّمين. فاغترّوا بقول الكاذب المكّار، وحسبوا هذا العمل كالتثليث من الأسرار، بما لكَزهم حمارُ الجهل الجذّارُ، وبتَرهم سيفُ الشحِّ البتّارُ. فألقت فى الضلالة الثانية الضلالاتُ الأولى، وتكونتْ مِن ظلمة ظلمة أخرىٰ، فمالوا إليه كما كانوا مالوا إلى عقائد المسيحيين. قالوا ما نشقّ عصا أمرك، وما نلغى تلاوة شكرك، وقد أتيتَنا من الغيب كملائكة منجِّين. فبادَروا إلى بيوتهم فى فكر قُوتهم وتنضير سَبْروتهم، وما شكّوا وما تقاعسوا، بل كلٌّ منهم ذهب ليأتى به الذهب، وزاب ليزداب، وكانوا فى سكرة حرصهم كالمجانين. فلما دخلوا ربوعهم مَراحًا، قالوا لأهلها

سو اپنے گھروں کی طرف جلدی کر کے دوڑو تا کہ تم کو اس فرمانبرداری کا اجر ملے اور میرے پاس وہ سب مال لے آؤ جو از قسم زیور چاندی اور سونے کے تمہارے گھروں میں باقی رہ گیا ہو اور اپنے ہمسائیوں اور دوستوں کے بھی زیور لے آؤ اور اپنے گھروں میں کچھ نہ چھوڑو اور پھر جلد واپس آ جاؤ۔ اور میں ان زیوروں پر ایک منتر پڑھوں گا اور چند گھنٹے وہی عمل کرتا رہوں گا تب زیوروں میں ایک جوش بڑھنے کا پیدا ہو گا اور ہر یک زیور پھولے گا اور بڑھے گا اور ان کا بڑھنا صاف معلوم ہو جائے گا یہاں تک کہ وہ زیور سو گنا ہو جائے گا۔ اور اس پر کامل برکتیں نازل ہوں گی اور دیکھنے والے تعجب کریں گے۔

اور اس عمل سے کچھ تعجب مت کرو کیونکہ یہ بھی ایک ایسا ہی بھید ہے جیسا کہ تثلیث کا بھید سو تم فلسفیوں کی طرح اس کے دلائل مت پوچھو۔ عمل عجیب ہے اور وقت قریب ہے اور تم بعد اس کے بڑے مالدار ہو جاؤ گے پس وہ لوگ اس فریبی کی بات پر دھوکا کھا گئے کیونکہ جہالت کا گدھا ان کو ایسی لات مار چکا تھا جو کاٹنے والی تھی اور لالچ کی تلوار ان کو دو ٹکڑے کر چکی تھی سو ایک گمراہی نے ان کو دوسری گمراہی میں ڈال دیا اور ایک اندھیرے سے دوسرا اندھیرا پیدا ہو گیا۔ پس اس کی طرف ایسے مائل ہو گئے جیسا کہ وہ مسیحی عقیدوں کی طرف مائل تھے اور کہا کہ ہم تیرے حکم کا انکار نہیں کرتے اور تیرے شکر کو ہم نہیں چھوڑیں گے اور تُو تو ہمارے لئے غیب سے ایسا اترا جیسا کہ فرشتے نجات دینے والے اترتے ہیں پھر وہ لوگ اپنے گھروں کی طرف دوڑے اس فکر میں کہ قوت کا سامان ہو جائے اور زمین خشک سرسبز ہو جائے اور کچھ شک نہ کیا اور نہ تاخیر کی بلکہ ہر ایک ان میں سے دوڑا تا کہ سونا لاوے اور چلنے میں جلدی کی تا کہ وہ کچھ بھار اٹھا لیوے اور اپنی حرص کے نشہ میں سودائیوں کی طرح ہو رہے تھے۔ اور پھر جبکہ وہ اپنے گھروں میں خوش خوش داخل ہوئے تو داخل ہو کر کہنے لگے کہ گڈمارننگ پھر ان لوگوں کو تمام قصہ سے مطلع کیا اور ہنس ہنس کر ان کو مبارک باد دی پس ان لوگوں نے جو جہالت اور گمراہی میں ویسے ہی تھے ان کی باتوں کی تصدیق کی اور مارے

'Hasten quickly to your homes so that you may be rewarded for this obedience. Bring to me what money you do have left, as well as any gold or silver from your jewellery, and any jewellery of your friends and neighbours. Do not leave anything behind and hurry back to me. I shall recite an incantation over them and will continue to do this for a few hours. As a result, a sudden distinct change will occur within the jewels and each of them will grow and grow—and the increases in them will be apparent—until the jewellery becomes a hundred times its original size. Blessings in their entirety shall descend upon it, and it shall amaze the onlookers.

'Do not be astonished by this statement, for a secret lies within it akin to the secret of the Trinity, and do not ask me for proof like philosophers. This work is wondrous, and the time is near, after which you shall become an affluent people.'

So they were duped by the word of this lying mischief-maker, and assumed this work to be like the Trinity in terms of its mysteries, for they had been kicked by the donkey of ignorance and gashed by the sharp sword of covetousness. And so, their earlier errors led them into another error, and one darkness gave rise to another, and they inclined towards him the way they had inclined towards the beliefs of the Christians. They declared: 'We shall neither break the pact to obey your command, nor stop expressing our gratitude to you. You have come to us from the unseen like the angels of deliverance.'

So they hastened to their homes with thoughts of their sustenance and transforming their desert into a lush and verdant garden. They neither doubted him nor tarried; rather, every one of them rushed home to bring him their gold. They scurried to increase their wealth, intoxicated by their greed, like madmen. When they exuberantly entered their homes, they greeted their families with 'Good morning!' and then proceeded to relate

أنعِموا صباحًا، ثم قصّوا عليهم القصّة، وهنّأوهم متبسّمين. فصدّقوا قولهم الذين كانوا كمثلهم فى الجهالة ونظيرهم فى الضلالة، وكانوا يتغنون فرحين. فنزعوا الحلى من أعضاء نسائهم وآذان إمائهم وآناف بناتهم وأيدى أخواتهم وأرجل أمهاتهم، وأشركوا فى تلك التجارة نساءَ أصدقائهم وأزواج أحبّائهم، بل نسوانَ جيرانهم وعذارى أقرانهم، وغادروهن كأشجار خالية من ثمار وغادر كل أحد بيته أنقَى من الراحة، طمعًا فى كثرة المال وزيادة الراحة ثم رجعوا مستبشرين، ونبذوا الحلى أمام يديه فرحين. فلما رأى المكّار امتلاء كيسه وانجلاء بؤسه، ورأى حمقهم وجهلهم، فرِح فرحًا شديدًا، ووجد نفسه غنيًّا صنديدًا، قال أعلم أنكم ذوو حظ عظيم ومن الفائزين، وستجتنون جَنَى عملكم وتعلُون مطاجملِكم، وتذكروننى إلى أبد الآبدين.

ثم قال يا معشر الأخيار وأكباد هذه الديار، اعلموا أن هذا العمل من الأسرار، وقد وجب إخفاءها من الأغيار، ومن أشراط هذه الرُّقْية قراء تُها فى الزاوية على شاطئ الوادى عند نهر جار فى البادية، وكذلك عُلِّمت من المعلِّمين، فهل تأذنوننى أن أفعل كذا، وأرجع إليكم بذهب كأمثال الرُّبَى، لترجعوا إلى شركائكم بمال ما رأته عين الناظرين؟ وسترون قناطيرًا مقنطرة من الذهب الخالص

خوشی کے گانے لگے۔ پھر ان لوگوں نے اپنی عورتوں کے اعضاء اور اپنی لونڈیوں کے کانوں اور اپنی بیٹیوں کے ناکوں اور اپنی بہنوں کے ہاتھوں اور اپنی ماؤں کے پیروں سے زیور اتارے اور اس تجارت میں ان لوگوں کو بھی شریک کر لیا جو ان کے دوستوں کی عورتیں اور ان کے آشناؤں کی بیویاں تھیں بلکہ اپنے ہمسائیوں کی عورتوں اور اپنے ہم مرتبہ لوگوں کی کنواریاں [1] لڑکیوں کو بھی اس تجارت میں داخل کیا اور ان عورتوں کو ایسی حالت میں چھوڑا جیسا کہ درختوں سے پھل اتارا جاتا ہے اور ہر یک نے اپنے گھر کو ہتھیلی کی طرح صفاچٹ چھوڑا اس طمع سے کہ مال بڑھے گا اور بہت آرام ہو گا پھر خوش خوش واپس آئے۔ اور آکر اس مکار کے آگے تمام زیور ڈال دیا اور اس حرکت کرنے کے وقت بہت خوش تھے پس جبکہ اس مکار نے دیکھا کہ اس کا تھیلا بھر گیا اور سختی جاتی رہی اور یہ بھی دیکھا کہ یہ لوگ کیسے احمق اور جاہل ہیں تو بہت ہی خوش ہوا اور اپنے تئیں ایک غنی رئیس کی طرح پایا کہنے لگا کہ میں جانتا ہوں کہ تم لوگ بڑے ہی خوش قسمت ہو اور ان میں سے ہو جو مراد پاتے ہیں اور عنقریب تم اپنے عمل کا پھل چنو گے اور اپنے اونٹ پر سوار ہو گے اور ہمیشہ مجھے یاد رکھو گے۔

پھر کہنے لگا کہ اے نیکوں کے ٹولو اور اس ولایت کے جگر گوشو آپ لوگ یقیناً جانیں کہ یہ عمل اسرار میں سے ہے اور غیروں سے چھپانا اس کا واجب ہے اور اس کی شرطوں میں سے ہے جو اس کو گوشہ خلوت میں پڑھیں کسی جنگل کے کنارہ پر اس جنگل میں جہاں نہر بھی جاری ہو اور اسی طرح مجھے استادوں نے سکھلایا ہے۔ اب کیا آپ لوگ اجازت دیتے ہیں کہ میں ایسا ہی کروں اور ٹیلوں کی طرح مال لے کر واپس آؤں تا تم وہ مال لے کر اپنے شریکوں کے پاس جاؤ جو کسی آنکھ نے نہ دیکھا ہو اور عنقریب تم ڈھیروں کے ڈھیر سونا اور خوبصورت مال دیکھو گے اور

۱۔ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے "کنواری" ہونا چاہیے۔ ناشر

the entire incident to them, and then smilingly congratulated them. The household in turn accepted their word—being similar to them in their ignorance and error—and sang with great happiness. So they stripped all the jewellery from the limbs of their wives, from the ears of their handmaids, from the noses of their daughters, from the hands of their sisters, and from the feet of their mothers. The female relatives of their friends and the spouses of their loved ones all partook of this trade, as did the womenfolk among their neighbours and the young maidens among their companions. They left these women resembling a tree picked clean of its fruit.

Each and every one left their home completely emptied of valuables—hoping for increases in their wealth and comfort—and returned with optimism and cheerfully placed the jewellery in the hands of the swindler. When he saw his sack fill up and his own misfortune fade, and observed their foolishness and ignorance, he became exceedingly jubilant and now perceived himself to be a noble chief with great riches. He said: 'I know that you are very fortunate and among those who achieve their ambitions. Soon you shall reap the fruits of your labour and mount your camel, and you will remember me for all eternity.'

He then announced: 'O you who are the best of people and the beating heart of this land, know that this work is mysterious, and it is necessary to hide it from others. One of the conditions of this incantation is that it must be recited in a secluded place along the edge of a desert valley that has a river running through it. This is how I learned it from my masters. So do you grant me permission to do the same? I will return to you with heaps of gold, so that you may go back to your partners [in this endeavour] with such wealth as no eye has ever seen. Soon you shall see stored up heaps of pure gold and pleasing wealth. As a means of

والمال المليح، ولا ترون نظيره فى التنجية إلّا كفّارة المسيح، ويكفى لدينكم الكفّارةُ ولدنياكم هذه الإمارة، فنجوتم فى الدارينِ من تحريك اليدين ومِن جهد الجاهدين. قالوا الأمر إليك والقلب لديك، وإنك اليوم لدينا مكين أمين. قال طوبٰى لكم ستُفتَح عليكم أبواب المسرّة وتُعطٰى لكم مفاتيح الدولة، بل أعلّمكم رُقْيتى، لكى لا تضطربون عند غيبتى، ولكى تكون لكم دولة عظمٰى ومُلكٌ لا يبلٰى. قالوا لا نستطيع إحصاء شكرك وإنك أكبر المحسنين. قال جَيْرَ، ما علّمتُ أحدًا هذا العمل من قبلكم، ولا أعلِّم بعدكم قومًا آخرين. فسألوا عنه سرَّ هذا التخصيص وحكمةَ تحديد هذا التبصيص، فأقسمَ بالأقنوم الذى يجير الجانى أنه ضاها فى هذه العادة بالأقنوم الثانى، وجعلهم كالمسيح من المتفردين. ثم شمّر ذيله ليطير كالعقاب، فغدا بإزعام الذهاب ولا اغتداءَ الغراب، وقال لهم عند الفرار يا سادات الأمصار وصناديد الديار، سآتيكم إلى نصف النهار، فانتظِرونى قليلًا من الانتظار، ولا تأخذكم شىء من الاضطرار، فإن الرُقْية طويلة والبُغْية جليلة، والطبيعة عليلة، والمسافة بعيدة، والبرودة شديدة، وما كنت أن أشقّ على نفسى فى هذا الضُعف والنحافة، وما أجد فى بدنى قوّةَ قطع المسافة، وإنى

بجز کفارہ مسیح کے نجات دینے میں اس کی کوئی نظیر نہیں پاؤ گے تمہارے دین کے لئے تو کفارہ مسیح کافی ہے اور تمہاری دنیا کے لئے یہ امیری مکتفی ہے سو تم دونوں جہانوں میں محنت اور کوشش کرنے سے آزاد ہو گئے۔ انہوں نے عرض کیا کہ ہم تیرے حکم کے تابع ہیں اور ہمارے دل تیرے پاس ہیں اور آج تو ہماری نظر میں بامرتبہ اور امین آدمی ہے۔ کہا شاباش عنقریب تم پر خوشی کے دروازے کھلیں گے اور تمہیں دولت کی کنجیاں دی جائیں گی بلکہ میں تمہیں یہ منتر بھی سکھلا دوں گا تا میری عدم حاضری میں تمہیں کچھ تکلیف نہ پہنچے اور تا تمہیں ایک ایسی دولت ملے جو بہت بزرگ دولت ہے اور ایک ایسا ملک ملے جس کا انتہا نہیں انہوں نے کہا کہ ہم تیرا شکر نہیں کر سکتے تو سب احسان کرنے والوں سے بزرگ تر ہے۔ اُس نے جواب دیا کہ تم یقیناً سمجھو کہ یہ عمل مَیں نے تم سے پہلے کسی کو نہیں سکھایا اور نہ بعد تمہارے کسی کو سکھاؤں گا۔ پس انہوں نے اس تخصیص کا بھید اس سے دریافت کیا اور اس چمک کے محدود رکھنے کی حکمت پوچھی پس اس نے اس اقنوم کی قسم کھائی جو گناہ گار کو گناہ سے خلاصی بخشتا ہے کہ وہ اس عادت میں اقنوم ثانی سے مشابہ ہے۔ یعنے جیسے اقنوم ثانی نے حضرت عیسےٰ سے پہلے کسی اور سے تعلق نہیں کیا نہ بعد میں کرے گا ایسا ہی اس نے اس قوم سے یہ تعلق پیدا کیا اور کہا کہ میں نے اقنوم ثانی کی طرح ہو کر تمہیں مسیح کی طرح اپنے تعلق سے خاص کر دیا ہے پھر اس نے اپنا دامن اکٹھا کیا تا کہ عقاب کی طرح اڑ جائے پس اس نے چلے جانے کی نیت سے صبح کی ایسی صبح کہ کبھی کوے نے بھی نہ کی ہو اور بھاگنے کے وقت ان کو کہنے لگا کہ اے شہروں کے سردار و اور ولائیتوں کے رئیسوں میں دوپہر تک تمہارے پاس آؤں گا سو تم نے کچھ تھوڑی سی میری انتظار کرنا اور تمہیں کچھ بے قراری نہ ہو کیونکہ منتر بہت لمبا ہے اور مطلب بہت بڑا ہے اور مراد بہت بڑی ہے اور طبیعت بیمار ہے اور دور جانا ہے اور سردی بہت پڑتی ہے اور میرا دل نہیں چاہتا کہ اس ضعف اور

deliverance, you will find no equal to it save the Atonement of the Messiah. The doctrine of Atonement suffices for your faith and this affluence for your world. Thus, you are freed in both realms from labouring with your hands and from toiling in the manner of those who struggle.'

They said: 'It is for you to command us and our hearts are with you. On this day you are a man of established position and trust with us.' He replied: 'Well done! Soon, the doors of happiness will be opened for you, and you shall be given the keys to the State. What is more, I will teach you my incantation so that, during my absence, you are not put to any hardship, and so that you may possess a great nation and an eternal kingdom.'

'We cannot properly express our gratitude,' they cried, 'and you are surely the most generous of those who do good unto others.' He answered: 'Truly, I have never taught this method to anyone before you, nor shall I teach any other people after you.' So they asked him the veiled reason for this distinction and the wisdom behind limiting this lustre. He swore upon the godhead that grants redemption [i.e. the Father] that in this practice he resembles the second godhead [i.e. the Holy Spirit], and this would make them like the Messiah, insofar as they were chosen above all others.

Then he tucked in the tail of his cloak to fly off like an eagle. He arose the following morning with the intention of departing quickly, not like the morning wanderings of the raven. As he took flight, he said to them: 'O ye chiefs of the towns and rulers of the states! I will return to you by midday, so wait for me with a little patience. Be not anxious, for the incantation is lengthy and its purpose is grand; moreover, I am unwell and the distance is long and the cold weather is intense. Truly I do not wish to take more trouble upon myself in this state of weakness and emaciation, nor do I find strength in my body to complete this journey. I have abandoned all attachments to this world, and forsaken both its abundance and its scarcity. Now, the only

نبذت عُلَق الدنيا كلها، وتركت كُنُزها وقُلَّها، وما يسرّنى إلا ذكر المسيح ربّ العالمين (لعنة الله على الكاذبين)

ولكنّى كلّفت نفسى لكم بما رأيتكم من قبائل الشرفاء ووجدتكم كأطلال الأمراء وفى الضرّاء بعد النعماء، وبما تحقّقت المصافاة وانعقدت الموذّات، فهاجت رحمتى وماجت شفقتى، وجذبنى بَخْتُكم المحمود ونجمكم المسعود، فأردت أن أجعلكم كالسلاطين. وسأرجع إليكم مع الجَنى الملتقط، فانتظِروا بالقلب المغتبط، سترون بيضاء وصفراء كحليلة جميلة زهراء، وأُوافيكم كالمبشّرين المستبشرين. فذهب وتركهم مغبونين. فما فهموا أنه غَرَّ وطلب المفرّ، وفرحوا بتصور حصول المراد، ولبثوا يرقبونه رِقبةَ أهلّة الأعياد، وينتظرونه انتظارَ أهل الوداد متنافسين، إلى أن تلبست الشمس كالمتندمين نقابَها، وسوّدت كالمحزونين ثيابها، وألغثّ كالمخدوعين حسابها، واختفتْ بوجه مصفرّ كالمنهوبين. فلما طال أمد الانتظار، وتجاوز الوقت من موعد المكّار، وأضاعوا فى رِقبة الزمانَ، وبانَ أن الرجل قد مانَ، نهضوا كالمجانين، وسعوا إلى كل طرف مفتّشين، وعدَوا إلى اليمين واليسار مرتعدين، بتصوُّر الحلى الكبار وفِكْرِ هتك الأستار. فلما استيأَسوا منه كالثكلى سقطوا كالموتى، وأكبّوا

پیرانہ سالی میں یہ مشقت اپنے پر اٹھاؤں اور میرے بدن میں یہ قوت بھی نہیں کہ اتنی دور جاسکوں اور میں دنیا کے تمام علاقے چھوڑ بیٹھا ہوں اور مجھے بجز اس کے کچھ اچھا دکھائی نہیں دیتا جو مسیح کا ذکر کرتا رہوں جو رب العالمین ہے۔

مگر میں نے تمہارے لئے یہ کلفت اٹھائی کیونکہ میں نے شریف قبیلوں میں سے تمہیں پایا اور میں نے دیکھا کہ تم امیروں کے باقی ماندہ نشان اور بعد نعمت کے سختی میں پڑے ہو اور اس لئے بھی کہ ہم میں اور تم میں بہت پیار ہو گیا ہے اور دوستانہ ربط ہو چکا ہے سو میری رحمت اور شفقت تمہارے لئے اٹھی اور موجزن ہوئی اور تمہارے طالع محمود اور نیک ستارہ نے مجھے اپنی طرف کھینچ لیا سو میں نے چاہا کہ تمہیں بادشاہ کی طرح بنادوں۔ اور میں عنقریب تازہ چنا ہوا میوہ لے کر تمہارے پاس آؤں گا سو آرزو مند دل کے ساتھ میرے منتظر رہو عنقریب تم سونے اور چاندی کے ایسے جلوہ کو دیکھو گے جیسے کہ ایک خوبصورت عورت سامنے آجاتی ہے۔ سو اس نے یہ کہا اور چلا گیا اور ان کو ٹوٹے میں چھوڑ گیا۔ سو انہوں نے نہ سمجھا کہ وہ دھوکا دے گیا اور بھاگ گیا اور مراد ملنے کے تصور میں وہ خوش ہوئے اور اسی جگہ ٹھہر کر ایسے طور سے اس کی انتظار کرتے رہے جیسا کہ عید کے چاند کی انتظار کی جاتی ہے اور جیسا کہ دوست دوست کا منتظر ہوتا ہے یہاں تک کہ سورج نے شرمندوں کی طرح اپنا منہ چھپالیا اور ماتم زدہ اور سخت غم ناک لوگوں کی طرح سیاہ کپڑے پہن لئے اور اپنے وجود کو دھوکا کھانے والوں کے مال کی طرح حساب سے نظر انداز کر دیا اور منہ زرد کے ساتھ ایسا چھپا جیسا کہ وہ لوگ زرد رنگ ہو جاتے ہیں جن کے مال لوٹے جاتے ہیں پس جبکہ انتظار کا زمانہ لمبا ہو گیا اور اس مکار کے وعدہ سے وقت بڑھ گیا اور جبکہ بہت سا وقت انہوں نے انتظار میں ضائع کیا اور کھل گیا کہ وہ آدمی تو جھوٹ بول گیا تو سودائیوں کی طرح اٹھے اور ہر یک طرف تلاش کرتے ہوئے دوڑے اور دائیں بائیں طرف دوڑتے ہوئے گئے اور بڑے زیوروں کا خیال اور پردہ دری کا بھی فکر تھا پس جب کہ اس کے ملنے سے زن فرزند مردہ کی طرح نوامید ہو گئے تو روتے ہوئے اپنے

thing that pleases me is remembrance of the Messiah, who is the lord of all the worlds. (May the curse of Allah be on the liars!)

'Notwithstanding, I have taken on all this trouble for your sake, for I observed you to be among those tribes that have a noble heritage and found you to be like the vestiges of past emirs; and because you are facing adversity after having had many blessings; and since affection has blossomed between us and an intimacy has formed. For these reasons, my mercy arose, my compassion surged, and your good fortune and lucky star drew me towards you, so I determined to make you like the sultans. Soon I shall return to you with freshly picked fruit, so wait for me with cheerful hearts. You will behold radiant white and yellow [i.e. silver and gold] calling to mind a beautifully adorned and radiant bride, and I shall appear before you like a bearer of glad tidings.'

With this, he departed and left them utterly defrauded. They failed to comprehend that he had beguiled them and was simply seeking an escape. Instead, they rejoiced at the thought of attaining their desire. They lingered there, waiting for him as one waits for the new moon that marks the beginning of Eid. They waited for him as dear friends anxiously await one another, until the sun itself covered its face as though it were remorseful; donning black clothes like those in mourning; rendering its account null and void like those who had been defrauded; and hiding itself with a sallow face resembling those who had been cheated. When the period of waiting became prolonged; and the time appointed by the deceiver came and went; and they had wasted a great deal of time in anticipation; and it became evident that this man had lied; they arose like madmen and raced off in every direction looking for him, rushing right and left in great distress, thinking about their precious gems and concerned about this [incident] coming into view of the public.

When they despaired of ever finding him, like a mother

على وجوههم باكين، وعرفوا أنهم قد خُدعوا بل جُدعوا ومن القوم قُدعوا، فضربوا على خدودهم قائلين يا ويلنا إنا كنا منهوبين مخدوعين. ثم ألقوا على رؤوسهم غبار الصحراء، وصعدت صرخهم إلى السماء، وجمعوا الناس حولهم من شدة الجزع والفزع والبكاء. فجاءهم القوم مُهرَعين، فسألوا عن بلاءٍ نزل وجُزحٍ ابتزل، وعن مصيبة مذيبة للقلوب وداهيةٍ مهيّجة للكروب، واستفسروا من تفاصيل المصيبة وكيفية القصة. فعافُوا أن يبيّنوا خوفًا من طعن الناس والخزى بين العوام والخواص، ومع ذلك كانوا صارخين. فقال القوم ما لكم لا ترقأ دمعتكم ولا تسكن زفرتكم، أظُلِمتم من قوم عادين؟ لِم تسترون الحقيقة وتزيدون الكربة، ألا ترون إلى لوعةِ كرب المحبّين؟ فصاحوا صيحة المغبون، واستحيوا مِن إظهار الكمد المكنون، ثم بيّنوا القصّة وأبدوا الغُصّة، وما كادوا أن يبيّنوا، ولكن عجزوا عن إصرار المصرّين. فلامَهم كلُّ أحد من العقلاء، ومطرت مِن كل جهةٍ سهامُ العُذلاء، فنكسوا رؤوسهم متندمين. وقال المعيّرون يا معشر الحمقاء وأئمة الجهلاء، ألستم عِلمتم أنه جاءكم فقير بادى الخذلان، وعليه بُردانِ رثّانِ كالعُثان؟ فمن كان فى أطمار كيف يهبكم رِياشَ أفخارٍ، وينجيكم من أسرِ أوطار؟ أما رأيتم

مونہوں پر گرے اور سمجھ گئے کہ ہمیں دھوکا دیا گیا بلکہ ہمارا ناک کاٹا گیا اور قوم سے ہم ہٹائے گئے تب انہوں نے اپنی گالوں پر یہ کہتے ہوئے طمانچے مارے ہمارے پر واویلا ہم تو لوٹے گئے دھوکا دیئے گئے پھر انہوں نے اپنے سروں پر جنگل کا گھٹاڈال لیا اور ان کی فریاد آسمان تک پہنچ گئی تب قوم ان کے پاس دوڑتی ہوئی آئی اور انہوں نے اس بلا سے نازل ہوئی اور اس زخم سے جس کا شگوفہ نکلا اور اس مصیبت سے جس نے دلوں کو گلایا اور اس حادثہ سے جس نے بے قراری پیدا کی دریافت کیا اور مصیبت کی تفصیل دریافت کی اور اس قصہ کی کیفیت پوچھی سو انہوں نے بیان کرنے سے دل چرایا کیونکہ وہ لوگوں کے لطن طعن اور خاص وعام میں رسوا ہونے سے ڈرے مگر باوجود اس کے فریاد کر رہے تھے۔ پس قوم نے کہا کیا سبب کہ تمہارے آنسو نہیں تھمتے اور تمہاری چیخیں کم نہیں ہوتیں کیا تم پر کسی ظالم نے ظلم کیا کیوں تم حقیقت کو چھپاتے اور اپنے دوستوں کی بے قراری کو زیادہ کرتے ہو۔ پس انہوں نے پھر ایک چیخ ماری جو ایک زیاں رسیدہ مارتا ہے اور چھپے ہوئے غم کے ظاہر کرنے سے شرم کی پھر قصہ کو کھول دیا اور غصہ ظاہر کر دیا اور نہیں چاہتے تھے کہ ظاہر کریں لیکن اصرار کرنے والوں کے اصرار سے عاجز آ گئے۔ پس ہر یک عقلمند نے ان کو ملامت کی اور ملامت کرنے والوں کے ہر یک طرف سے تیر برسے۔ پس انہوں نے شرمندہ ہو کر سر جھکا لئے اور ملامت کرنے والوں نے کہا کہ اے احمقو اور جاہلوں کے پیشواؤ کیا تمہیں معلوم نہیں تھا کہ ایک محتاج تمہارے پاس آیا جس کی بے عزّتی کھلی کھلی تھی اور اس پر پرانی چادریں دھوئیں کی طرح تھیں سو جو شخص آپ ہی پرانی چادریں رکھتا تھا وہ تمہیں لباس فاخرہ کہاں سے دیتا اور کیونکر تمہاری حاجت روائی کرتا کیا تم نے افلاس کے آثار اس میں نہیں پائے تھے پھر کیوں تم اس کے فریفتہ ہو گئے کیا تم چار پائے تھے یا آدمی تھے پھر قطع نظر اس سے یہ باتیں بھی از قبیل خرافات اور قانون قدرت سے بعید تھیں اور خدا تعالیٰ کی سنت مستمرہ سے دور تھیں پس اگر تم عقلمند تھے تو کیوں اس شخص کو اور اس کی باتوں کو قبول کر لیا۔

who loses her child, they fell to the ground as though they were dead and hung their heads, weeping. They realized that they had been deceived and humiliated and, in essence, expelled from society. So they took to slapping themselves on the face, crying out, 'Woe to us! We were robbed and deceived!' Then they poured the desert sand onto their heads.

As their screams reached the heavens, people gathered around them because of their great state of panic, concern, and crying. Having hastened to them, the people inquired as to what calamity had befallen them; what injury they had suffered; what tribulation caused their hearts to waste away; and as to what catastrophe caused them such grief. They sought a detailed explanation of the calamity and the particulars of the case. However, the townspeople chose not to explain, fearing the ridicule of the people and humiliation before the masses and the elite. And yet, they continued to cry out. So the people asked: 'What is the matter with you that your tears do not stop and your sighs do not abate? Have you been wronged by an unjust people? Why do you hide the truth and increase our consternation? Do you not see the anguish resulting from your friends' concerns?'

On this, they cried the cry of the aggrieved and, despite the embarrassment of disclosing their secret grief, they proceeded to relate their story and revealed their sorrow. They had resolved not to make it public, but they relented due to the persistence of determined people. Thereafter, every intelligent person criticized them, and the arrows of reproach rained down on them from every direction, until they hung their heads low in great embarrassment. The reproachers said to them: 'O foolish people and leaders of the ignorant! Did you not realize that the person who came to you was a pauper, plainly forsaken, wearing naught but two tattered garments like molted feathers? So how could he who was himself in rags give you robes of splendour, and grant you relief from privation and need? Did you not see that he

عليه أثر الإفلاس، فكيف شغفتم به أكنتم أنعاما أو من الناس؟ ثم كانت هذه الخرافات بعيدة من قانون القدرة وخارجة من السنن المستمرة، فكيف قبِلتموها وقائلَها إن كنتم عاقلين.

وكيف نسيتم تجارب الحكماء، أكنتم أنعامًا أو كنشوانِ الصهباء مخمورين؟ وكيف ظننتم أنه صدوق أمين مع أنه خالفَ الصادقين أجمعين؟ أما رأيتم أطماره؟ أما شاهدتم إزاره؟ أما سمعتم من قبل قصصَ المكّارين؟ فلا تلوموا أحدًا ولوموا أنفسكم إنكم قد أهلكتم نسوانكم وإخوانكم وخلانكم وجيرانكم، فليبكِ على فهمكم من كان من الباكين.

هذا مثل المسيحيين وكفّارتهم وجهلهم وغرارتهم، وما قلنا إلا نصاحةً لله لقوم جاهلين. ولكن المسيح والصالحين من أصحابه مبرَّؤون من ذلك المثل وخطابه، وما نتوجه إلا إلى الخائنين الذين سيرتهم سيرة السرحان ولبوسهم لبوس الرُّهبان، وقد تبينَ انكفاءهم وبرح ليلاءهم، وتبين أنهم من الضالين المضلين. ومن وقاحتهم أنهم مع جهلهم يصولون على الإسلام، ويضلّون طوائف الأنام، ويشيعون أنواع الآثام، وكانوا قومًا دجّالين. فليندموا على بادرة الاعتقاد، وليخافوا خسرانهم يوم المعاد، وما أنا إلّا نذير من ربّ العالمين.

اور کیونکر تم نے حکیموں کے تجارب کو فراموش کر دیا کیا تم چارپائے تھے یا شراب سے مست تھے اور تم نے کیونکر جانا کہ وہ صادق اور امین ہے حالانکہ اس نے تمام صادقوں کے برخلاف بات کہی کیا تم نے اس کی پرانی چادریں نہ دیکھیں کیا تم نے مکاروں کے قصے نہیں سنے تھے سو تم اپنے آپ کو ملامت کرو نہ کسی دوسرے کو تم نے اپنی بیویوں اور اپنے بھائیوں اور اپنے دوستوں اور اپنے ہمسائیوں کو ہلاک کر دیا پس چاہیئے کہ ہر یک رونے والا تمہاری سمجھ پر رووے۔

یہ عیسائیوں اور ان کے کفارہ کی مثال ہے اور ان کی نادانی کا نمونہ ہے اور ہم نے محض لِلّہ نادانوں کے لئے یہ نصیحت بیان کی ہے مگر مسیح اور اس کے نیک اصحاب اس تمثیل سے مبرا ہیں اور ہمارا خطاب صرف ان خیانت پیشہ لوگوں کی طرف ہے جن کی خصلت بھیڑیئے کی خصلت اور لباس راہبوں کا لباس ہے اور ان کی برگشتگی اور ان کی رات کی سختی ظاہر ہو چکی ہے اور ظاہر ہو چکا ہے کہ وہ گمراہ اور باطل پرست ہیں۔ اور ان کی کمال بے شرمی ہے کہ وہ باوجود اپنی نادانی کے اسلام پر حملہ کرتے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کر رہے اور انواع اقسام کے گناہوں کو پھیلا رہے ہیں اور وہ ایک دجال قوم ہے پس چاہیئے کہ اپنی جلدی کے اعتقاد سے پشیمان ہوں اور اپنے آخرت کے ٹوٹے سے ڈریں اور **میں تو ایک ڈرانے والا خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوں۔**

possessed signs of impoverishment? How, then, did you become enamoured with him—are you mindless sheep or human beings? Furthermore, the tales he told you are opposed to the laws of nature and outside of God's established practices, so how could you have accepted them and the one who narrated them, if you are truly intelligent?

How could you have forgotten the experiences of the wise elders: are you mindless cattle, or are you like drunkards, constantly intoxicated by wine? How could you have thought that he was truthful and trustworthy when his actions were opposed to all the truthful people? Did you not see his tattered clothes? Did you not observe his outer garments? Have you never before heard stories about swindlers? So do not blame anyone else; rather, blame yourselves. Verily, you are the ones who have brought ruin upon your wives and your brothers, and upon your friends and neighbours. So let those of you who are crying, cry over your own intelligence.

This is the parable of the Christians and their Atonement, and of their ignorance and heedlessness. I have said this only for the sake of Allah—a sincere admonition for a people without true knowledge. The Messiah and his righteous Companions are absolved of this parable and its judgement. I direct it solely towards those faithless ones who move like wolves but who dress like monks; whose abandonment [by God] has been made apparent and whose fierce darkness has become known; and who have been proven to be misguided and to misguide others. It is a reflection of their utter shamelessness that, despite their own ignorance, they continue to attack Islam, misguide all classes of people, and spread various kinds of sins. They are indeed a mischievous people. Let them repent of their hastily formed beliefs, and fear their state of loss on the Day of Judgement. **I am but a Warner from the Lord of all the worlds.**

إنّى من الله العزيز الأكبرِ — حقٌّ فهل من خائفٍ مُتدبّرِ

جاءت مرابيع الهدى ورِهامُها — نزلتْ وجَوْدٌ بعدها كالعسكرِ

جُعلت ديار الهند أرضَ نـزولها — نصرًا بما صارت محلَّ تنصُّرِ

فيها جموع يشتمون نبيَّنا — فيها زروع من ضلالٍ مُوثَرِ

قوم يعادون التُّقٰى مِن خبثهم — ويؤيدون أمورَ ضِدِّ تطهُّرِ

وتكنّستْ ذاتَ المِرار ظبيُّهمْ — إذ صُلتُ عند تناضُلٍ كغضنفرِ

میں اس خدا کی طرف سے ہوں جو بزرگ اور عزت والا ہے — یہی بات سچ ہے پس کوئی ہے! جو ڈرے اور سوچے

ہدایت کے بہاری مینہ آ گئے اور ہلکے ہلکے مینہ تو — اتر آئے اور بڑا مینہ اس کے بعد ایک لشکر کی طرح آنے والا ہے

ان مینہوں کے اترنے کی جگہ ہند کی زمین قرار دی گئی — مدد کے طور پر کیونکہ عیسائی دین مسلمانوں میں پھیلنے کی یہی جگہ ہے

اس ملک میں ایسے لوگ ہیں جو ہمارے نبی صلعم کو گالیاں دیتے ہیں — اس ملک میں گمراہی کی کھیتیاں ہیں جو پسند کی گئی ہیں

وہ ایک قوم ہے جو بوجہ اپنے خبث کے پرہیز گاروں سے دشمنی رکھتی ہے — اور ناپاکی کی باتوں کو شائع کر رہے ہیں

اور کئی مرتبہ ان کے ہرن مجھ سے چھپ گئے — جب کہ میں نے لڑائی کے وقت شیر کی طرح حملہ کیا

Verily I am from Allah, the Mighty, the Greatest;
This is the truth! Is there, then, anyone who fears [God] and reflects?

The light rain of divine guidance has arrived;
After which a deluge like a massive army shall pour forth.

It was decreed that India should receive this divine guidance, as a mighty help,
For it had become the place where Christianity was spreading.

There are groups in this land that insult our Prophet;
There are crops of misguidance here that have been favoured.

They are a people who oppose the righteous out of malice,
And lend their support to matters opposed to purity.

Many a time, like antelopes, they ran and hid from me,
When, like a lion, I charged towards them in battle.

منهم خبيث مفسد متفاحش — أُخبِرتُ عنه وليتنى لم أُخبَرِ

غُولٌ يسبّ نبيَّنا خيرَ الورٰى — لُكَعٌ وليس بعالم متبحّرِ

يا غُولَ باديةِ الضلالة والهوىٰ — تهذى هوًى مِن غير عينِ تبصُّرِ

قطّعتَ قلب المسلمين جميعهم — كم صارم لك يا عَبِيطُ وخنجرِ

إنا تصبَّرنا على إيذائكم — والنفس صارخة ولم تتصبرِ

إنا نرى فتنًا تذيب قلوبنا — إنا نرى صورًا تهولُ بمنظرِ

ان میں سے ایک خبیث مفسد بدگو دشنام دہ ہے — مجھے اس کی اطلاع دی گئی ہے کاش کہ نہ دی جاتی یعنی اس کا وجود ہی نہ ہوتا

ایک شیطان ہے جو ہمارے نبی افضل المخلوقات کو گالیاں دیتا ہے — سفلہ نادان فرومایہ ہے اور ایسا نہیں ہے کہ کوئی عالم متبحر حقائق کی تہ تک پہنچنے والا ہو

اے گمراہی اور حرص کے جنگل کے شیطان — تُو محض ہوا پرستی سے بکواس کر رہا ہے اور معرفت کی آنکھ تجھ کو حاصل نہیں

تو نے تمام مسلمانوں کا دل ٹکڑے ٹکڑے کر دیا — اے درونگو جنگجو ہمیں یہ تو بتلا کہ تیرے پاس کتنی تلواریں اور خنجر ہیں

ہم نے تو تمہارے دکھ دینے پر بتکلف صبر کیا — مگر جان فریاد کر رہی ہے اور صبر نہیں کر سکتی

ہم وہ فتنے دیکھ رہے ہیں جو دلوں کو گلاتے ہیں — ہم وہ منہ دیکھ رہے ہیں جو ہمیں ڈراتے ہیں

Among them is one who is a wicked and corrupt spoiler who promotes indecency;
I was informed of him, though alas I wish I had never learned of his existence.

He is a satan who vilifies our Prophet, the Best of Creation;
He is wicked—not an erudite scholar.

O devil of the desert of wrongdoing and evil inclination!
You utter sheer nonsense without divine insight.

You have torn apart the hearts of all Muslims;
O fool, how many swords and daggers do you possess!

We have borne the injuries caused by you with great patience,
But our soul cries out vehemently as it could no longer bear it.

We are witnessing tribulations that melt our hearts;
We are seeing images that terrify those who see it.

جاءوا كمفترس بنابٍ داعسٍ — دحسًا ككلب نابح متشذّرِ

كانوا ذيابًا ثم وجدوا سَخلةً — فى البرّ منفردًا أسيرَ تحسُّرِ

وترى بطون المفسدين كأنها — قِربٌ بما نالوا كمالِ تعَجُّرِ

حاذت مطاياهم على أعناقنا — حتى تكسّرنَا كعظمٍ أنخَرِ

فاض العيون من العيون كأنها — ماء جرى من عَنْدَمٍ متعصّرِ

فنهضتُ أنصَحهم وكيف نصاحتى — قومًا أوابدَ معجَبين كضيطَرِ

وہ ایک شکار مارنے والے کی طرح نیزہ مارنے والے دانتوں کے ساتھ آئے — قوم میں تفرقہ ڈالنے والے ہیں اس کتے کی طرح جو آواز کرتا اور حملہ کرنے کے لئے اپنی دم اکٹھی کر لیتا ہے

وہ تو بھیڑیئے تھے سو انہوں نے جنگل میں — ایک اکیلا برہ پایا جو ماندگی کا مارا ہوا تھا

اور مفسدوں کے پیٹوں کو تو دیکھتا ہے کہ گویا وہ — مشکیں ہیں کیونکہ پیٹ اتنے بڑھ گئے کہ ان میں بل پڑتے ہیں

انہوں نے اپنی سواریوں کو ہماری گردنوں پر سخت دوڑایا — یہاں تک کہ ہم بوسیدہ ہڈی کی طرح ہوگئے

آنکھوں سے چشمے جاری ہوگئے گویا کہ وہ — دم الاخوین کا پانی ہے جو اس کے نچوڑنے کے وقت چک رہا ہے

پس میں گالیاں دینے والوں کو نصیحت کرنے کے لئے اٹھا اور میرا نصیحت دینا — ایسی قوم کو کیا مفید ہوسکتا تھا جو ایک وحشی اورخودبیں اور فرو مایہ اور بے خبر آدمی کی طرح ہے

They come like predators with piercing fangs;
They create discord like a dog that barks, preparing to fight.

They were wolves that spotted a solitary lamb,
Bound by its grief, in the wilderness.

You see the bellies of the mischief-makers;
Like water-skins, stretched full with all their illicit gains.

Their horses trampled our necks,
Until we were crushed like decaying bones.

A stream of tears flowed from our eyes,
As though it were the blood red sap that runs from the Brazil-wood tree when it is pressed.

So I rose to counsel them, but how can my guidance benefit,
A wild people, vain like bloated louts?

قد غُودِرَ الإسلام مِن جهلاتهم وخلَتْ أماعزُ عن سحابٍ ممطرِ

شاقت قلوبَ الناس ظُغنُ جِيائهم فتأبّطوا بُرَحاءَهم بتخيُّرِ

زُجَلٌ عمون منجّسو عرصاتِنا فَجَأَتْ طوائحُهم كذِئْبٍ مُبكِرِ

والعين باكية وليس بكاؤنا شيئًا سِوى الفضل المنير المسفِرِ

إن البلايا لا يـرُدُّ رِكابَها إلا يدا ملِكٍ قدير أكبرِ

إن المهيـمن لا يُضِيع عباده فَافْرَحْ ولا تحزنْ بوقتٍ مُضجِرِ

عوام نادان نے ان کے باطل وساوس سے اسلام کو ترک کر دیا اور وہ پتھریلی زمین برسنے والے بادل سے محروم رہ گئی

لوگوں کے دلوں کو ان ہودج نشینوں نے شوق دلایا جو ان کی ہنڈیوں کے سرپوش کے اندر تھیں سو انہوں نے ان کی بلا کو دیدہ دانستہ بغل میں لے لیا

اندھی جماعتیں ہیں جو ہمارے ملک کو پلید کر رہی ہیں ان کے حوادث ناگاہ ہم پر پڑے اور وہ ایسے آئے جیسا کہ بھیڑیا فجر کے وقت شکار کے لئے نکلتا ہے

آنکھ تو رو رہی ہے مگر ہمارا رونا کچھ حقیقت نہیں بجز اس فضل کے جو روشن کرنے والا اور صبح کے وقت آنے والا ہے

بلاؤں کے اونٹ سواروں کو کوئی رد نہیں کر سکتا مگر اس بادشاہ کے دونوں ہاتھ جو قدیر اور اکبر ہے

خدا اپنے بندوں کو ضائع نہیں کرے گا سو تو خوش ہو اور ایسے وقت میں جو دل کو تکلیف دینے والا ہے غمگین مت ہو

Islam was forsaken out of people's ignorance;
And so, that rocky land became bereft of life-giving rain.

Caravans of their women stirred these people's hearts;
So they willingly bore their adversities.

Companies of blind people are defiling our land;
Their misfortunes befall us suddenly like a wolf that attacks at dawn.

Our eyes are shedding tears, but these tears are but a harbinger of grace;
Grace that brings light at the end of a dark night.

None can safeguard against the riders who bring with them affliction,
Save the hands of the Master who is the All-Powerful and the Greatest.

The Protector shall not let His servants go to waste;
So rejoice and do not despair in times of trouble.

أيها المتنصّرون والعادون العمون لقد جئتم شيئًا إدًّا، وجُزتم عن القصد جدًّا. تعبدون من مات وفاتَ، وعظّمتم العظام الرُفاتَ، وغمصتم الصادقين. وفيكم مَن إذا كُلِّمَ كَلَّمَ، وإذا سُلِّمَ ثَلَّمَ. تقولون إنا لُقِّنّا الحلمَ، وعُلِّمنا السلمَ، ولكنا لا نجد فيكم قارع هٰذا [1] الصَّفات وقريع هذه الصفات، بل نجدكم حريصين على الضرّ، وراغبين فى إيصال الشرّ. تسبّون الأخيار، وتلعنون الأبرار، وتختالون من الزهو، وتنصبّون إلى اللَّهو، وما تنصرتم إلا لتكونوا ذوى جُزَدٍ مربوطة وجِدَةٍ مغبوطةٍ، ولتميسوا فى رِياش، وتتخلصوا من فكر معاش، وتجدوا ما تشتهى الأنفس وتتلذّ الأعين، ولتتجنّوا قطوف اللذات فارغين. ووالله إن فسق النصارى قد عظم فى الديار، وأخنوا على الناس بأنواع التبار. اتّسخت أبدانهم من أوساخ الذُنوب، فما مالوا إلى الذَنوب، وبلغ أمرهم من كثرة الأدران إلى الحِمام، فما عجُّوا إلى الحَمّام، وصاروا بادىَ الجردة كالأنعام، فما آلوا إلى حلل الإنعام، وأحبوا الذهبَ، والإيمانُ فرّ وذهَب، فأكبّوا على الدنيا خائنين. وكذلك زادت منهم سموم الطغيان، وركدت ريح الإيمان، حتى صار الزمان

---

١. سهو والصحيح «هذه». الناشر

اے عیسائیو اور حد سے تجاوز کرنے والے اندھو تم ایک عجیب بات لائے اور یقیناً تم نے راہ راست کو چھوڑ دیا تم نے اس کو خدا پکڑا جو مر گیا اور گذر گیا اور بوسیدہ ہڈیوں کی تعظیم کی اور صادقوں کا تم نے عیب پکڑا اور تم میں ایسے شخص بھی ہیں کہ جب ہمکلام ہوں تو بدگوئی سے دلوں کو آزار پہنچاویں اور جب بدی کا جواب نہ دیا جاوے اور بے گزند رکھا جائے تو اور بھی رخنہ ڈالیں۔ اپنی زبان سے تو یہ کہتے ہو کہ ہم کو حلم سکھایا گیا ہے اور صلح کاری کی تعلیم ہوئی ہے مگر ہم تم میں ایسا شخص نہیں پاتے جو اس تعلیم کے پتھر کو ٹھوکنے والا اور ان صفتوں کا مالک ہو بلکہ ہم تو تم کو دکھ دینے پر حریص پاتے اور شرارت کرنے پر راغب دیکھتے ہیں تم نیکوں کو گالیاں دیتے اور راستبازوں پر لعنت بھیجتے ہو اور تمہارے ناز کی چال میں تکبر بھرا ہوا ہے اور لہو لعب کی طرف گرے جاتے ہو اور عیسائی ہونے سے تمہاری یہی غرضیں ہیں کہ تمہارے طویلوں میں گھوڑے ہوں اور قابل رشک دولت مندی تم کو حاصل ہو اور لباس فاخرہ میں تم لٹکتے پھرو اور معاش کی فکر سے فارغ ہو جاؤ اور تم کو وہ سب چیزیں مل جائیں جن کو تمہارے نفس چاہتے ہیں اور جن سے تمہاری آنکھیں لذت حاصل کرتی ہیں اور تاکہ تم اپنی لذتوں کے چنے ہوئے پھل فارغ بیٹھ کر کھاؤ۔ اور بخدا نصاریٰ کا فسق ملکوں میں بڑھ گیا ہے اور قسم قسم کی ہلاکت میں لوگوں کو ڈال دیا ہے ان کے بدن گناہوں کی میل سے میلے ہو گئے مگر انہوں نے نہ چاہا کہ پانی کا بھرا ہوا بوکا ان کو ملے اور میلوں کی کثرت سے ان کی نوبت موت تک پہنچی پس انہوں نے حمام کی طرف رغبت نہ کی اور چارپاؤں کی طرح ننگے ہو گئے اور انعام کے لباس کی طرف توجہ نہ کی اور سونے سے پیار کیا اور ایمان بھاگ گیا سو دین سے نومید ہوکر دنیا پر گرے اور اسی طرح ان سے گمراہی کی زہریں پھیلیں اور ایمان کی ہوا تھم گئی یہاں تک کہ زمانہ ایسا ہوگیا جیسی

O converts to Christianity and those who transgress blindly! Assuredly, you have done a most monstrous thing and strayed completely from the right path. You worship one who has died and passed away. You glorify the decayed remains of bones while belittling the truthful ones. There are those among you who if someone speaks to them, they hurt him by their words in conversations, and when they are greeted with peace, they only disparage.

You say: 'We have been imparted forbearance and taught peace,' but we do not find among you a single adversary with these qualities, or even one champion personifying these traits. On the contrary, we find you bent upon doing harm and eager to make mischief. You slander the righteous and curse the pious. You strut about arrogantly and devote yourselves to frivolity. You adopted the Christian faith only to become keepers of thoroughbreds and masters of enviable wealth; to parade around in ornate robes, and to be carefree with regard to your livelihood; to gain that which your souls desire and in which your eyes delight; and to enjoy the fruits of worldly pleasures while being idle.

By God, the immorality of the Christians spread greatly in our country and cast the people into all kinds of ruin. Their bodies became soiled from the filth of sin, but they did not incline towards [the use of] a water pail. This excessive filth of theirs ultimately led them to their [spiritual] demise, yet at no point did they seek to bathe. They became bare like cattle instead of reaching for the garments of blessings. They became enamoured with gold, and their faith flew off and departed. So they fell upon the world as traitors [to faith].

Likewise, the poison of tyranny and oppression flowed

كليلة حالكة الجلباب هامية الرَّباب، تركوا طريق الخير المأثور، ودعَوا إلى الويل والثبور، ثم صار الكذب عادتهم، وإشاعة الفسق سيرتهم، وتوهين المقدسين خصلتهم، ومالُ الإعانات جَرّتهم. لا يبالون صغيرة ولا كبيرة، ولا يتقون جرأة ولا جريرة، ويفتِنون قلوب الناس بأنواع الوَسواس، أو ينطقون بالبهتان على رسل الرحمن. وشِنْشِنتُهم الانتقالُ مِن صيد إلى صيد، والرجوعُ من كيد إلى كيد، فتارة يُرُون النساء، وطورا بيضاء وصفراء، ومرةً مِيائَهم الغِزار، وأخرى الأشجارَ والثمار. فنشَب الجهّالُ فى شبكتهم، والفسّاق فى هوّتهم، ونسَلوا مِن كل حدبٍ مصطادين.

أُنْظُرْ اِلَى الْمُتَنَصِّرِيْنَ وَذَانِهِمْ — وَانْظُرْ اِلى مَا بَدَا مِنْ اَدْرَانِهِمْ

مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ تَشَذُّرًا — وَيُنَجِّسُوْنَ الْاَرْضَ مِنْ اَوْثَانِهِمْ

کہ اندھیری رات جس کا بادل برس رہا ہے انہوں نے اس بھلائی کے طریق کو چھوڑ دیا جو مسلسل چلی آتی تھی اور موت اور ہلاکت کی طرف لوگوں کو بلایا۔ جھوٹ ان کی عادت ہوگیا اور فسق ان کی سیرت ہوگیا اور پاکوں کی توہین کرنا ان کی خصلت ہوگئی اور چندہ کا روپیہ ان کا جال ہوگیا نہ صغیرہ سے ڈریں اور نہ کبیرہ سے نہ دلیری سے اور نہ گناہ سے تا اور لوگوں کو قسما قسم کے وساوس سے فتنہ میں ڈالیں اور خدا تعالیٰ کے پیغمبروں پر بہتان باندھتے ہیں اور ان کی خصلت یہ ہے کہ ایک شکار سے فارغ ہوکر دوسرے شکار کی طرف جائیں اور ایک مکر سے دوسرے مکر کی طرف رجوع کریں بعض وقت عورتیں دکھاتے ہیں اور بعض وقت سونا اور چاندی اور کبھی اپنے پانی کی کثرت اور کبھی درخت اور کبھی پھل۔ سو ان کے جال میں اکثر جاہل پھنس گئے اور اکثر فاسق ان کے گڑھے میں جا گرے اور وہ ہریک بلندی سے شکار کرنے کے لئے دوڑے۔

عیسائیوں کو دیکھو اور ان کے عیبوں کو — اور ان میلوں کو دیکھ جو ان سے ظاہر ہوئیں

وہ اپنی زیادتیوں اور تعدیوں کی وجہ سے ہریک بلندی سے دوڑے ہیں — اور اپنے بتوں سے زمین کو ناپاک کر رہے ہیں

from them and the winds of faith fell still, until the age became dark, like a pitch-black night whose sky was laden with storm clouds. They forsook the long-established way of goodness and invited [mankind] to torment and destruction. Dishonesty became their practice and spreading immorality their way. Blaspheming holy personages became their forte, and the money they received as charity became their personal [savings] jar.

They were equally unconcerned about minor sins and major ones. They feared neither impudence nor wrongdoing. They corrupted the hearts of people by various kinds of evil suggestions, and they levied allegations against the Messengers of the Gracious God. Their nature is to move from hunting one target to another, and to go from one machination to another. At times they tempted them with women, and at other times with silver and gold, and on occasion with their excess supply of water, and at other times their trees and fruits. The ignorant were thus caught in their web, and the godless fell into their pit—and they set off to hunt in all directions.

Behold the Christianized and their vice;
And see what has emerged from their filth.

They hasten from every direction prepared to fight,
And defile the earth with their idols.

نَشْكُوْ اِلَى الرَّحْمٰنِ شَرَّ زَمَانِهِمْ — وَنَعُوْذُ بِالْقُدُّوْسِ مِنْ شَيْطَانِهِمْ

هَلْ مِنْ صَدُوْقٍ يُّوْجَدَنْ فِيْ قَوْمِهِمْ — اَمْ هَلْ عَرَفْتَ الصِّدْقَ فِيْ بُلْدَانِهِمْ

هُمْ يَعْبُدُوْنَ الْاٰدَمِيَّ كَمِثْلِهِمْ — هُمْ يُنْشِرُوْنَ الْفِسْقَ فِيْ اَوْطَانِهِمْ

اَلْمَاكِرُوْنَ الْكَائِدُوْنَ مِنَ الْهَوٰى — وَالزُّوْرُ كَالْاَثْمَارِ فِيْ اَغْصَانِهِمْ

اَلْعَيْنُ بَاكِيَةٌ عَلٰى حَالَاتِهِمْ — لِلْعَقْلِ حَسَرَاتٌ عَلٰى هَذَيَانِهِمْ

مَكْرٌ عَلٰى مَكْرٍ خَيَالُ قُلُوْبِهِمْ — كِذْبٌ عَلٰى كِذْبٍ بَيَانُ لِسَانِهِمْ

ہم ان کے زمانے کے شر سے خدا تعالیٰ کی طرف شکایت لے جاتے ہیں — اور ان کے شیطان سے پاک پروردگار کی پناہ میں آتے ہیں

کیا کوئی راستباز ان کی قوم میں پایا جاتا ہے — یا تو نے شناخت کیا کہ ان کے شہروں میں سچائی بھی ہے

وہ اپنے جیسے آدمی کی پرستش کررہے ہیں — وہ اپنے وطنوں میں بدکاری کو پھیلاتے ہیں

حرص کی وجہ سے مکار اور فریبی ہیں — اور ان کی شاخوں میں جھوٹ پھلوں کی طرح موجود ہے

آنکھ ان کے حالات پر رو رہی ہے — اور عقل کو ان کے بکواس پر حسرتیں ہیں

ان کے دلوں کے خیال مکر پر مکر ہے — اور ان کی زبان کا بیان جھوٹ پر جھوٹ ہے

We complain to the Gracious God about the evil of their era;
And we seek refuge with the Holy God from their Satan.

Can a trustworthy person be found among their people?
Or, have you witnessed truth in their countries?

They worship a man like themselves;
They spread debauchery throughout their countries.

They connive and conspire out of lustful desire;
Falsehood is like fruit on the branches of their trees.

The eye sheds tears upon seeing their condition;
The intellect grieves over their delirium.

Their hearts contrive machination after machination;
Their tongues speak one lie after another.

إِنِّیْ أَرَاهُمْ كَالْبَنِیْنَ لِغُوْلِهِمْ
إِنَّ التَّطَهُّرَ لَا تَحُلُّ بِخَانِهِمْ

كَیْفَ الرَّجَاءُ وَقَدْ تَأَ بَّطَ قَلْبُهُمْ
شَرًّا أَرَاهُ دَخِیْلَ جَذْرِ جَنَانِهِمْ

بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ
وَتَمَایَلُوْا حِقْدًا عَلٰی بُهْتَانِهِمْ

كَمْ مِّنْ سُمُوْمٍ هَبَّ عِنْدَ ظُهُوْرِهِمْ
كَمْ مِّنْ جَهُوْلٍ صِیْدَ مِنْ اَرْسَانِهِمْ

هُمْ اَنْكَرُوْا بَحْرَ الْعُلُوْمِ بِخُبْثِهِمْ
وَاسْتَغْزَرُوْا مَا كَانَ فِیْ كِیْزَانِهِمْ

لَا یَعْلَمُ النُّوْكٰی دَخِیْلَةَ اَمْرِهِمْ
مِنْ غَیْرِ رِقَّتِهِمْ وَلِیْنِ لِسَانِهِمْ

میں دیکھتا ہوں کہ وہ اپنے ابلیس کے لئے بطور بیٹوں کے ہیں
اور پاکیزگی ان کے کاروان سرائے میں نہیں اترتی

کیونکر امید کریں حالانکہ ان کے دل شرارت کو اپنی بغل میں لئے بیٹھے ہیں
اور وہ شرارت ان کے دلوں کے اندر گھسی ہوئی ہے

بلکہ جب حق ان کے پاس آیا تو انہوں نے تکذیب کی
اور کینہ سے اپنے بہتانوں کی طرف جھک پڑے

ان کے ظاہر ہونے سے بہت سی گرم ہوائیں چلی ہیں
اور ان کی رسیوں سے بہت جاہل شکار ہو گئے

انہوں نے اپنے خبث سے علموں کے دریا سے انکار کیا
اور جو کچھ ان کے پیالوں میں تھا ان کو بہت کچھ سمجھا

بے وقوف لوگ ان کی اصل حقیقت کو نہیں جانتے
بس اسی قدر جانتے ہیں کہ وہ زبان کے نرم ہیں

I perceive them to be like the progeny of Satan;
Indeed, purity never enters their inns.

How can we have hope for them when their hearts have fixated upon evil;
I see that evil has permeated their hearts.

Indeed, when the truth came to them, they rejected it,
And strutted about spitefully in their falsehood.

Many a burning wind began to blow upon their arrival;
Many an ignorant one became trapped in their nets.

Out of maliciousness they forsook the sea of knowledge,
And sought to increase the contents of their own chalices.

The foolish know nothing of their inner nature,
Save for their tenderness and smooth tongue.

وَاللّٰهِ لَوْ لَا ضَنْكُ عَيْشٍ مُّقْلِقٌ — مَا مَالَ مُرْتَدٌّ اِلٰى اَدْيَانِهِمْ

قَدْ جَآءَ هُمْ قَوْمٌ بِحِرْصِ لَبَانِهِمْ — وَلِيَنْفُضَنْ مَا كَانَ فِيْ اَرْدَانِهِمْ

كَانُوْا كَذِئْبِ الْبَرِّ مَكْلُوْمَ الْحَشَا — مِنْ جُوْعِهِمْ فَسَعَوْا اِلٰى عُمْرَانِهِمْ

قَوْمٌ سَقُوْا كَأْسَ الْحُتُوْفِ بِوَعْظِهِمْ — قَوْمٌ خَرُوْفٌ فِيْ يَدَيْ سِرْحَانِهِمْ

عَمَّتْ بَلَايَاهُمْ وَزَادَ فَسَادُهُمْ — وَاشْتَدَّ سَيْلُ الْفِتَنِ مِنْ طُغْيَانِهِمْ

يَا رَبِّ خُذْهُمْ مِثْلَ اَخْذِكَ مُفْسِدًا — قَدْ اَفْسَدَ الْاٰفَاقَ طُوْلُ زَمَانِهِمْ

اور بخدا اگر تنگی رزق کسی کو تکلیف نہ دیتی — تو کوئی مرتد ان کے دین کی طرف میل نہ کرتا

ایک قوم تو ان کے دودھ کی حرص سے ان کے پاس آئی — تاکہ وہ جو کچھ ان کی آستینوں میں ہے جھاڑ لیں

وہ جنگل کے بھیڑیئے کی طرح بھوک سے خستہ اندرون تھے — پس وہ ان کی آبادی کی طرف دوڑے

ایک قوم نے تو موت کے پیالے ان کے وعظ سے پی لئے — اور ایک دوسری قوم برّہ کی طرح اس بھیڑیئے کے ہاتھوں میں ہے

ان کی بلائیں عام ہو گئیں اور ان کا فساد بڑھ گیا — اور فتنوں کا سیلاب ان کی بے اعتدالیوں سے بہت سخت ہو گیا

اے خدا تو ان کو پکڑ جیسا کہ تو ایک مفسد کو پکڑتا ہے — ان کے طول زمانہ نے دنیا کو بگاڑ دیا

By God if poverty had not stung these people,
None of them would have apostatized to their faith [Christianity].

A people came to them out of greed for their milk,
That they may shake loose the filth in their sleeves.

Like a wolf in the jungle, they were suffering from hunger,
So they rushed towards the prosperity of the Christians.

An entire people drank from the cup of [spiritual] death due to their proselytization;
These people are lambs in the clutches of their wolves.

Their mischief has become prevalent and their corruption has become widespread;
And the flood of vice has become severe due to their deluge of tyranny.

My Lord! Seize them like you seize the mischief-makers;
Their prolonged epoch has brought ruin to the horizon.

اَدْرِكْ رِجَالًا يَا قَدِيْرُ وَنِسْوَةً — رُحْمًا وَّ نَجِّ الْخَلْقَ مِنْ طُوْفَانِهِمْ

حَلَّتْ بِاَرْضِ الْمُسْلِمِيْنَ جُنُوْدُهُمْ — فَسَرَتْ غَوَائِلُهُمْ اِلٰى نِسْوَانِهِمْ

يَا رَبِّ اَحْمَدَ يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ — إِعْصِمْ عِبَادَكَ مِنْ سُمُوْمِ دُخَانِهِمْ

يَاعَوْنَنَا انْصُرْ مَنْ سِوَاكَ مَـلَاذُنَا — ضَاقَتْ عَلَيْنَا الْاَرْضُ مِنْ أَعْوَانِهِمْ

كَسِّرْ زُجَاجَتَهُمْ إِلٰهِىْ بِالصَّفَا — وَاعْصِمْ عِبَادَكَ مِنْ سُمُوْمِ بَيَانِهِمْ

سَبُّوْا نَبِيَّكَ بِالْعِنَادِ وَكَذَّبُوْا — خَيْرَ الْوَرٰى فَانْظُرْ اِلٰى عُدْوَانِهِمْ

اے قادر تو اپنے رحم سے مردوں اور عورتوں کی جلد خبر لے — اور مخلوق کو اس طوفان سے نجات بخش

ان کے لشکر مسلمانوں کی زمین میں اتر آئے — اور ان کی بلاؤں نے مسلمانوں کی عورتوں تک سرایت کی

اے احمد کے رب اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے الٰہ — اپنے بندوں کو ان کے دھوؤں کی زہروں سے بچالے

اے ہمارے مددگار تیرے سوا ہمارا کون جاپناہ ہے — ہم پر ان لوگوں کے مدد گاروں سے زمین تنگ ہو گئی

اے خدا پتھروں سے ان کے شیشے کو توڑ دے — اور ان کے بیان کی زہر سے اپنے بندوں کو بچالے

تیرے نبی کو انہوں نے عناد سے گالیاں دیں اور جھٹلایا — وہ نبی جو افضل المخلوقات سے ہے سو تو ان کے ظلم کو دیکھ

O All-Powerful God! Mercifully take hold of every man and woman,
And rescue mankind from their flood of mischief!

Their armies descended upon the land of Muslims;
And their wickedness reached the Muslim women.

O Lord of Ahmad! O God of Muhammad!
Save your servants from the poison of their smoke!

O Helper of ours! Lend us support, for we have no refuge beside You;
The earth has closed in on us because of their collaborators.

O my Lord! Shatter their wineglass with stones,
And save Your servants from the poison of their words.

They obstinately slandered and rejected Your Prophet,
Who is the Best of Creation—see their enmity.

يَا رَبِّ سَحِّقْهُمْ كَسَحْقِكَ طَاغِيًا — وَانْزِلْ بِسَاحَتِهِمْ لِهَدْمِ مَكَانِهِمْ

يَا رَبِّ مَزِّقْهُمْ وَفَرِّقْ شَمْلَهُمْ — يَا رَبِّ قَوِّدْهُمْ اِلٰى ذَوْبَانِهِمْ

قَدْ اَزْمَعُوْا اِضْلَالَنَا وَوَبَالَنَا — فَاضْرِبْ مَكَائِدَهُمْ عَلٰى اَبْدَانِهِمْ

وَاِذَا رَمَيْتَ فَاِنَّ سَهْمَكَ قَاتِلٌ — حَدٌّ كَاَسْيَافٍ عَلٰى شُجْعَانِهِمْ

صِرْنَا حَمُوْلَةَ جَوْرِهِمْ وَجَفَاءِهِمْ — زُمَّتْ رِكَابُ الْهَجْرِ مِنْ وَّثْبَانِهِمْ

لَوْ لَا تَعَافَيْنَا تَعَاقُبَ سَبِّهِمْ — لَرَمَيْتُ سَهْمَ النَّارِ عِنْدَ عُثَانِهِمْ

مَا يَظْلِمُ الْاَشْرَارُ اِلَّا نَفْسَهُمْ — سَتَرٰى بِنَدْمِ الْقَلْبِ عَضَّ بَنَانِهِمْ

اے میرے رب ان کو ایسا پیس ڈال جیسا کہ تو ایک طاغی کو پیستا ہے — اور ان کی عمارتوں کو مسمار کرنے کے لئے ان کے صحن خانہ میں اتر آ

اے میرے رب ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر اور ان کی جمعیت کو پاش پاش کر دے — اے میرے رب ان کو ان کے گداز ہونے کی طرف کھینچ

انہوں نے ہمارا گمراہ کرنا اور وبال میں ڈالنا دلوں میں ٹھان لیا ہے — سو تو ان کے مکر انہیں کے جسموں پر مار

اور جب تو تیر چلاوے تو تیر تیرا قتل کرنے والا ہے — تیز ہے اور تلواروں کی طرح ان کے بہادروں پر پڑتا ہے

ہم ان کے ظلم کے شتر باربرداری ہو گئے — جدائی کے اونٹوں کو ان کے حملوں کے سبب سے مہار دی گئی

اگر ہم ان کی گالیوں کا جواب دینے سے کراہت نہ کرتے — تو میں ان کے دخان کے مقابل پر آگ کے تیر چلاتا

ظالم کسی پر ظلم نہیں کرتے مگر اپنے نفس پر — سو تو عنقریب دیکھے گا کہ وہ دلی ندامت سے اپنی سرانگشت کاٹیں گے

My Lord, crush them the way You crush tyrants,
And descend upon their enclosures to destroy their lairs!

My Lord, tear them asunder and break up their alliance;
My Lord, lead them to their dissolution!

They have become determined to mislead us and make us meet with evil consequences,
So turn their machinations around on them!

When You let fly, Your arrow is lethal;
It is as sharp as a sword that falls upon their warriors.

We have become the camel carrying their oppression and harshness;
Their assaults led us to saddle our mounts for emigration.

Had I not chosen to ignore their insults,
I would have loosed a flaming arrow into their smoke.

The wicked oppress none but their own souls;
Soon you shall see them bite their fingertips out of contrition.

ظَنُّوْا بِاَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفُ وَعْدِهٖ — فَبَغَوْا بِاَرْضِ اللّٰهِ مِنْ طُغْيَانِهِمْ

وَقَبُوْلُ اَمْرِ الْحَقِّ عَارٌ عِنْدَهُمْ — صَعْبٌ عَلَى السُّفَهَآءِ عَطْفُ عِنَانِهِمْ

سُوْدٌ كَخَافِيَةِ الْغُرَابِ قُلُوْبُهُمْ — وَالْخَلْقُ مَخْدُوْعُوْنَ مِنْ لَّمْعَانِهِمْ

فَارْقَبْ اِذَا صَاحَبْتَهُمْ بِمَحَبَّةٍ — فِتَنًا بِدِيْنِكَ عِنْدَ اِسْتِحْسَانِهِمْ

وَلَقَدْ دَعَوْتُ الرَّبَّ عِنْدَ تَنَاضُلِيْ — وَاللّٰهُ تُرْسِىْ عِنْدَ ضَرْبِ سِنَانِهِمْ

يَا مُسْتَعَانِىْ لَيْسَ دُوْنَكَ مَلْجَأٌ — فَانْصُرْ وَاَيِّدْنَا لِهَدْمِ قِنَانِهِمْ

يَا مَنْ يُّعَيِّرُنِىْ بِمَوْتِ اِلٰهِهِمْ — أَفَلَا تَرٰى مَا جَذَّ اَصْلَ اِهَانِهِمْ

انہوں نے خیال کیا کہ خدا تعالیٰ اپنا وعدہ نہیں پورا کرے گا — تب وہ خدا تعالیٰ کی زمین میں اپنی بے اعتدالی کی وجہ سے باغی ہوگئے

سو حق کا قبول کرنا ان کے نزدیک عار ہے — اور نادانوں پر حق کی طرف باگ پھیرنا سخت ہوگیا ہے

ان کے دل ایسے سیاہ ہیں جیسے کوے کے وہ پر جو پیٹھ کی طرف ہوتے ہیں — اور خلقت ان کی ظاہری چمک سے دھوکا کھا رہی ہے

پس جب تو ان کی صحبت اختیار کرے تو تجھے — بباعث ان کے پسند رکھنے کے اپنے دین کے فتنوں کا امیدوار رہنا چاہیے

اور میں نے اپنے مقابلہ کے وقت اپنے رب کو بلایا — اور ان کے نیزوں سے بچنے کے لئے خدا میری ڈھال ہے

اے میرے مددگار تیرے سوا میری کوئی پناہ نہیں — پس مدد کر اور ان کے پہاڑوں کے توڑنے کے لئے ہماری تائید فرما

اے وہ شخص جو مجھے اس لئے سرزنش کرتا ہے کہ میں ان کے مصنوعی خدا یعنی حضرت عیسٰی کی موت کا قائل ہوں — کیا تو دیکھتا نہیں کہ کس اعتقاد نے ان کی بیخکنی کی ہے

They imagined that Allah would not fulfil His promise;
It was then that they became transgressors on God's earth.

Accepting the truth is a shameful act for them;
Indeed it is difficult for the ignorant to turn their reins [towards the truth].

Their hearts are as black as the ventral feathers of the crow;
And mankind is being deceived by their superficial lustre.

If you befriend them with affection,
Be prepared for trials in your faith upon developing approbation towards them.

I called upon my Lord when I was in battle,
And Allah became my shield against their striking spears.

O Helper of mine! There is no refuge besides You;
So grant us succour and help us in destroying their mountain.

O you who reproach me because [I say] their false deity is dead;
Can you not see the true cause of their humiliation?

وَاللّٰهِ اِنَّ حَيَاتَ عِيْسٰى حَيَّةٌ — تَسْعٰى لِتُهْلِكَ كُلَّ مَنْ فِيْ خَانِهِمْ

جَعَلَ الْمُهَيْمِنُ حِكْمَةً مِنْ عِنْدِهٖ — فِيْ مَوْتِ عِيْسٰى قَطْعُ عِرْقِ جِرَانِهِمْ

كَيْفَ الْحَيَاةُ وَ قَدْ تُوُفِّيَ مِثْلُهٗ — حِزْبٌ وَّخَيْرُ الْخَلْقِ بَعْدَ زَمَانِهِمْ

هَلْ غَادَرَ الْحَتْفُ الْمُفَاجِئُ مُرْسَلًا — اَمْ هَلْ سَمِعْتَ الْحَيَّ مِنْ اَقْرَانِهِمْ

اَ تُغِيْظُ رَبَّكَ لِابْنِ مَرْيَمَ حِشْنَةً — وَتَحِيْدُ عَنْ مَّوْلٰى اِلٰى اِنْسَانِهِمْ

فَاطْلُبْ هُدَاهُ وَمَا اَخَالُكَ تَطْلُبُ — فَاخْسَأْ وَكُنْ مِّنْهُمْ وَمِنْ إِخْوَانِهِمْ

يَا مَنْ تَظَنَّى الْبَوْلَ مَاءً بَارِدًا — اَخْطَاْتَ مِنْ جَهْلٍ بِاِسْتِسْمَانِهِمْ

بخدا حضرت عیسیٰ کی زندگی ایک سانپ ہے — وہ سانپ دوڑتا ہے تا ان سب کو قتل کرے جو ان کی سرائے میں ہیں

خدا تعالیٰ نے اس بات میں حکمت رکھی ہے — کہ حضرت عیسیٰ کی موت سے ان کا مذہب ذبح کیا جائے

یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ حضرت عیسےٰ زندہ ہوں حالانکہ ان سے پہلے جتنے نبی آئے — وہ فوت ہو گئے ہیں اور جو سب سے بہتر تھا اور پیچھے سے آیا وہ بھی فوت ہوگیا

کیا اچانک پکڑنے والی موت نے کسی رسول کو بھی چھوڑا — یا تو نے کبھی سنا کہ ان کے ہم رتبوں میں سے کوئی زندہ رہا

کیا تو اپنے رب کو ابن مریم کے لئے غصہ دلاتا ہے کیا کچھ کینہ ہے — اور مولیٰ کریم سے تو دور ہوکر عیسائیوں کے انسان کی طرف جاتا ہے

سو تو اللہ کی ہدایت کو ڈھونڈ اور مجھے امید نہیں کہ تو ڈھونڈے — پس دفع ہو اور عیسائیوں میں سے اور ان کے بھائیوں میں سے ہو جا

اے وہ شخص جس نے بول کو ٹھنڈا پانی سمجھ لیا — تو نے اپنی نادانی سے خطا کی اور لاغروں کو موٹا خیال کیا

I swear by God that [the belief of] a living Jesus is a snake,
Slithering about to kill everyone in their house.

God, the Protector, has placed wisdom in the death of Jesus;
For it severs the very root of their creed.

How can Jesus be alive when all his fellow Prophets died,
As did the Best of Creation [who came] after their time.

Has that natural death which strikes suddenly ever excused a Messenger?
Or have you heard of any of their Companions remaining alive indefinitely?

Do you deliberately anger your Lord over of the Son of Mary;
And do you forsake God for their mere mortal?

So go seek His guidance—though I do not expect you shall;
So be gone! Go become one of them and their brethren.

O you who mistook urine for cool water!
Out of ignorance you erred in deeming them to be fattened [from wealth].

يَا رَبِّ اَرِنِیْ یَوْمَ کَسْرِ صَلِیْبِهِمْ — يَا رَبِّ سَلِّطْنِیْ عَلٰی جُدْرَانِهِمْ

فَاِذَا تَکَلَّمْنَا فَسَیْفٌ قَوْلُنَا — رُمْحٌ مُّبِیْدٌ لَا کَمِثْلِ بَیَانِهِمْ

وَلَقَدْ اُمِرْتُ مِنَ الْمُهَیْمِنِ بَعْدَ مَا — هَاجَتْ دُخَانُ الْفِتَنِ مِنْ نِیْرَانِهِمْ

مَا قُلْتُ بَلْ قَالَ الْمُهَیْمِنُ هٰکَذَا — مَا جِئْتُهُمْ بَلْ جَآءَ وَقْتُ هَوَانِهِمْ

طَوْرًا اُحَارِبُ بِالسِّهَامِ وَتَارَةً — اَهْوٰی بِاَسْیَافٍ اِلٰی اِثْخَانِهِمْ

بِمُهَنَّدٍ صَافِ الْحَدِیْدِ جَذَمْتُهُمْ — وَعَصَایَ قَدْ اَفْنَتْ قُوٰی ثُعْبَانِهِمْ

رُوْحِیْ بِرُوْحِ الْاَنْبِیَاءِ مُضَمَّخٌ — جَادَتْ عَلَیَّ الْجَوْدُ مِنْ فَیْضَانِهِمْ

اے میرے رب صلیب کا ٹوٹنا مجھے دکھلا — اے میرے رب ان کی دیواروں پر مجھ کو مسلط کر

اور جب ہم کلام کریں تو ہماری کلام ایک تلوار ہے — ایک نیزہ ہلاک کرنے والا ہے نہ ان کے بیان کی طرح

اور میں خدا کی طرف سے مامور ہوں — اس وقت کے بعد جو پادریوں کی آگ سے دھوئیں اٹھے

یہ میں نے نہیں کہا بلکہ خدا تعالیٰ نے اسی طرح کہا — میں ان کے پاس نہیں آیا بلکہ ان کی ذلت کا وقت آگیا

کبھی میں ان سے تیروں کے ساتھ جنگ کرتا ہوں — اور کبھی میں اپنی تلواروں کے ساتھ ان کے قتل کثیر کی طرف توجہ کرتا ہوں

نہایت عمدہ تلوار سے میں نے ان کو کاٹ دیا ہے — اور میرے عصا نے ان کے سانپ کی تمام قوتیں فنا کر دیں

میرا روح انبیاء کی روح سے معطر کیا گیا ہے — اور ان کے فیضان کا ایک بڑا مینہ میرے پر برسا

My Lord, show me the day when their cross shall be broken!
My Lord, grant me full power over their walls!

My words are a sword when I speak,
A deadly spear—and not the like of their speech.

I was commissioned by the Protector,
After smoke began to rise from the mischief of their [clerics'] fire.

I did not say this; rather, the Protector said this;
I have not come to them; rather, the time for their abasement has come.

At times I fight them with arrows;
At times I strike by my sword to annihilate them.

With a sword of pure steel I cut them down;
And my staff obliterated the powers of their snakes.

My spirit has been heavily perfumed with the spirit of the Prophets;
A deluge of their bounties rained down upon me.

اِنَّا نُرَجِّعُ صَوْتَنَا بِغِنَائِهِمْ — اِنَّا سُقِيْنَا مِنْ كُئُوْسِ دِنَانِهِمْ

قَوْمٌ فَنَوْا فِیْ سُبُلِ مَرْبَعِ رَبِّهِمْ — وَالْعُمْیُ لَا یَدْرُوْنَ مَطْلَعَ شَأْنِهِمْ

كَمْ مِّنْ شَرِیْرٍ اُهْلِكُوْا بِعِنَادِهِمْ — وَرَأَوْ مُدٰی نَحْرٍ وَّرَاءَ كَبَانِهِمْ

وَسَیُرْغِمُ اللّٰهُ الْقَدِیْرُ اُنُوْفَهُمْ — وَیُرِی الْمُهَیْمِنُ ذُلَّ دَاءِ خُنَانِهِمْ

اَلْیَوْمَ قَدْ فَرِحُوْا بِرِجْسِ تَنَصُّرٍ — وَالْحَقُّ لَایَخْطُوْ اِلٰی اٰذَانِهِمْ

قَوْمٌ تَمِیْلُ مَعَ الْهَوَا اَفْكَارُهُمْ — وَعَفَتْ نُقُوْشُ الصِّدْقِ مِنْ حِیْطَانِهِمْ

ظَهَرَتْ كَأَثْرِ السَّمِّ ثَوْرَةُ وَعْظِهِمْ — رَحَلَتْ تُقَاةُ الْخَلْقِ مِنْ اِدْجَانِهِمْ

ہم انہیں کے گیت کو سُروں کے ساتھ گاتے ہیں — ہم انہیں کے پیالوں میں سے پلائے گئے ہیں

وہ ایک قوم ہے جو خدا کی راہ میں فنا ہوگئی — اور اندھے ان کی شان کے مطلع کو نہیں دیکھتے

بہت شریر ہیں جو بوجہ ان کے عناد کے ہلاک کئے گئے — اور اپنی بیماری کے بعد ذبح کرنے کی کار دیں انہوں نے دیکھ لیں

عنقریب خدا تعالیٰ ان کی ناکوں کو خاک میں ملائے گا — اور ان کی ناک کی بیماری کی ذلت دکھاوے گا

آج وہ لوگ نصرانیت کی ناپاکی سے خوش ہو رہے ہیں — اور سچائی ان کے کانوں کی طرف قدم نہیں بڑھاتی

یہ ایک قوم ہے جن کے فکر نفسانی خواہش کے ساتھ جھک پڑتے ہیں — اور سچائی کے نقش ان کی دیواروں سے مٹ گئے ہیں

زہر کے اثر کی طرح ان کے وعظ کا جوش ظاہر ہے — ان کے مقام سے لوگوں کی پرہیز گاری کوچ کر گئی

It is through their songs that my voice is restored;
Verily I have been made to drink from their goblets.

These are a people who annihilated themselves upon the paths leading to their Lord's throne;
But the blind cannot discern the ascent of their stature.

Many a wicked one was destroyed due to their obstinacy,
And they have seen the knives of slaughter behind their false sanctuaries.

Allah the Almighty shall make them pay through their noses;
And the Protector will show them the ignominy of the disease of the nose.

Today they take delight in the abomination of converting people to Christianity,
And the truth does not approach their ears.

They are a people whose thoughts revolve around their desires;
The inscriptions of truth were effaced from their walls.

The outburst of their preaching manifested like poison's effect on the tongue.
The piety of people departed from their throats.

هَلْ شَاهَدَتْ عَيْنَاكَ قَوْمًا مِّثْلَهُمْ
اَمْ هَلْ سَمِعْتَ نَظِيْرَهُمْ فِيْ ذَانِهِمْ

بِطَرِيْقَةٍ سَنَّتْ لَهُمْ اٰبَآءُهُمْ
يَدْعُوْا اِلَى الْجَهَلَاتِ صَوْتُ كِرَانِهِمْ

فَكَأَنَّ أَبْوَابَ الْمَكَائِدِ كُلِّهَا
فُتِحَتْ لِفِتْنَتِنَا عَلٰى رُهْبَانِهِمْ

قَدْ اٰثَرُوْا طُرُقَ الضَّلَالِ تَعَمُّدًا
مَا زَادَ خُسْرَانٌ عَلٰى خُسْرَانِهِمْ

اِنَّ الصَّلِيْبَ سَيُكْسَرَنْ وَّ يُدَقَّقَنْ
جَاءَ الْجِيَادُ وَزَهَقَ وَقْتُ اَتَانِهِمْ

اَلْكِذْبُ مَجْنَبَةٌ لِّكُلِّ مُبَاحِثٍ
لٰكِنَّهُمْ تَرَكُوْا حَيَاءَ جَنَانِهِمْ

سَمٌّ مُّبِيْدٌ مُّهْلِكٌ فِيْ لَبَنِهِمْ
مَكْرٌ مُّضِلُّ الْخَلْقِ فِيْ هَدْجَانِهِمْ

کیا ایسی قوم تُو نے کوئی اور بھی دیکھی
یا ان کے عیب میں اُن کی کوئی دوسری نظیر بھی سنی

اس طریق سے جو ان کے باپ دادوں نے مقرر کیا ہے
ان کا طنبور باطل باتوں کی طرف بلا رہا ہے

پس گویا کہ تمام فریبوں کے دروازے
ان پر اس لئے کھولے گئے کہ تا ہمارا امتحان ہو

گمراہی کی تمام راہوں کو پسند کر لیا
جس ٹوٹے میں وہ پڑے ہیں اس سے بڑھ کر کوئی اور ٹوٹا نہیں

صلیب تو عنقریب ٹوٹ جائے گا
گھوڑے آئے اور گدھیاں بھاگیں

جھوٹ بولنا ہر یک بحث کرنے والے کے لئے بد دلی کا باعث ہوتا ہے
مگر انہوں نے تو اپنے دل کا حیا ترک کر دیا

اُن کے دودھ میں زہر ہے جو ہلاک کرنے والی اور مارنے والی ہے
ان کی پیرانہ رفتار میں ایک مکر ہے جو خلقت کو گمراہ کرنے والا ہے

Have you ever laid eyes upon another people like them?
Or have you ever heard of their likeness with regard to their shortcomings?

In the manner their forefathers established for them,
The sound of their musical instruments invites towards ignorance.

It is as though the doors to all machinations have been opened,
For their priests to try us thereby.

They embraced the ways of misguidance knowingly;
There is no state of loss greater than theirs.

The Cross shall soon be broken and shattered;
The horses have arrived and the time of donkeys has ended.

Falsehood is a cause of weak-heartedness for every opponent,
But these people have completely forsaken modesty in their hearts.

Their milk contains a lethal and deadly poison;
Their stride contains a deception that misleads the people.

فَارْبَأْ بِدِيْنِكَ عِنْدَ رُؤْيَةِ وَجْهِهِمْ — وَاقْنَعْ بِشَوْكٍ مِّنْ جَنٰى بُسْتَانِهِمْ

اَلْمَوْتُ خَيْرٌ لِّلْفَتٰى مِنْ خُبْزِهِمْ — فَاصْبِرْ وَلَا تَجْنَحْ اِلٰى تَهْتَانِهِمْ

وَنَضَارَةُ الدُّنْيَا تَزُوْلُ بِطَرْفَةٍ — فَاقْنَعْ وَلَا تَنْظُرْ اِلٰى اَفْنَانِهِمْ

اَلنَّارُ تَسْقُطُ كَالصَّوَاعِقِ عِنْدَهُمْ — فَتَجَافَ يَامَغْرُوْرُ عَنْ اَحْضَانِهِمْ

أَيْنَ الْمَفَرُّ مِنَ الْقَضَاءِ إِذَا دَنَا — اِلَّا اِلٰى رَبٍّ مُّزِيْلِ قِنَانِهِمْ

يَسْبُوْنَ جُهَّالًا بِرِقَّةِ لَفْظِهِمْ — يُصْبُوْنَ قَلْبَ الْخَلْقِ مِنْ اِحْسَانِهِمْ

فَلِذَا يُحِبُّ مُزَوِّرٌ أَدْيَارَهُمْ — مِنْ شُحِّهِ مَيْلًا اِلٰى مَرْجَانِهِمْ

پس جب تو ان سے ملے تو اپنے دین کی نگرانی رکھ — اور ان کے باغ کے پھل سے بیزار ہو کر کانٹے پر قناعت کر

جوانمرد کے لئے مرنا ان کی روٹی سے بہتر ہے — پس صبر کر اور ان کی ایک ساعت کے مینہہ کی طرف مت جھک

اور دنیا کی تازگی ایک دم میں دور ہو جاتی ہے — سو قناعت کر اور ان کی شاخوں کی طرف نظر مت کر

آگ ان کے پاس بجلی کی طرح گر رہی ہے — پس ان کے کناروں سے اے دھوکا کھانے والے ایک طرف ہو جا

تقدیر سے کہاں بھاگیں جب آگئی — صرف خدا تعالیٰ کی پناہ ہے جو ان کے ٹیلوں کو دور کرے گا

جاہلوں کو اپنی نرمی سے غلام بنا لیتے ہیں — اور اپنے احسانوں سے خلقت کے دل اپنی طرف کھینچتے ہیں

اسی لئے ایک مکار ان کے گرجاؤں سے پیار کرتا ہے — اپنے لالچ سے ان کے موتی کی خواہش سے

So safeguard your faith when you see their face,
And content yourself only with thorns from the fruit of their garden.

Death is better for a young man than their bread,
So be patient and do not bend to their passing rain of slander.

The beauty of the world vanishes in the blink of an eye,
So be content and do not gaze upon their branches.

Fire is striking like lightning all around them,
So rest not in their lap, O you who have been deceived!

Whither will you escape from the judgement when it comes,
Save to your Lord who shall remove their mountains.

They turn the ignorant into their slaves through tenderness;
They attract the hearts of people by their favours.

This is why the swindler loves their churches;
Due to his greed he is drawn to their coral.

وَلَوِ انْتَقَدْتَّ جُمُوْعَهُمْ فِیْ دَیْرِهِمْ — لَوَجَدْتَّ سِقْطًا شَیْخَهُمْ کَعَوَانِهِمْ

مَا الْفَرْقُ بَیْنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَبَیْنَهُمْ — بَلْ هُمْ بَنَوْا قَصْرًا عَلٰی بُنْیَانِهِمْ

یَهْوِیْ اِلَیْهِمْ کُلُّ نِکْسٍ فَاسِقٍ — لِیَبِیْتَ شَبْعَانًا بِلَحْمِ جِفَانِهِمْ

فِیْ قَلْبِنَا وَجْعٌ وَشَوْکُ دُعَابَةٍ — مِنْ نَخْزِهِمْ خُبْثًا وَطُوْلِ لِسَانِهِمْ

مَا اِنْ اَرٰی اَثَرَ الدَّلَائِلِ عِنْدَهُمْ — اَصْبَوْا قُلُوْبَ الْخَلْقِ مِنْ عِقْیَانِهِمْ

قَدْ عَاثَ فِی الْاَ قْوَامِ ذِئْبُ شُیُوْخِهِمْ — حَدَثَتْ فُنُوْنُ الْفِسْقِ مِنْ حِدْثَانِهِمْ

تَعْرِیْسُهُمْ اٰثَارُ عَزْمِ رَحِیْلِهِمْ — یُخْفُوْنَ فِی الْاَرْدَانِ حَبْلَ ظِعَانِهِمْ

اور اگر تو ان کے گرجاؤں میں ان کی جماعتوں کو پَرکھے — تو ان کے بڈھے کو ایسا ہی ردی پائیگا جیسا کہ ان کے درمیانی عمر والے کو

ان میں اور مشرکین میں فرق کیا ہے — بلکہ انہوں نے تو مشرکوں کی بنیاد کو ایک محل بنا دیا

ہر یک ضعیف فاسق اُن کی طرف گرتا ہے — تا ان کے پیالوں کے گوشت سے پیٹ بھر کے رات گذارے

ہمارے دل میں ایک درد اور ان کے ٹھٹھوں کی وجہ سے ایک کانٹا ہے — کیونکہ انہوں نے اپنی زبان درازی اور خبث سے ہمارے دل کو خستہ کیا

میں ان کے پاس دلائل کا نشان نہیں دیکھتا — لوگوں کے دل اپنے سونے کی وجہ سے کھینچ لیے ہیں

ان کے بڈھوں کے بھیڑیئے نے قوموں میں تباہی ڈالی — اور ان کے جوانوں سے طرح طرح کے فسق پھیلے

رات کو اترنا ان کے کوچ کی نشانی ہے — اور اپنی آستینوں میں لمبے رسے اسباب باندھنے کے چھپا رکھے ہیں

Were you to scrutinize the congregations in their churches,
You would find their elderly in just as much error as their middle-aged.

What is the difference between them and idol-worshippers?
Indeed the Christians erected a castle atop their foundation.

Every weak and sinful one inclines towards them,
So that he may satiate himself with the meat from their bowls.

Anguish resides in our hearts along with the thorns of mockery,
Which they used to pierce [our hearts] out of malice and invective.

I see no sign of proof among them;
They draw the hearts of people towards them through their wealth.

The wolf of their elders ravaged nations;
Many kinds of evil emanated from their youth.

Reposing at night is a sign of their intention to decamp;
In their sleeves they conceal ropes for tying down their howdahs.

عَارٌ عَلَى الْفَطِنِ الزَّكِيِّ طَعَامُهُمْ
ضَارٌ لِّخَلْقِ اللهِ مَاءُ شِنَانِهِمْ

لِلْمَرْءِ قُرْبُ الْمُؤْذِيَاتِ جَمِيْعِهَا
خَيْرٌ لِّحِفْظِ الدِّيْنِ مِنْ قُرْبَانِهِمْ

لَكَ كُلَّ يَوْمٍ رَبِّ! شَأْنٌ مُعْجِبٌ
فَانْصُرْ عِبَادَكَ رَبِّ! فِيْ مَيْدَانِهِمْ

نَقْنِى التَّضَرُّعَ وَالْبُكَاءَ تَصَبُّرًا
نَأْوِىْ اِلَى الرَّحْمَانِ مِنْ رُكْبَانِهِمْ

لِلّٰهِ سَهْمٌ لَا يَطِيْشُ اِذَا رَمٰى
لِلْحَقِّ سُلْطَانٌ عَلٰى سُلْطَانِهِمْ

أَنْزِلْ جُنُوْدَكَ يَا قَدِيْرُ لِنَصْرِنَا
إِنَّا لَقِيْنَا الْمَوْتَ مِنْ لُقْيَانِهِمْ

يَا رَبِّ قَدْ بَلَغَ الْقُلُوْبُ حَنَاجِرًا
يَا رَبِّ نَجِّ الْخَلْقَ مِنْ ثُعْبَانِهِمْ

ایک دانا پاک طبع پر عار ہے کہ ان کا کھانا کھاوے
اور خلق اللہ کے لئے ان پرانی مشکوں کا پانی مضر ہے

انسان کے لئے تمام موذی جانوروں کا قرب
اُن کے قرب سے اپنا دین بچانے کے لئے بہتر ہے

اے میرے رب ہر یک دن تیری عجیب شان ہے
سو تُو اپنے بندوں کی ان کے میدان میں مدد کر

ہم صبر کر کے تضرع اور رونے کو لازم پکڑتے ہیں
اور ان کے سواروں سے ہم خدائے تعالیٰ کی پناہ لیتے ہیں

خدا کا وہ تیر ہے کہ جب چھوٹا تو خطا نہیں جاتا
اور خدا کا قہر ان کے قہر پر غالب ہے

اے قادر ہمارے لئے اپنا لشکر اتار
اے قادر ہمارے لئے اپنا لشکر اتار

اے میرے رب دل حلق کو پہنچ گئے
اے میرے رب خلقت کو ان کے سانپ سے نجات دے

It is disgraceful for an intelligent, pious person to eat their food;
The water from their skins is harmful to God's creation.

Nearness to all other harmful things is better for a person,
Than nearness to them, for safeguarding the Faith.

Every day, my Lord! You reveal Yourself in a new and wondrous state;
So help your servants, my Lord! in their field!

With steadfastness we take to supplication and crying [before God];
We seek refuge with the Gracious God from their riders.

To Allah belongs an arrow which, when loosed, does not miss its mark;
To the True God belongs a power that exceeds their collective power.

O All-Powerful One! Cause your hosts to descend for our help!
[Or else] we shall meet with our death upon meeting these disbelievers.

O Lord! Our hearts have leapt into our throats;
Save mankind, O Lord, from their evil serpent!

اِنَّ الْقُلُوْبَ مِنَ الْكُرُوْبِ تَقَطَّعَتْ — فَارْحَمْ وَخَلِّصْ رُوْحَنَا مِنْ جَا نِّهِمْ

وَدَعِ الْعِدَا جَزَرَ السِّبَاعِ يَنُشْنَهُمْ — وَاشْفِ الْقُلُوْبَ بِخِزْيِهِمْ وَهَوَانِهِمْ

وأعجبَنى طريق المعترض الفتّان أنه لا يمتنع من الهذيان، ويهذى كمثل النشوان، ويقول إن عيسٰى هو الروح الذى يوجد ذكره فى جميع مقامات القرآن، وفى كتب أخرى التى هى من الله الرحمٰن، وما هو إلا من الكاذبين. فاعلموا يا معشر الطلّاب أنه يسعٰى إلى السراب ولا يخطو إلى الصواب، وإن فى كلامه دجل عجيب وتمويه غريب وكذب مبين. ألا يعلم أن الروح نزل على عيسٰى كما نزل على موسٰى ونبيّين آخرين؟ لِم يلبس الحق بالباطل كالدجّال الغالث؟ ألا يقرأ فى الإنجيل متّى الإصحاح الثالث وإذا السماوات قد انفتحت له، فرأى روحَ الله نازلةً مثل حمامة وآتيًا عليه ... ثم أُصعِدَ يسوع

دل بیقراریوں سے ٹکڑے ہو گئے — سو رحم کر اور ہماری جان کو ان کے دیو سے رہائی بخش

اور دشمنوں کو بھیڑیوں کی بکری بنا تا ان کو پکڑیں اور نوچ نوچ کر کھاویں — اور ہمارے دلوں کو ان کی رسوائی اور ذلت سے شفا بخش

اور اس فتنہ انگیز معترض کے طریق سے مَیں تعجب کرتا ہوں بکواس سے باز نہیں آتا اور شرابیوں کی طرح بکواس کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ عیسیٰ وہی روح ہے جس کا جابجا قرآن میں ذکر پایا جاتا ہے اور ایسا ہی دوسری کتابوں میں بھی ذکر پایا جاتا ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئی تھیں حالانکہ وہ اس دعویٰ میں سراسر جھوٹ بول رہا ہے۔ سو اے حق کے طالبو! یقیناً سمجھو کہ وہ صرف ریت کی چمک کی طرف دوڑتا ہے جس میں پانی نہیں اور حق کی طرف قدم نہیں رکھتا اور اس کی کلام میں ایک عجیب قسم کا دجل ہے اور دھوکا دہی اور کھلا کھلا جھوٹ ہے۔ کیا نہیں جانتا کہ روح جیسا کہ حضرت عیسیٰ پر نازل ہوا ایسا ہی حضرت موسیٰ پر نازل ہوا اور ایسا ہی دوسرے نبیوں پر۔ کیوں حق کے ساتھ جھوٹ ملاتا ہے جیسے کہ دجال اچھے کے ساتھ برے کو ملانے والے۔ کیا وہ انجیل متی کے تیسرے باب کو نہیں پڑھتا کہ یکدفعہ اس کے لئے آسمانوں کے دروازے کھل گئے سو اس نے خدا کی روح کو کبوتر کی

My heart is torn from sheer agony;
So have mercy and rescue me from their hosts.

Turn our enemies into the prey of lions who would gnaw at them;
And heal our hearts through their abasement and humiliation.

I am fascinated by the way of this mischievous objector, for he never ceases to utter nonsense, and prattles on like drunkards. He contends that all mentions of *ar-Rūḥ* [the Holy Spirit] throughout the Quran refer to Jesus, and that this is the case for other Divine Books of Allah, the Gracious. But he is a liar and nothing more. O ye seekers! Know that he does not approach truth, but rather, he hastens towards a mirage. His speech contains a strange sort of deception and a bizarre obfuscation and patent dishonesty. Does he not know that the Holy Spirit descended upon Jesus the same way it descended upon Moses and other Prophets? Why does he mix truth with falsehood like *Dajjāl* [the Antichrist], who deceives by confounding?

Has he not read in Chapter 3 of the Gospel of Matthew that when Jesus saw the heavens open up for him, he saw *Rūḥullāh* [the Holy Spirit] descend upon his own person in the form of a dove... then the Holy Spirit led Jesus to the desert, where he would be tempted by Satan the Accursed.[1] This proves that the Holy Spirit descended upon the Messiah the same way it

1. *See* Matthew 3:16 to 4:1. [Publisher]

إلى البرية من الروح ليجرَّب من الشيطان اللعين. فثبت أنّ روح القدس نـزل على المسيح كما نـزل على إبراهيم وإسماعيل الذبيح وغيره من المرسلين. فاتق ربَّ العباد وفكِّر لطلب السَّداد، مجتهدًا لتحصيل الرشاد، وتاركًا سبل الرقاد وجاهدًا، هل يكون النازل والمنـزَل عليه شيئا واحدا؟ كلّا بل لا بد من أن يكونا شيئين متغائرين، كما لا يخفى على ذى العينين، وعلى سائر العاقلين. فأىّ دليل أكبر من هذا لقوم منصفين، الذين ينثالون إلى الحق موجفين، ولا يتركون الصراط كعمين؟ وأىّ فرق فى الروح النازل على عيسٰى والروح الذى أُعطِىَ لموسٰى كليم رب العالمين؟ ألا تتفكرون يا معشر الظالمين وتسقطون على أراجيف الكاذبين؟ ألا تقرأون فى التوراة الإصحاح الحادى عشر ما قيل إنه قول أصدق القائلين، وهو أنّ الربّ قالَ لِمُوسٰى فأنـزلُ وأنا أتكلم معك، وآخذ من الروح الذى عليك وأضع عليهم، أَىْ على أكابر أمّته، وهم كانوا سبعين. وكذلك نـزل هذا الروح على جد عيسٰى ومُرشده داؤد ويحيى وغيرهما من النبيين. ولا حاجة إلى أن نطوّل الكلام ونضيع الأوقات ونـزيد الخصام، فإن الخواص من النصارىٰ والعوام يعرفونه وما كانوا منكرين. فلم لا تَستشفّ أيها الجهول والغبى المعذول فى كتب

طرح اترتے اور اپنے پر آتے دیکھا۔ پھر یسوع روح سے جنگل کی طرف چلا گیا تا شیطان سے آزمایا جاوے۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ روح القدس مسیح پر ایسا ہی نازل ہوا جیسا کہ ابراہیم اور اسمٰعیل اور دوسرے نبیوں پر سو خدا سے ڈر اور حق الامر کے ڈھونڈھنے کی فکر کر مگر اس فکر میں کوشش کر اور نیند کی راہوں سے الگ ہو کیا نازل اور منزل علیہ ایک ہی چیز ہو سکتے ہیں بلکہ یہ بات ضروری ہے کہ وہ دو متغائر چیزیں ہیں جیسا کہ عقلمندوں پر پوشیدہ نہیں۔ پس منصفوں کے لئے اس سے بڑھ کر اور کونسی دلیل ہو گی وہ منصف جو حق کی طرف متوجہ ہو کر دوڑتے ہیں اور راہ کو اندھوں کی طرح نہیں چھوڑتے اور کونسا فرق ان دو روحوں میں ہے جو حضرت عیسیٰ اور حضرت موسیٰ پر نازل ہوئیں اے ظالمو! کیا تم کچھ بھی فکر نہیں کرتے اور جھوٹوں کی خبروں پر گرے جاتے ہو۔ کیا تم تورات کے گیارہویں باب میں وہ کلام نہیں پڑھتے جس میں کہا گیا ہے کہ اس خدا کا کلام ہے جو اپنی باتوں میں سب سے بڑھ کر سچا ہے اور وہ یہ ہے کہ رب نے موسیٰ کو کہا کہ میں اتروں گا اور تجھ سے کلام کروں گا اور اس روح میں سے لوں گا جو تجھ پر ہے اور ان پر ڈالوں گا یعنی بنی اسرائیل کے اکابر پر جو ستر آدمی تھے۔ اور اسی طرح روح حضرت عیسےٰ کے دادے اور اس کے مرشد یحییٰ پر بھی نازل ہوئی اور ایسا ہی دوسرے نبیوں پر۔ اور کچھ ضرورت نہیں کہ ہم اس کلام کو طول دیں اور وقت کو ضائع کریں اور جھگڑے کو بڑھاویں کیونکہ نصاریٰ ان تمام باتوں کو جانتے ہیں اور منکر نہیں ہیں۔ پس اے نادان کیوں اپنی نظر کو پہلی کتابوں میں عمیق حد تک نہیں پہنچاتا اور کیوں نصیحت کو قبول نہیں کرتا اور صحیح عقیدے کا دشمن ہو رہا ہے اور ہدایت کی راہ پر نہیں آتا۔ ہم تجھے ایک شہد پیاس بجھانے والا دیتے ہیں اور تو ایک تیز زہر کی طرف دوڑتا ہے تا اس کو پی لے کیا تیرا مرنے کا ارادہ ہے۔

اور یہ جو تو نے خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ قرآن میں مسیح کا نام روح من اللہ رکھتا ہے اور اس کا نام بشر نہیں

descended upon Abraham, Ishmael the Sacrificed, and others from among the Messengers. So fear the Lord of mankind and concern yourself with finding the right path. Strive to attain true guidance, renounce the ways of slumber, and exert great effort!

Can *an-nāzil* [that which descends] be the same as *munzal ʻalaih* [that upon which it descends]? Nay, there is no doubt that they are two distinct things, which is apparent to everyone who can see and all reasonable people. What greater proof can there be for a fair-minded people who hasten eagerly towards the truth and do not, like the blind, forsake the right path? What difference is there between the Spirit that descended upon Jesus and the Spirit that came to Moses, who is *Kalīmu Rabbil ʻĀlamīn*?[1] Do you not ponder carefully—O unjust ones!—falling, instead, for the false accounts of liars? Have you not read what is written in Chapter 11 of the Torah? Verily it is the word of the Most Truthful of those who speak. And that is: The Lord said unto Moses, 'I will come down to you and talk with you there. And I will take the Spirit which is upon you, and will place it upon them,' i.e. over the elders of the Children of Israel, and they were seventy in number.[2] Likewise, the same Spirit descended upon Jesus' forefathers as well as his spiritual guide—David [Dāwūd] and John [Yaḥyā], respectively—and upon others from among the Prophets.

There is no need to belabour the point, waste more time, and elongate the argument, for the elect and the laymen alike from among the Christians know this and do not deny any of it. O foolish one who is both unwise and censurable! Why do you not look carefully at the Books of earlier nations? Why do

1. Prophet Moses[as] is known as *Kalīmu Rabbil ʻĀlamīn* and *Kalīmullāh,* meaning the one who speaks with God. [Publisher]

2. *See* Numbers 11:16–17. [Publisher]

الأولين؟ ولم لا تقبل النصيحة، وتعادى العقيدة الصحيحة، ولا تكون من المسترشدين؟ نعطيك شهدًا يَنْقَع، وتعدو إلى سمّ مُنقَع، أتريد أن تكون من الهالكين؟

وأمّا ما ظننتَ أن الله يسمّى المسيح فى القرآن روحًا من الله الرحمٰن، ولا يسميه بشرًا ومن نوع الإنسان، فأعجبنى أنكم لم لا تأنفون من البهتان، ولم لا تستحيون من خرافات وتنضنضون نضنضة الثعبان، وما كنتم منتهين. وتميسون كالسكارىٰ وجدانًا ووجدًا، ولا ترون غَورًا ولا نَجدًا، ولا تخافون هوّة السّافلين. أجعلتم قرّة عيونكم ومسرّة قلوبكم فى الأكاذيب، وطبتم نفسًا بإلغاء طلب الحق وإلقاء حبل الله القريب، وكنتم قوما عادين؟ ويل لكم. إنكم سقطم على دِمَنَة، وأعرضتم عن روضة، بل تركتم شجراء ـ وآثرتم مَرَداءَ، ونـزلتم عن متن الركوبة، واخترتم طريق الصعوبة، وقفوتم أثر المبطلين.

وإن كنتم تظنون أن القرآن صدّق قولكم وأعان، وقال فى شأن عيسى ورُوحٌ منه وقبل أنه خرَج مِن لدنه، فما هذا إلا جهل صريح ووهم قبيح وخطأ مبين. ثم إن فُرِضَ أن قوله تعالى ورُوحٌ منه يزيد شأنَ ابن مريم، ويجعله ابن الله وأعلى وأكرم، فيجب أن يكون مقام آدم أرفع منه وأعظم، ويكون

رکھتا اور منجملہ نوع انسان اس کو قرار نہیں دیتا سو مجھے تعجب ہے کہ تم لوگ کیوں بہتان سے کراہت نہیں کرتے اور خرافات بکنے کے وقت تمہیں کیوں شرم نہیں آتی اور اژدہا کی طرح زبان ہلاتے ہو اور باز نہیں آتے اور تم مارے غصہ اور غم کے ایسے چلتے ہو جیسا کہ ایک مست چلتا ہے اور نشیب و فراز کو کچھ بھی نہیں دیکھتے اور گڑھے میں گرنے سے نہیں ڈرتے۔ کیا جھوٹ بولنے میں ہی تمہاری آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی خوشی ہے اور تم اس بات پر خوش ہو گئے کہ حق کو چھوڑ دو اور خدا کے رسہ کو جو بہت نزدیک ہے پھینک دو۔ تم پر افسوس کہ تم ایک مزبلہ پر گرے اور باغ سے کنارہ کیا بلکہ تم نے درختوں والی زمین کو چھوڑا اور ویران بے درخت زمین کو اختیار کیا اور سواری سے تم اتر بیٹھے اور خرابی اور سختی کا راہ اختیار کر لیا اور باطل پرستوں کے پیچھے لگ گئے۔

اور اگر تمہیں یہ گمان ہے کہ قرآن تمہارے قول کی تصدیق کرتا اور تمہیں مدد دیتا ہے اور عیسیٰ کے بارہ میں کہا ہے کہ وہ اس سے روح ہے اور اس بات کو قبول کر لیا ہے کہ وہ اس سے نکلا ہے تو یہ خیال تمہارا صریح جہل اور مکروہ وہم ہے اور کھلا کھلا خطا ہے۔ پھر اگر ہم فرض کر لیں کہ روح منہ کا لفظ حضرت عیسیٰ کی شان بڑھاتا ہے اور اس کو ابن اللہ اور بلند تر ٹھہراتا ہے سو اس سے لازم آتا ہے کہ حضرت آدم کا مقام حضرت مسیح سے زیادہ بلند ہو اور پہلا بیٹا خدا تعالیٰ کا حضرت آدم ہی ہو۔ کیونکہ حضرت آدم کی شان میں حضرت عیسیٰ کی نسبت زیادہ تعریف بیان کی گئی ہے سو عقلمندوں کی طرح لفظ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ میں غور کر اور پھر اس لفظ میں غور کر جو خلقت بیدی اور سوّیتہ اور نفخت فیہ من روحی ہے اور دوسرے لفظوں کو بھی سوچ تا کہ تیرے پر حضرت آدم کی شان اعلیٰ ظاہر ہو کیونکہ منطوق آیت کا دلالت کرتا ہے کہ روح اللہ آدم میں اترا تھا اور وہ اترنا بہت روشن تھا یہاں تک کہ آدم ملائکہ کا سجدہ گاہ ٹھہرا اور تجلیات عظمیٰ کا مظہر بنا اور خدائے غنی سے بہت قریب ہوا اور افضل ٹھہرا۔

you not accept my counsel? And why do you oppose the true beliefs? And why do you not join those who are guided along the right path? I give you thirst-quenching honey but you run towards life-threatening poison—is it you wish to perish?

As for this notion of yours—that in the Holy Quran, Allah names Jesus 'a *rūḥ* [spirit]' from the Gracious God, but nowhere does He call him a man or declare him to be from among mankind—I am astonished by you: Why is it that you do not despise brazen lies, and how are you not ashamed of telling tall tales. You flick your tongue menacingly like a snake, and you do not relent. Angry and anxious, you stumble about like a drunkard—seeing neither peak nor valley—and you fear not [becoming] the lowest of the low. Have you placed the delight of your eyes and the happiness of your hearts in lies? And do you content yourselves with abandoning the search for truth and casting away the rope of Allah even though it is near to you? Have you become a hostile people? Woe to you! You have turned away from a garden and fallen into a cesspit. Indeed, you have forsaken a verdant forest in favour of a desert. You left the carriage of truth and adopted the path of hardship and followed the ways of liars.

If you think that the Quran confirms and supports your assertion—and says, with respect to Jesus, that he is the *Rūḥ* from God, and accepts that he originated from the Being of God Himself—then such a thought is nothing but patent ignorance, vile illusion, and manifest error. Then, if it is supposed that the word of the Exalted God رُوحٌ مِّنْهُ [*Rūḥun minhu*][1] increases the status of the Son of Mary, and makes him the Son of God and more exalted and more respected, then it follows that the status of Adam must be higher and greater than that of Jesus.

1. A mercy from Him. (*Sūrah an-Nisā',* 4:172) [Publisher]

آدم أول أبناء ربّ العالمين؛ فإن فی شأن آدم بيان أكبر من شأن عيسٰی، فتفكّر فی آية فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ[1] وتدبَّر كأولی النهی، وفكِّر فی لفظ خلقتُ بيدی ولفظ سَوَّيْتُهٗ وَ نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِیْ[2] وألفاظ أخری، ليظهَر عليك جلالةُ آدم وشأنه الأعلی. فإن منطوق الآية يدل على أن روح الله نـزل فی آدم بنـزول أجلی، حتّٰی جعله مسجودَ الملائكة ومظهرَ تجلّياتٍ وأقربَ إلى الله الأغنی، وأعلمَ وأفضلَ من الملائكة أجمعين، وخليفةَ الله على الأرضين. وأما الآية التی نـزلت فی شأن عيسی فما تجعله أرفع وأعلی ولا أصفٰی وأزكٰی، بل يثبت منه أن عيسٰی روحٌ من الله وعبدُه العاجز كأشياء أخریٰ ومن المخلوقين. ما سجَده إبليس، بل أمره أن يسجد له، ومع ذلك جرّبه ذلك الخبيث، وسجد لآدم الملائكة كلّهم أجمعين. وإنّ آدم أنبأ الملائكةَ بأسماء سائر الأشياء، فثبت أنه أعلم وسِرُّه محيط على الأرض والسماء، ولكن عيسی أقرّ بأنه لا يعلم الساعة، وأشار إلى أن الملائكة قد فاقوه علمًا وأكملوا

---

۱. الحجر: ۳۰ الناشر

۲. الحجر: ۳۰ الناشر

اور خدا تعالیٰ کا خلیفہ بنا مگر وہ آیت جو حضرت عیسیٰ کی شان میں نازل ہوئی ہے سو وہ اس کو کچھ بہت اونچا نہیں بناتی اور نہ زیادہ پاک اور صاف بناتی ہے بلکہ اس سے تو صرف اس قدر ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک روح ہیں جیسا کہ دوسری چیزیں خدا تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور ثابت ہوتا ہے کہ وہ مخلوق ہے شیطان نے اس کو سجدہ نہ کیا بلکہ چاہا کہ وہ شیطان کو سجدہ کرے اور اس کا امتحان لیا اور آدم کو تمام فرشتوں نے سجدہ کیا اور آدم نے فرشتوں کو تمام چیزوں کے نام بتلائے پس ثابت ہوا کہ وہ ان سے زیادہ عالم تھا اور اس کا سر تمام کائنات پر محیط تھا مگر حضرت عیسیٰ نے تو اقرار کیا کہ اس کو قیامت کا علم نہیں کہ کب آئے گی اور یہ بھی اشارہ کیا کہ ملائک اس سے علم اور طاعت میں افضل ہیں سو اس بات کو سوچو اور اندھوں کی طرح مت چلو پھر اگر تو غور سے دیکھے اور واقعات موجودہ میں غور کرے تو تیرے پر ظاہر ہو گا کہ اللہ جلّ شانہٗ کا یہ قول کہ روح منہ ایسا ہی قول ہے جیسا کہ اس کا دوسرا قول سو بڑی نادانی کی بات ہے کہ رُوْحٌ مِّنْهُ کے لفظ سے حضرت عیسیٰ کی خدائی تو ثابت کرے اور جَمِيْعًا مِّنْهُ کے لفظ سے کتوں اور بلیوں اور سؤروں اور دوسری تمام چیزوں کی خدائی کا اقرار نہ کرے کیونکہ منطوق آیت کا دلالت کر رہا ہے کہ ہر یک چیز جَمِيْعًا مِّنْهُ میں داخل ہے یعنی تمام ارواح وغیرہ خدا سے ہی نکلے ہیں پس اب ندامت سے مر جا اگر کچھ شرم ہے اور اے نصرانی لوگو! اس میں غور کرو کیا تم میں کوئی بھی غور کرنے والا نہیں ہے اور کبھی ممکن نہیں جو تو ہمارا جواب دے سکے اگرچہ اسی فکر میں مر جائے کیونکہ جھوٹا آدمی ایک گیند کی طرح گردش میں ہوتا ہے اور سچوں کے سامنے اس کو قرار نہیں۔

اور اس بخیل خیانت پیشہ کے اعتراضات میں سے ایک یہ ہے جو وہ اپنی کتاب توزین میں جو شیاطین کا آشیانہ ہے یہ لکھتا ہے

Adam would be the first of the sons of the Lord of all the worlds; indeed there is greater discussion of Adam's status than that of Jesus. Ponder over the verse فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ [fall ye down in submission to him (i.e. Adam)].[1] Reflect like the people of understanding and ponder over the words خَلَقْتُ بِيَدَيَّ [I had created (Adam) with My two hands][2] and سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ [I have fashioned him *in perfection* and have breathed into him of My Spirit],[3] and other statements, too, which make the glory of Adam and his lofty status clear to you. The above-mentioned verse indicates that the Spirit of Allah descended into Adam, and that this was a more luminous descent, so much so that Adam was made: worthy of prostration by the angels; the manifestation of His splendours; very near to Allah the Self-Sufficient; more knowledgeable and greater than all the angels; and *Khalīfatullāh* [the vicegerent of Allah] on earth.

In contrast, the verse that was revealed about Jesus did not make him higher and loftier in status nor purer [than all others]; rather, it merely established that Jesus was *Rūḥun minallāh* [a mercy from Allah] and a helpless servant—like other things and from among God's created beings. Iblīs did not prostrate before Jesus, but instead he called upon Jesus to prostrate before him. What's more, that Evil One put Jesus to a test, whereas all the angels of God submitted to Adam altogether. Further, Adam taught the angels the names of all things. This proves that he was more knowledgeable and that his secret encompassed heaven and earth. Jesus, on the other hand, conceded that he did not know when the Hour [of Judgement Day] would come; and he also indicated that the angels were greater than him in knowledge, and more perfect in their fear

1. *Sūrah al-Ḥijr,* 15:30 [Publisher]
2. *Sūrah Ṣād,* 38:76 [Publisher]
3. *Sūrah al-Ḥijr,* 15:30 [Publisher]

الخوف والطاعة، فتفكروا فى هذا ولا تمشوا كقوم عمين. ثم إذا دقّقتَ النظر اوأمعنت فيما حضر، فيظهر عليك أن قوله تعالى رُوحٌ منه يشابه قوله تعالى جميعًا منه، فمن الغباوة أن تُثبِت من لفظ رُوحٌ مِنهُ ألوهيةَ عيسى، ولا تُقِرّ من لفظ جميعًا منه بألوهية أرواح الكلاب والقردة والخنازير وأشياء أخرى، فإن منطوق الآية يشهد على أنها جميعا منه، فمُتْ من الندامة إن كنت من المستحيين وتفكروا يا معشر النصارىٰ أليس فيكم رجل من المتفكرين؟ وليس لك أن ترفع فى جوابنا الصوتَ وأن تلاقى من فكرك الموتَ، فإن مثل الكاذب كخُذْروفٍ مُدَحرَجٍ ولا قرار له عند الصادقين.

ومن اعتراضات هذا الخائن الضنين أنه ذكر فى توزينه الذى هو عُشُّ الشياطين، أن وحى القرآن كان من الشيطان، وما كان من الرّوح الأمين، وأَوَّلَ لفظَ شَديدُ الْقُوَى ولفظ ذُو مِرَّة بالخُبث واتّباع الهوى وبتأويلات بعيدة ومكائد عُظمٰى، وآذى قلوب المؤمنين، وكذلك ترَك الحياء، ووَدَّعَ الازعِواء، وحسِب أفضلَ الرسل كالمجنون، وتباعدَ عن الحق تباعُدَ الضبّ من النون، وعادَى المصلحين اللامّين. واعترض على فصاحة صحف الله القرآن وبلاغة حبل الله الفرقان، ظلمًا وزورًا،

کہ وحی قرآن شیطان کی طرف سے تھی اور روح الامین کی طرف سے نہیں تھی اور شَدِيْدُ الْقُوٰى اور ذُوْ مِرَّةٍ کے لفظ کی اس نے ہوا پرستی کی وجہ سے تاویل کی ہے اور تاویلات بعیدہ اور فریبوں سے کچھ کا کچھ بنایا ہے اور مومنوں کے دل کو دکھ دیا ہے۔ اسی طرح اس نے حیا کو ترک کیا اور شرم کو رخصت کیا اور افضل الرسل کی نسبت یہ گمان کیا کہ نعوذ باللہ ان کو جنّ کا آسیب تھا۔ اور حق سے ایسا دور جا پڑا جیسا کہ سوسمار جو خشک زمین میں رہتی ہے مچھلی سے جو پانی میں رہتی ہے دور رہتی ہے اور نیک کاموں کے حامی مصلحوں کی دشمنی اختیار کی اور قرآن شریف کی بلاغت فصاحت پر اعتراض کیا تا ان باتوں سے ایک ہلاک شدہ قوم کو خوش کرے حالانکہ یہ شخص جاہل اور اندھوں کی طرح ہے اور بخدا یہ شخص سراسر نادان اور زبان عرب سے کچھ بھی واقف نہیں اور سوا زبان درازی کے اس میں کچھ بھی جوہر نہیں اس لئے اس کی کتابوں میں بغیر گالیاں اور بکواس کے اور کچھ بھی نہیں اور یہ تو اس سے نہ ہو سکا کہ حق کو پوشیدہ اور اس میں کچھ نقص ثابت کرے پس وہ لاچار ہو کر دشمنوں کی طرح توہین کی طرف دوڑا اور ہم نے کوئی ایسی کتاب نہیں پڑھی جو اس کی کتاب سے زیادہ غصہ دلانے والی ہو اور نہ کوئی سیلاب دیکھا جو اس کے جھوٹ سے زیادہ ہو اور اس کی گالیوں جیسی کسی کی گالیاں نہیں سنیں اور اس کے فریبوں جیسا کسی میں فریب نہ دیکھا۔ پس اس کے فتنہ سے ہم خدا تعالیٰ کی طرف پناہ لے جاتے ہیں اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے اور اس شخص کی بلاؤں سے ہم اس کی پناہ مانگتے ہیں اور اس کی بدیوں سے ہم اس کی طرف شکوہ لے جاتے ہیں اور ہم نہیں دیکھتے کہ یہ شخص بغیر کسی داغ کے اپنی گمراہی سے باز آجائے۔ اور مفسدوں کی یہی خصلت ہوا کرتی ہے۔

of God and obedience to Him. Reflect, therefore, on this and do not walk about like a blind people.

Then, if you look carefully and concentrate fully on what came to pass, it will become clear to you that the words of the Exalted God, رُوْحٌ مِّنْهُ [*Rūḥun minhu*—a mercy from Him],[1] are similar to His words جَمِيْعًا مِّنْهُ [*Jamīʿan minhu*—all this is from Him].[2] As such, it would be foolish to presume that Jesus is Divine from the term رُوْحٌ مِّنْهُ [*Rūḥun minhu*] but then not take جَمِيْعًا مِّنْهُ [*Jamiʿan minhu*] to affirm the divinity of the spirits of dogs, cats, pigs, and other creatures, for the verse I have referred to attests that all these are also *minhu* [i.e. from God]. So let he who possesses any shame die of remorse. Ponder, O Christians! Is there no one among you given to reflection? You will not be able to raise your voice in response to me, and you will meet death due to your thinking; for the parable of a liar is that of a spinning top that is unable to stop when in the presence of the truthful.

One criticism of this miserly turncoat [Padre ʻImād-ud-Dīn] which he mentions in his book *Tauzīn*—a book that is the nest of Satan—is that the revelation of the Holy Quran came from Satan, not from the Spirit [that is] Faithful to the Trust. Out of wickedness and adherence to evil inclinations, he set forth the meaning of the words شَدِيْدُ الْقُوٰى [*Shadīdul-quwā*] and ذُوْ مِرَّةٍ [*Dhū mirrah*][3] with far-fetched interpretations and great machinations. In doing so, he pained the hearts of the believers. Likewise, he abandoned the principles of modesty

1. *Sūrah an-Nisāʾ,* 4:172 [Publisher]
2. The full verse reads: 'And He has subjugated to you whatsoever is in the heavens and whatsoever is in the earth: all *this* is from Him. In that surely are Signs for a people who reflect' (*Sūrah al-Jāthiyah,* 45:14). [Publisher]
3. The relevant verses read: 'It [the Holy Quran] is nothing but *pure* revelation *that has been* revealed *by God. The Lord* of mighty powers [شَدِيْدُ الْقُوٰى] has taught him, of Great Might [ذُوْ مِرَّةٍ]. Who then settled *upon His Throne'* (*Sūrah an-Najm,* 53:5–7). [Publisher]

ليرضى قومًا بورًا، مع أنه كان من الجاهلين العمين. ووالله إنه جهول لا يعلم لسان العرب وطرق بيانه، وليس فيه جوهر سوى حصائد لسانه، ولأجل ذلك لا يوجد فى كتبه شىء من غير سبّه وهذيانه، وما وسِعه كتمانُ الحق وتخطئةُ الأَولى الأحقِّ، فعدا كالعِدا إلى التوهين. وما قرأنا كتابًا أغيَظَ من كتبه، وما رأينا عُبابًا أكثرَ مِن عَبَبِ كذبه، وما سمعنا سبًّا أكبر من سبّه، ولا خَبًّا كخبِّه، فنأوى إلى الله مِن جُبِّه وهو خير الناصرين. ونعوذ به من غوائله، ونشكو إليه من رذائله، وما نرى أن ينـزع عن الغى بغير الكىّ، وكذلك كانت سِير المفسدين.

وقد صدق فيه أخوه الحَفِىُّ والودود الولىُّ، القسيس رجب على، قال قد صنّف أخونا عماد الدين كتبًا فى ردّ الإسلام، وأشاع دلائل التثليث فى الخواص والعوام، فبما كانت دلائله مجموعة الأباطيل بعيدة من تنقيد الدليل، ندِمنا غاية الندامة، وصِرنا هدف الملامة، وما وسِعنا بعدها استحياءً أن نُرِىَ وجوهَنا المسلمين. ☆

اور اس کے بارے میں اس کے بھائی مہربان اور دوست پادری رجب علی نے سچ کہا ہے چنانچہ اس کا قول ہے کہ جب سے ہمارا بھائی عماد الدین اسلام کے رد میں کتابیں تالیف کرنے لگا اور تثلیث کے دلائل شائع کئے سو اس سبب سے کہ وہ دلائل مجموعہ اباطیل تھے اور ان میں کوئی بھی سچی دلیل نہیں تھی ہمیں بہت ہی شرمندہ ہونا پڑا اور ہم ملامت کے نشانہ ٹھہر گئے اور بعد اس کے ہم مارے شرم کے ایسے ہو گئے کہ اس قابل نہ رہے کہ مسلمانوں کو اپنا منہ دکھا سکیں۔ ا ☆

ا. ☆ حاشیہ دیکھو صفحہ ۲۳۴

and forsook remorse, and deemed the Best of Messengers to be like the insane. He became as far removed from the truth as the desert lizard is from the ocean whale, and spurned those who reform and admonish. Moreover, he criticized the eloquence of the Book of Allah, the Quran, and the rhetoric of the Rope of Allah, the *Furqān,* and did so unjustly and dishonestly, only to please [spiritually] ruined people, even though he himself is ignorant and blind.

By God, this man is ignorant and does not know the language of the Arabs and the ways of its expression; and he possesses nothing of its substance besides abusive epithets. For this reason, there is nothing in his books apart from insults and nonsense. He was utterly incapable of concealing the truth or finding fault with it, so he resorted to levelling insults like those who oppose us with great enmity. I have not read a book that provokes my ire more than his books, and I have not seen a flood greater than the flood of his lies. I have not heard vile language worse than his invectives, and there is no imposture like his imposture. So I seek Allah's protection from his mischief and He is the Best of Helpers. I seek refuge with God from his calamities and complain to Him about his vices. I do not foresee him relenting from his transgressions without being branded—and this indeed is the way of those who create disorder.

Reverend Rajab Ali, who is his generous brother and earnest friend, has confirmed this about him. He stated: 'Our brother 'Imād-ud-Dīn wrote books in refutation of Islam and published proofs of the Trinity among the elite and commoners. But because his arguments were a compilation of lies and far from accurate evidence, we came to feel an extreme sense of remorse, and became the object of ridicule. After this, we were so ashamed that we were unable to show our faces before the Muslims.'[1☆]

1. ☆ *See* Footnote on p. 235. [Publisher]

الحاشیہ متعلق صفحۃ ☆۱۰۵ نور الحق الحصّۃ الأُولیٰ

و انّا نرٰی ان نکتب ھٰھنا بعض المقالات اھل الاٰراء واٰراء اھل الدھاء فی تصانیف عماد الدّین فنکتبھا بعباراتھم الاصلیۃ فی اللسان الھندیۃ اعنی اُردو ناقلین من رسالۃ عقوبۃ الضالین المطبوعۃ فی نصرۃ المطابع دھلی فی ردّ ھدایۃ المسلمین وھو ھٰذا یا معشر المنصفین۔

اور ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ اس جگہ بعض اہل الرائے کے وہ کلمات لکھیں جو انہوں نے پادری عماد الدین کی تصانیف کے بارے میں تحریر فرمائے ہیں سو ہم انہیں کی عبارات نقل کر دیتے ہیں جو رسالہ عقوبۃ الضالین مطبوعہ نصرۃ المطابع دہلی میں درج ہیں اور عقوبۃ الضالین وہ رسالہ ہے جو ایک صاحب نے ردّ ہدایت المسلمین میں لکھا ہے اور وہ یہ ہے:۔

رائے ہندو پرکاش امرتسر و آفتاب پنجاب لاہور کہ ان دونوں اخباروں کے مالک اہل ہنود ہیں

چونکہ پادری عماد الدین صاحب امرتسر میں پادری کا کام کرتے ہیں وہیں کے اخبار ہندو پرکاش جلد ۲ نمبر ۴ مطبوعہ ۱۲۔ اکتوبر ۱۸۷۴ء صفحہ ۱۰ و ۱۱ میں جو امرت سر کے اہل ہنود کی طرف سے جاری ہے لکھا ہے کہ کیا پادری عماد الدین کی تصنیفات تاریخ محمدی وغیرہ (وغیرہ سے مراد ہدایۃ المسلمین) کچھ اُس کتاب سے شورش انگیزی میں کم تر تھیں کہ جس نے بمبئی کے مسلمانوں اور پارسیوں کے صدہا سالہ اتفاق اور محبت کو نفاق اور عداوت سے مبدل کر دیا اور دونوں کو یکلخت ہلاکت کا منہ دکھایا یہاں پادری صاحب کی تصانیف یعنی تاریخ محمدیؐ اور ہدایۃ المسلمین اور تفسیر مکاشفات امن عامہ کی خلل اندازی میں کس لئے ناکام رہیں پنجابی مسلمان مفلس کم ہمت اور اکثر جاہل ہیں یا وہ اُن کو سمجھتے نہیں اور صرف مسلمانوں کا انگریزی گورنمنٹ سے دل پھاڑنے کی علت غائی پر تصنیف کی گئی ہیں۔ اگر بفرض محال وہ سارے الزامات سچے بھی سمجھے جاویں تاہم بے چارے پادری صاحب کے کام تعزیرات ہند کی دفعہ ۴۹۴ کے اعتراض سے محفوظ نہیں کیونکہ اس میں ہر ایسے فعل کا رفاہ عامہ کی نیت سے ہونا مستثنیٰ کے لئے مشروط ہے۔ مندرجہ بالا فقرے ہم نے اخبار آفتاب پنجاب جلد ۲ نمبر ۳۹ سے انتخاب کئے ہیں جس بنا پر اخبار مذکور کے ایڈیٹر صاحب نے وہ تمام مضمون لکھا ہے ہم اس سے صرف مقتبس فقروں کی نسبت اپنا اتفاق ظاہر کرتے ہیں اور جو شکایت صاحب موصوف پادری عماد الدین کی تصنیفات کے بارہ میں کرتے ہیں بلحاظ ملکی مصلحتوں کے ہم اتنا زیادہ کہتے ہیں کہ اس کی تصنیفات سے جس کا حوالہ اوپر درج ہے بلاشبہ ملکی امن میں خلل پڑ سکتا ہے اور وہ کچھ عجیب ڈھنگ سے مرتب ہوئی ہیں کہ جن کو فی الجملہ شرارت انگیز بلکہ شر ریز کہنا ذرا بھی غیر حق بات نہیں۔ ایسے ایسے ملکی شور و شر کے حق میں جو اس قسم کی کتابوں سے پیدا ہوتا ہے بقول وقائع نگار موصوف کے سرکار کی طرف سے مناسب انتظام لابد ہے۔ ہم بتلا سکتے ہیں کہ دانشمند گورنمنٹ نے اس طرح کے معاملات میں دخل دیا ہے۔ چنانچہ اسی ہندوستان کے اندر لارڈ ولزلے صاحب سابق گورنر جنرل نے ۱۷۹۸ء میں ہندوؤں کی رسم جل پَروا کو حکماً بند کر دیا اور ۱۸۲۷ء کے اندر لارڈ ولیم بنٹنگ صاحب گورنر جنرل نے ستی کی قدیم رسم کو قانون مرتب کر کے موقوف کروا دیا۔ گورنمنٹ اس بات کو معلوم کر لے کہ کیوں ہندوستان کے مسیحی مصنفوں میں

☆ دیکھو صفحہ ۲۳۲

Footnote Related to p. 105[1☆] of *The Light of Truth,* Part I

We deem it appropriate here to quote from a few newspaper articles written by learned and astute commentators about the publications of ʻImād-ud-Dīn. I will transcribe them in their original form in the Indian language, by which I mean Urdu, copied from the publication *ʻUqūbāt-uḍ-Ḍāllīn,* printed at Nusrat Press in Delhi, in response to the publication *Hidāyatul-Muslimīn*. These are as follows, O fair-minded ones.

Excerpt from Uqūbāt-uḍ-Ḍāllīn

Opinions of the newspapers *Hindu Prakāsh* and *Aftāb-e-Punjāb,* Lahore; the current proprietors of both these papers are Hindus.

Reverend ʻImād-ud-Dīn carries out the duties of a pastor in Amritsar. Accordingly, a newspaper of Amritsar, *Hindu Prakāsh*—vol. 2, no. 4, printed 12 October 1874, pages 10–11, which is published by the Hindus of Amritsar—says the following:

Hindu Prakāsh quoting Āftāb-e-Punjāb

> Reverend ʻImād-ud-Dīn's publications *Tārikh-e-Muḥammadī* etc. ('etc.' being a reference to his book, *Hidāyatul-Muslimīn*) are no less a source of agitation than that book which turned the unity and love between the Muslims and Parsis of Mumbai, which had existed for hundreds of years, into discord and enmity, and brought both to the brink of destruction. But why did the books of the Reverend, i.e. *Tārikh-e-Muḥammadī, Hidāyatul-Muslimīn,* and *Tafsīr Mukāshifāt,* fail to create social unrest here? [It is because] the Muslims of the Punjab are poor, weak, and mostly uneducated, or they simply do not understand these books, and the real reason they were written was only to create a rift between the Muslims and the British government. For argument's sake, let us suppose that all his allegations are true: even then, we would not consider the Reverend's work immune to censure under Article 494 of the Indian Penal Code. This is because under this article, every such action [i.e. the writing of such books] must be done with the intent to promote the public good in order to be exempt from prosecution.

